ہومیوپیتھک ابزرویشنز
کلینیکل ٹپس I
مصنف:
ہومیوپیتھک ڈاکٹر عبدالوہاب
سٹاکسٹ:- انصاری انک ہاؤس
عزیز مارکیٹ -17- اُردو بازار، لاہور

مصنف	ڈاکٹر عبدالوہاب
تعداد طبع اول	ایک ہزار
قیمت	40 روپے

Rs 95.00

30/ Nett

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حرف اول

کسی کتاب کا دیباچہ لکھنا بہت بڑی ذمہ داری کا کام ہوتا ہے۔ دوسروں کی کتابوں کے لئے دیباچے لکھنے والے شائقین نے ایسی ایسی" چبلیں " ماری ہیں کہ انھیں بالوں سے پکڑ کر گلیوں میں گھسیٹا جا سکتا ہے۔ دیباچے لکھنے کے شوقین یہ اعزاز لینے کی خاطر یا تو سانپ کی طرح کتاب کے مصنف کو ڈس لیتے ہیں اور آپ جانتے ہیں کہ سانپ کے کاٹے کا درد کم اور نشہ زیادہ ہوتا ہے۔ اور مصنف کو پتہ تب چلتا ہے جب سارے جسم پر " نیل " پڑ جاتے ہیں اور Saffocation ہونے لگتی ہے۔ اور یا میراثی بن جاتے ہیں " اللہ دی یاری، باگ ساوے، وسدا رہوے پروار، بڑی زبردست کتاب اے "

میں تین ماہ مسلسل سوچتا رہا کہ ڈاکٹر عبدالوہاب صاحب کی فرمائش پوری کروں یا انکار کر دوں لیکن انکار کی جرات نہیں ہو سکی اور آج 10 اپریل 1995 کی صبح ساڑھے سات بجے حرف اول لکھنے بیٹھ گیا ہوں۔ مزے کی بات یہ ہے کہ مجھے یہ بھی علم نہیں کہ حرف اول اور دیباچے میں کیا فرق ہوتا ہے۔ چونکہ میں کتاب سے پورے طور پر انصاف نہیں کر سکتا اس لئے یہ " حرف اول " حرف اول کم اور مذاق زیادہ ہو گا۔ مجھے آپ پیرانائیڈ کا مریض کہہ لیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ میں نے 40 سالوں میں جو کچھ بھی سیکھا ہے وہ یا تو عقل مند فطرت سے سیکھا ہے اور یا بے وقوف انسانوں سے، کیونکہ میں نے 40 سالوں میں عقل مند ایک بھی نہیں دیکھا۔ اب جو بے وقوفیاں حرف اول میں میں کروں گا ممکن ہے کہ آپ یا آپ میں سے " چند ایک " میری بے وقوفیوں سے کچھ سیکھ لیں۔ ویسے اکثر چند ایک ہی سیکھتے ہیں اور کچھ کچھ ہی سیکھ پاتے ہیں۔ اکثر خود بے وقوف بن جاتے ہیں کیونکہ بے وقوف بننے میں بڑا مزہ ہے مثلاً یہ جانتے ہوئے بھی کہ ٹرپل ایکس فلمیں دیکھنے سے انسان نامرد ہو جاتا ہے خود ٹرپل ایکس فلمیں دیکھنے کا چسکا پڑ جاتا ہے۔ اور یہ سوچنے کی ضرورت بھی محسوس نہیں ہوتی کہ بایو کیمسٹری بھی تبدیل ہو

رہی ہے۔

نامردی سے یاد آیا کہ نامردی کا تعلق جنسی کمزوری سے نہیں ہے۔ جنسی کمزوری تو نامردی کی Manifestations میں سے ایک Manifestation ہے۔ اگر میں تفصیل میں گیا تو بات بہت لمبی ہو جائے گی۔ یوں سمجھ لیں کہ مرد وہ ہوتا ہے کہ جس کے پاس جنسی قوت نام کی بھی نہ ہو اور اس کی بیوی 35 سال اس کے ساتھ اس طرح گزارے کہ جس طرح ارض سماء کے تابع ہوتی ہے۔

میں جانتا ہوں کہ آپ لوگوں کو میری باتیں کڑوی بھی لگتی ہیں اور اچھی بھی لگتی ہیں کیونکہ کڑوی باتوں سے "ملی بادی" نکلتی رہتی ہے۔ "ملی بادی" سے ایک بات یاد آ گئی ہے۔ پرائمری سکول کے زمانے میں ایک لڑکے سے میرا جھگڑا ہو گیا۔ میں نے اسے پتھر مارا اور اس کا سر پھٹ گیا۔ اس کی امی میری امی سے شکایت کرنے آئی تو مجھے برا بھلا کہنے لگی۔ میں اسے اور تو کچھ کہہ نہ سکا کیونکہ وہ بھی میری امی ہی کی طرح میرے لئے قابل احترام تھی اور اس کے بیٹے نے کئی بار میرے گھر میں میرے ساتھ کھانا کھایا تھا اور میں نے کتنی بار اس کے گھر اس کے ساتھ کھانا کھایا تھا اس لئے میں نے اسے صرف اتنا کہا "جس پتر دے واسطے توں اینا شور مچا رہی ایں اوہ کالے کیڑے پکڑ کے کھاندا ای" اسے اور کوئی جواب نہ بن پڑا تو غصے میں کہنے لگی "کیڑے کھاندا تے چنگا کردا۔ ایس طرح ملی بادی نکلدی رہندی اے" مرد وہ ہے جس کے پاس درجنوں Sublimations ہوں۔ مرد تو وہ ہے کہ جو وہ سوچے وہی کچھ اس کی بیوی سوچے اور وہی کچھ بھیڑ چال عوام سوچے۔ لیکن مرد ہونے کے لئے Sublimations کا جاننا ضروری ہے جو اصل میں قوانین قدرت سے واقفیت کا دوسرا نام ہے۔ Conversion عورتیں اور عوام کرتے ہیں، کبھی اچار کھا کر اور کبھی مٹھائیاں کھا کر۔ کبھی ایک لارے لپے پر خوش ہو کر اور کبھی دوسرے لارے لپے پر خوش ہو کر۔ نام کے مرد بھی Conversion کرتے ہیں، ان رنڈوں کی طرح جو اکٹھے بیٹھے ہوں تو کہتے ہیں "ہائے جے کدی بادشاہ دی دھی ایتھے ساڈے کول ہوندی۔"

اپریل 1995 کے " معالج " میں ایک فتویٰ شائع ہوا ہے جس میں الکحل کو حلال کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ پیچیدہ امراض کو ٹھیک کرنے کے دعوے کرنے والا ہو میو پیتھ اتنی بڑی کائنات میں الکحل کا متبادل تلاش نہیں کر سکا۔ ادویہ کی ذہنی علامات سے بحث کرنے والا نام نہاد سائکالوجسٹ ہو میو پیتھ Sublimation اور Conversion کے بارے میں کچھ نہیں جانتا مگر " حرکت لفظ بنتی ہے " کے تحت Conversion سے عدم واقفیت کے باوجود فتووں میں Conversion کرتا پھرتا ہے۔

آپ لوگ اپنے Defective بچوں کو مساجد اور مدارس میں بھیجتے ہیں۔ ان بے چاروں نے عالم بن کر مولانا مفتی محمد شفیع اور محمد رفیع جیسے ہی فتوے صادر کرنے ہیں۔ اگر آپ میری اور عبدالوہاب کی آنکھ سے وہ فتویٰ پڑھیں تو ان لوگوں کی جہالت پر چیخ اٹھیں گے۔ جو ہو میو پیتھ یہ رٹ لگائے پھرتے ہیں کہ الکحل حرام ہے یا حلال، تو ان کے پاس مسلمانی نام کی کوئی شے نہیں ہے۔ اگر وہ مسلمان ہوتے تو انھیں کسی سے فتویٰ لینے کی ضرورت ہی نہیں تھی۔

اثم وہ کام ہوتا ہے جس سے کسی فرد کی رفتار میں سستی آجائے اور عدوان وہ کام ہے جس سے ایک فرد اپنے معاشرے کی رفتار کو سست کرے۔ ہر وہ چیز جو نشہ پیدا کرتی ہے وہ حرام ہے۔ اگر ایک فرد خود نشہ آور شے کا استعمال کرتا ہے تو وہ معاشرے پر اثرانداز ہونے سے پہلے اس کا توڑ کر سکتا ہے لیکن اگر معاشرے کو نشہ آور شے دی جائے تو اس کا توڑ مشکل بلکہ ناممکن ہو جاتا ہے۔ ہو میو پیتھ عدوان کے لئے بہانے تلاش کرتا پھرتا ہے۔ اتنا غور کرنے کی زحمت کوئی نہیں کرتا کہ ایک سیکسی افسانہ، اس کا پڑھنے والا اور اس کا لکھنے والا تینوں کا جیومیٹریکل پلان ایک جیسا ہے۔ مسلمان سور کے گوشت کو حرام قرار دیتے ہیں اور ٹرپل ایکس فلمیں دیکھتے ہیں۔ اگر ٹرپل ایکس فلم دیکھتے ہوئے آذان ہو جائے تو کلمہ بھی پڑھ لیتے ہیں۔

ڈاکٹر عبدالوہاب صاحب بھی میری ہی طرح سر پھرے ہیں اور میری ہی طرح ان

کی نام نہاد تعلیم بھی واجبی سی ہے۔ دو اور چیزیں بھی ہم دونوں میں مشترک ہیں ایک یہ کہ ہم دونوں ریفرنس سے بات کرنے کے بجائے Trial and Error کے اصول پر کام کرتے ہیں یعنی Self- Experiencing اور Self- Experimentation اور کائنات Reward and Punishment کے اصول کے تحت ہماری تربیت کرتی ہے اور دوسری یہ کہ ہم دونوں کا یہ ایمان ہے کہ پھانسی بھی اللہ دیتا ہے جیل بھی اللہ دیتا ہے اور تھانے سے جوتے بھی اللہ ہی لگواتا ہے۔ کوئی انسان ہمارا کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔

ڈاکٹر عبدالوہاب صاحب کا E.S.P اللہ کے کرم سے بہت زیادہ ہے اور اس کا اندازہ آپ کو کتاب پڑھ کر ہو جائے گا۔ حقیقت یہ ہے کہ پڑھا لکھا ہوتا ہی وہ ہے جس کے پاس E.S.P کی دولت ہو۔ ذاتی تجربے اور ذاتی مشاہدے سے بڑا استاد کوئی نہیں ہوتا۔ عبدالوہاب صاحب کی خوبی یہ ہے کہ ان کی Observation بہت گہری ہوتی ہے۔ اگر عبدالوہاب صاحب اور میں ایک دوسرے کا "پٹھا پاسہ" نہ ہوتے تو شاید میں حرف اول لکھنے کی جرات نہ کرتا کیونکہ مجھ سے میراثی نہیں بنا جاتا۔

ڈاکٹر عبدالوہاب صاحب اور میں دونوں پیر بھائی ہیں اور ہم دونوں کا پیر اللہ ہے۔ اللہ کی راہ پر ہم دونوں جتنا آگے بڑھ چکے ہیں اب ہماری واپسی ناممکن ہے اور چونکہ ہم دونوں ایک ہی راہ کے راہی ہیں اس لئے زمانہ دیکھے گا کہ دوستیاں صرف وہ قائم رہ سکتی ہیں جن میں صراط مستقیم ہو۔ ہم دونوں ابتدائی آزمائشوں کا دور گزار چکے ہیں اور بڑی آزمائشوں کے لئے مستعد ہیں اس لئے نہ توانشاء اللہ ہم صراط مستقیم سے ہٹیں گے اور نہ ہماری دوستی میں کوئی گڑبڑ پیدا ہوگی۔

ہم دونوں آپ لوگوں کی نظروں میں واقعی پاگل ہیں اور شاید پیرانائیڈ بھی کیونکہ ہم ایک ٹکے کے آدمی کو دو ٹکے کا کہنے کے بھی روادار نہیں۔ میں آپ کو ایک مثال دیتا ہوں۔ ہم اپنی بات کرتے ہیں دوسروں کے ریفرنس سے بات کرنے والا ہم سے آگے نہیں خواہ وہ نام نہاد پی ایچ ڈی کیوں نہ ہو۔ ہم اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے اس

لئے انسانوں کے آگے ہاتھ پھیلانے والا اور بیوی بچوں کی خاطر جیل سے ڈرنے والا ہم سے آگے نہیں۔ ہم دونوں جانتے ہیں کہ کائنات کی ہر شے ہر دوسری شے کے لئے سبب مرض بھی ہے اور سبب شفا بھی۔ اب اگر کوئی بے وقوف ہومیو پیتھ فارما کوپیا کی بات کرتا ہے تو ہم اسے بالوں سے پکڑ کر کیوں نہ گھسیٹیں؟ ہم اسے ایک ٹکے کا بھی نہیں سمجھتے۔ ہم دونوں راتوں کو زاویہ قائمہ بناتے ہیں اور راتوں کو سونے والا ہم سے آگے نہیں ہو سکتا۔ خواہ مخواہ کی انکساریاں ہم دونوں کے بس کی بات نہیں دوسری طرف ہم دونوں ایسے شخص کے منتظر ہیں کہ اسے اپنا استاد مانیں جو تقویٰ میں ہم سے آگے ہو۔" ہم تو جی نام کے مسلمان ہیں" جیسے رسمی جملوں سے ہم دونوں کو نفرت ہے۔ ہم دونوں واقعی مسلمان ہیں اور مسلمانی کی بنیادی شرط پر پورا اترتے ہیں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ یہ بات ہم کلمہ پڑھنے کی حد تک نہیں کہتے بلکہ عملی طور پر شرک کا مفہوم سمجھتے ہیں اور ایک پانچ وقت کے نمازی کی نام نہاد نماز کو اس کے جوڑوں کے درد، دمہ اور رعشہ وغیرہ سے پہچان لیتے ہیں۔

کوئی ایسا علم نہیں جو ہومیو پیتھی سے باہر ہو اور کوئی ایسا طریقہ علاج نہیں جو ہومیو پیتھی سے باہر ہو۔ ہومیو پیتھ حلال چیزوں کو بھی اپنے لئے حرام قرار دے رہا ہے۔ ریفلیکسو زون تھراپی ہو یا میگنیٹو تھراپی، آکو پنکچر ہو یا پانی سے علاج، رنگوں سے علاج ہو یا بو سے علاج، تحریر سے علاج ہو یا تقریر سے، کونسا طریقہ علاج ہے جو قانون مماثلت سے باہر ہے؟ اور محدود ذہن ہومیو پیتھ کبھی آکو پنکچر کو ہومیو پیتھی سے باہر نکال رہا ہوتا ہے اور کبھی الیکٹرو پیتھی کو۔ یہ بات مسلمانوں اور اہل کتاب کے لئے قابل غور ہے کہ جب انسان قوانین قدرت کی پیروی کرتا ہے تو کائنات قانون مماثلت کے تحت اس کے قدموں میں جھکی چلی آتی ہے اور جتنا ہم Daviated ہوتے ہیں اتنا وہ ہمارے منہ پر مارتی ہے۔ کائنات میں بنیادی اصول ہی میگنٹ کا ہے۔ جو لوگ میگنٹ تھراپی کو ہومیو پیتھی سے باہر سمجھتے ہیں میں اور عبدالوہاب انھیں ایک ٹکے کا بھی کہنے کے روادار نہیں۔ ان جہلاء کو ہماری اس بات سے تکلیف ہوتی ہے تو بھلے ہو، ہمیں خوشی ہوگی اور

عملی مشرکوں کو ذلیل و خوار ہوتا دیکھ کر ہمیں واقعی بہت خوشی ہوتی ہے۔

چند دن پہلے ایک مریض کے جسم پر ایسے چھالے نکل آئے جو پانی یا گھی سے جل جانے جیسے ہوتے ہیں میں نے لفظ کینتھرس لکھ کر اُس کے ہاتھ میں تھما دیا۔ وہ صبح جاگا تو سارے چھالے غائب تھے۔ کیا اس طریقہ علاج کو میں ہومیو پیتھی کے علاوہ کوئی اور نام دوں؟ کیا کوئی نیا مسلک ایجاد کروں؟ ایک صحت مند آدمی کو ذہنی اذیت دی جائے یعنی اسے مسلسل stress پر رکھا جائے تو اس کی تھائی رائیڈ بڑھ جاتی ہے۔ اگر میں اسے کھلی ہوا میں رکھوں تو تھائی رائیڈ ٹھیک ہو جاتی ہے۔ اس کو آپ کونسا طریقہ علاج کہیں گے؟

سچ سے بڑی خوش اخلاقی کوئی نہیں ہوتی اور ہم دونوں سچ کی پریکٹس کرتے ہیں۔ خواہ وہ سچ آباؤ اجداد کے مذہب کی پیروی کرنے والوں کو کڑوا لگے اور خواہ سچ کو پسند کرنے والوں کو اچھا لگے۔ ہم دونوں نے یہ فیصلہ کر لیا ہے کہ ہم نے اپنے ماحول کو Out put دینی ہے خواہ وہ کسی کو تھپڑ کی شکل میں لگے اور خواہ اس کی زندگی سنور جائے۔ کسی کو راہ راست پر لانے کے ہم ٹھیکیدار نہیں کیونکہ یہ ٹھیکہ اللہ نے انبیاء کو بھی نہیں دیا۔ ہم میں اور نہ سمجھنے والوں میں فرق یہ ہے کہ جب کائنات ہمارے منہ پر مارتی ہے تو ہم سنبھل جاتے ہیں اور نہ سمجھنے والے صرف حسد کرتے ہیں۔ پہلے کہتے تھے کہ گلزار میں "میں" آ گئی ہے اب کہیں گے کہ عبدالوہاب نام کا ایک اور "میں" پیدا ہو گیا ہے۔

Self- Experiencing میں جتنی کردار کی خرابی ہوتی ہے اتنی ہی Illusions اور Delusions کی توقع بھی رکھنی چاہیئے۔ ہم بھی روز گناہ کرتے ہیں اور Reward And Punishment کے تحت ہمیں بھی سزا ملتی ہے۔ ضروری نہیں کہ ہماری Self-Experiencing سو فیصد درست ہو اس لئے غلطی کو ماننے کے لئے عبدالوہاب صاحب بھی میری طرح ہر وقت تیار رہتے ہیں۔ میں آپ کو ایک مثال دیتا ہوں۔ اس کتاب کے اندر ڈاکٹر صاحب نے لکھا ہے کہ جس عورت کے

بال لمبے ہوں اس کی قسمت میں خوشحالی نہیں ہوتی۔ یہ ان کی بھی Observation ہے اور میری بھی۔ ایک لڑکی نے خط کے ذریعے مجھ سے بالوں کو لمبا کرنے والی دوا مانگی۔ میں نے اسے ازراہ مذاق کہا کہ وہ بال لمبے نہ کرے اس طرح روپے پیسے کی طرف سے ہاتھ تنگ ہو جاتا ہے تو اس نے مجھے کہا کہ اداکارہ ریکھا کے بارے میں کیا خیال ہے جن کے بال بھی لمبے ہیں اور روپیہ پیسہ بھی ہے۔ اس لڑکی نے مجھے سوچنے پر مجبور کر دیا۔ اگر میں چاہوں تو عبدالوہاب صاحب سے کہہ کر اس ٹپ (Tip) کو کٹوا دوں جب تک حقیقت سامنے نہ آ جائے لیکن اس لئے نہیں کٹواؤں گا کہ عبدالوہاب صاحب کی Observation درست ہو یا غلط، میں نے ابھی تک کسی لمبے بالوں والی لڑکی کو مالی طور پر کچھ بہتر نہیں پایا۔ اب آپ لوگ اپنی اپنی Observations سے ہماری بات کو رد بھی کر سکتے ہیں اور تصدیق بھی کر سکتے ہیں۔ اتنا اشارہ دے دیتا ہوں کہ جن لڑکیوں کی شادی نہیں ہوتی ہوتی اور ان کے بال لمبے ہوں تو ان کے پاس پیسہ تو ہوتا ہے لیکن انھوں نے ریکھا کی طرح کما کر کھانا ہوتا ہے۔ یہ ہوتے ہیں شکوک اور شکوک بڑی شے ہوتے ہیں۔

اس کتاب میں عبدالوہاب صاحب نے ایک " باؤلی "کو ابراٹینم کہا۔ میں نے اپنی کتب میں جیومیٹریکل پلان کی بات کی ہے۔ اگر آپ ابراٹینم کی ساخت کے بچے کو ابراٹینم دینے کے بجائے ابراٹینم کے بچے کی شکل بنا کر اسے دیکھنے کو کہیں یا اسے پلاتے رہیں تو بھی وہ بچہ انشاء اللہ ٹھیک ہو جائے گا۔ اس طرح کی Observations بغیر E.S.P کے نہیں ملتیں۔ ہم کس کس چیز کی Proving کریں؟ میرا اور عبدالوہاب کا مشن یہ ہے کہ آپ لوگوں کو E.S.P بڑھانے میں آپ کی مدد کریں۔ E.S.P کے آگے نسخوں کی کوئی اہمیت نہیں۔ ذہن کھل جائے تو ایک مرض کے 70 علاج مل جاتے ہیں۔

کسی عورت کی جیسی بالوں کی کٹنگ ہو گی ویسا ہی اس کا کردار ہو گا۔ یہ بھی ممکن ہے کہ اگر اس کی کٹنگ لڑکوں جیسی ہے تو اس کی آواز بھی لڑکوں کی طرح بھاری ہو

جاتے۔ میں نے دیکھا کہ میرے بال ماتھے پر گرے ہوئے ہوں تو یا میری سوچنے کی صلاحیت بڑھ جاتی ہے اور یا رومانس کی۔ اور پیچھے کو ہٹاؤں تو یا تو لہجے میں Command آ جاتی ہے اور یا روپیہ کمانے کو جی چاہتا ہے۔ ڈیزیز اینڈ میڈیسن III میں آپ نے میرے بالوں کا سٹائل دیکھا ہوا ہے۔ اب وہ نہیں رہا بلکہ اب جو بھی مجھے ملے گا وہ میری "ٹنڈ" ہی دیکھے گا۔ Self-Experimentation سے پتہ چلا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا Hair Style کیوں مخصوص بلکہ قاب قوسین پر معتدل تھا۔ ہمارا جسم ہمارا جیومیٹریکل پلان ہے۔ وضع قطع سے ہم اس میں تبدیلیاں کرتے ہیں اور جیسی تبدیلی کریں گے ویسے ہی ہمارے افعال ہوں گے۔ اتنی باریکیوں سے بحث کرنے والا گلزار تو Data-Collecters علماء اور سکالرز کو استاد ماننے سے رہا۔ اس کتاب میں بھی ایسی ہی باریکیوں سے آپ کا واسطہ پڑے گا۔ ذرا سوچیں کہ اگر ایک ہزار آدمی ایسی Self-Experimentation والی کتابیں لکھنے کے اہل ہو جائیں اور پھر ان کا آپس میں ایسے ہی اتفاق ہو جیسا میرے اور عبدالوہاب کے درمیان ہے تو کیا ہومیوپیتھی پوری دنیا میں انقلاب نہیں لا سکتی؟

اور اب آخر میں ایک گزارش

قرآن پاک میں ہے کہ جنت میں موٹی موٹی آنکھوں والی حوریں ہوں گی۔ آپ کے علماء اور مفسرین نے کہا کہ مردوں کو حوریں ملیں گی تو عورتوں نے پوچھا کہ کیا عورتوں کو "حورے" ملیں گے؟ پرویز نے حور کا معنی حواری لیا یعنی وسیع النظر ساتھیوں کی بات کی۔ کیا 1400 سالوں میں آپ یہ بھی نہ سوچ سکے کہ ایک پرہیز گار ہیجڑا جنت میں کس حیثیت میں ہو گا۔ آپ لوگوں کے سامنے لڑکے لڑکیاں بنتے ہیں اور لڑکیاں لڑکے بنتے ہیں۔ پانچ بچوں کی ماں جب مرد بن جاتی ہے تو وہ جنت میں عورت ہو گی یا مرد؟ اتنا غور کرنے کا شعور کسی کو نہیں ہوا کہ ذات صرف ذات ہوتی ہے وہ مونث مذکر یا ہیجڑا نہیں ہوتی۔ جنت میں میں اور میری بیوی دونوں مرد ہی ہوں گے اور دونوں کو حوریں ملیں گی۔ اگر یہ بات غور کرنے سے مجھے ملی ہے تو میں اللہ کا لاکھ شکر ادا کرتے ہوئے آپ لوگوں

سے دو سوال پوچھتا ہوں۔ پہلا یہ کہ کیا اس دریافت نے مجھے قیامت تک کے لئے امر نہیں کر دیا (میری اس بات کو دنیا کا کوئی شخص جھٹلا نہیں سکتا۔ جس نے ٹرٹر کی اس سے میں اگلی کتاب میں انشاءاللہ نمٹ لوں گا) اور دوسرا یہ کہ جب جنت میں کوئی عورت ہوگی ہی نہیں تو اس حدیث میں کتنی صداقت رہ جاتی ہے کہ " حضرت فاطمہؓ جنت کی عورتوں کی سردار ہوگی" اور جب وہاں سب ہی جوان ہوں گے تو اس حدیث کی وقعت کیا رہ جاتی ہے کہ "حسنؓ اور حسینؓ جنت کے نوجوانوں کے سردار ہیں۔" جب سبھی وہاں جوان ہوں گے تو سرداری محمدؐ کی ہوگی یا حسنؓ و حسینؓ کی۔ ایک بات یہ بھی بتائیں کہ کیا نبی اکرمؐ نے حور کی تشریح نہیں فرمائی تھی؟

قارئین! خدا کے لئے اپنے اندر غور کرنے کی عادت ڈالیں۔ ہمارا ماضی اندھیرے کے سوا کچھ نہیں۔ دفع کریں ان پیروں، مرشدوں اور علماؤں کو۔ یہ یہودیوں سے بڑے یہودی ہیں۔ اگر ان کو عوام کا خوف نہ ہو تو خوبصورت ماں کے ساتھ بھی شادی کرنے سے باز نہ آئیں۔ اگر آپ اپنے پرانے اور نئے علماء کو ہومیو پیتھی کی آنکھ سے دیکھیں تو وہ آپ کو کینابس انڈیکا، سٹرامونیم اور ہالو سائمس نظر آئیں گے۔

آپ میں سے جو بھی شخص اپنے تجربات کو کتابی شکل دینا چاہے ڈاکٹر عبدالوہاب صاحب اور میں اس کی مالی مدد کرنے کو تیار ہیں۔ ہم کوئی معاوضہ نہیں لیں گے۔ اگر آپ لوگ اپنے تجربات ہمیں روانہ کریں تو ایک بہترین بلکہ بیسویں صدی کی بہترین کتاب بن سکتی ہے۔ لکیر کے فقیر مت بنیئے۔

خود سوچئے، سب کچھ آپ کی جھولی میں آگرے گا یہاں بھی اور وہاں بھی۔

ڈاکٹر گلزار احمد
سحر ہومیو کلینک
مغل پورہ لاہور

عرض مصنف

غالباً فروری 94 ۔ کا ذکر ہے کہ میرے ہاتھ ڈیزیز اینڈ میڈیسن ا لگی۔ کتاب کا دیباچہ پڑھا تو یوں محسوس ہوا جیسے میرے خیالات کو زبان مل گئی ہو۔ میں نے کتاب کے مصنف جناب ڈاکٹر گلزار احمد صاحب کو خط لکھا اور یوں ہماری خط و کتابت شروع ہو گئی۔ تین چار ماہ بعد میں ان سے ملاقات کرنے لاہور گیا دوران سفر مجھے زکام، کھانسی اور بخار ہو گیا اسی عالم میں ان سے ساری رات ہومیو پیتھی کے حوالے سے گفتگو ہوتی رہی۔ صبح جب ان سے اجازت چاہی تو میں ان کے علم اور وسعت نظر کا قائل ہو چکا تھا۔

بعض لوگوں میں صلاحیت تو ہوتی ہے لیکن وہ اجاگر نہیں ہوتی۔ مجھے اعتراف ہے کہ جناب ڈاکٹر گلزار احمد صاحب نے میری صلاحیتوں کو اجاگر کیا۔ زیر نظر کتاب میں آپ کو جو فلسفہ پڑھنے کو ملے گا وہ سب ڈاکٹر گلزار احمد صاحب کا ہی ہے۔ چوں کہ اس بحث کو آگے بڑھانا مقصود ہے اس لئے گاہے بگاہے آپ کی نظروں سے گذرے گا لیکن واضح رہے کہ میں اس سے اتفاق کرتا ہوں اور دلیل کے ساتھ مانتا ہوں۔

یہاں یہ وضاحت بھی ضروری ہے کہ میں نوجوان نسل سے مخاطب ہوں۔ ہومیو پیتھی کے طلباء اور طالبات اور ینگ ڈاکٹرز کے لئے یہ کتاب لکھی گئی ہے۔ ایک روز ایک ڈاکٹر صاحب ملنے آئے وہ ڈاکٹر گلزار احمد صاحب سے بھی ملاقات کر آئے تھے۔ دوران گفتگو کہنے لگے " ہومیو پیتھی کے سنجیدہ طبقے کے لوگ گلزار کی کتابوں کو محض ناول خیال کرتے ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ واقعی گلزار ناول نگار ہے ! "میں نے ان کے ہاتھ میں قلم اور کاغذ تھما دیا کہ صاحب صرف اپنا ایک مشاہدہ تحریر فرمادیں اور وہ پیلے پڑ گئے نہ لکھ سکے۔ خود کو " سنجیدہ طبقہ " خیال کرنے والے لوگوں کے پاس قوت مشاہدہ ہی نہیں ہے۔ وہ کولہو کے بیل کی مانند محض علامات اور دوا کے گرد ہی گھوم رہے ہیں۔

اکثر لوگ مقلد ہوتے ہیں اور اندھا دھند تقلید میں ہی ساری زندگی گزار دیتے ہیں۔
میں نے ڈاکٹر گلزار احمد صاحب کی جو بات بھی مانی ہے دلیل سے مانی ہے۔ ڈیزیز اینڈ میڈیسن III نے مجھے کئی راتوں تک جگائے رکھا تب جا کر وہ میرے پلے پڑی۔ آپ نو سوڈز استعمال کرتے ہیں اور اسے "علاج بالشل" خیال کرتے ہیں۔ آپ میازم پر "ایمان" رکھتے ہیں، آپ "قوت حیات "کو" بیمار" جانتے ہیں، ایک معصوم بچی کو سورائینم دے کر خیال کرتے ہیں کہ اس کے اندر "سورا" ہے۔ کیا وجہ ہے کہ آپ غور نہیں کرتے؟ دلیل کیوں نہیں دیتے؟ گالیاں دینا تو ایک طرح کا اعتراف ہوتا ہے۔ اور کسی نے کیا خوب کہا ہے کہ جس شخص کو لوگ پاگل کا خطاب نہ دیں وہ مفکر ہوتا ہی نہیں۔ اپنے گریبان میں جھانکئے کہ آپ یہ سب کچھ کیوں کر رہے ہیں؟

اگر کوئی مجھے کہے کہ "میں میازم کو نہیں مانتا" تو میں اس سے حوالہ نہیں دلیل مانگتا ہوں اور جو دلیل نہیں دے سکتا اس نے مانا ہی نہیں وہ محض مقلد ہے۔ میں نے اگر ڈاکٹر گلزار احمد صاحب کی باتوں کو مانا ہے تو اس کی ایک دلیل زیر نظر کتاب ہے۔ اگر آپ بھی مانتے ہیں تو دلیل لائیں اگر آپ انکار کرتے ہیں تب بھی دلیل لائیں۔ حوالہ نہیں۔

ڈیزیز اینڈ میڈیسن III میں آپ نے میرے حوالہ سے قوموں کے متعلق ایک اشارہ پڑھا ہوگا۔ کئی حضرات نے مجھ سے دریافت کیا ہے کہ میں مختلف قوموں کو مختلف دواؤں سے کیسے جان سکتا ہوں۔ بات در اصل اتنی سی ہے کہ میں نے ہومیو پیتھی کی عینک لگا رکھی ہے۔ میں شیخو پورہ میں اپنے ایک دوست ڈاکٹر کے ساتھ "ہرن مینار" دیکھ کر واپس جا رہا تھا کہ میرے دوست نے بتایا کہ یہاں سے کچھ دور ایک "باؤلی" ہے۔ جو آج سے تین سو سال قبل تعمیر ہوئی تھی میں نے دیکھنے کی خواہش ظاہر کی تو میرے دوست نے موٹر سائیکل اس طرف موڑ لی۔ جب ہم "باؤلی" کے قریب پہنچے تو میرے منہ سے بے ساختہ نکلا "ابراٹینم" اور میرا دوست حیران ہو کر مجھے دیکھنے لگا۔ مجھے تو کئی عمارتیں سیپیا نظر آتی ہیں، کئی پلس دکھائی دیتی ہیں حتیٰ کہ جانوروں میں بھی دوائیں مجھ سے باتیں کرتی ہیں اگر آپ بھی میری طرح ہومیو پیتھی کی عینک چڑھا لیں تو

آپ کو بھی یہی کچھ نظر آنے لگے گا۔

بعض طلباء اور ینگ ڈاکٹرز کتاب خریدتے وقت ہچکچاتے ہیں کیوں کہ کتاب پڑھ کر ان کے "پیسے" پورے نہیں ہوتے۔ آپ میں سے جس کے بھی "پیسے" پورے نہ ہوں وہ مجھے ایک خط لکھ دے میں کتاب کی قیمت بھیج دوں گا۔ زیر نظر کتاب میں آپ کو فلسفہ بھی ملے گا اور امراض اور علاج بھی۔ مفرد دواؤں سے علاج بھی آپ ملاحظہ فرمائیں گے اور کمپاؤنڈز سے علاج بھی آپ کی نظروں سے گذرے گا۔ جہاں آپ میری کامیابیوں کا ذکر دیکھیں گے وہاں آپ کو میری ناکامیوں کا تذکرہ بھی ملے گا اور کم علمی کا اعتراف بھی۔

جن دنوں میں اس کتاب پر کام کر رہا تھا ان دنوں مجھے ڈسٹرکٹ جیل سرگودھا جانے کا "شرف" بھی حاصل ہوا۔ 94-10-1 سے 94-10-10 تک میں سرگودھا جیل میں رہا۔ پس دیوار زنداں بھی میرے شب و روز رائیگاں نہیں گئے۔ میں نے اس کتاب میں جہنم کی دواؤں کا جو ذکر کیا ہے وہ انہی شب و روز کے غور و فکر کا نتیجہ ہے ممکن ہے آپ کے لئے میری بات بہت معمولی ہو لیکن اس حوالے سے میں آنے والی نسلوں کے سامنے شرمندہ نہیں ہوں گا۔ اسی طرح ذات پات کے حوالے سے جو گفتگو میں نے آپ سے کی ہے انڈین ڈاکٹرز کیلئے اس میں بہت سی نشانیاں ہیں۔

آپ نے بھی دیکھا ہو گا کہ چند ہومیو پیتھک ڈاکٹرز نے شاہراہوں کے کنارے بڑے بڑے بورڈ آویزاں کئے ہوتے ہیں۔ مختلف قسم کے دعوے درج ہیں مثلاً کمپیوٹر انسانی جسم کے ایک لاکھ سے زائد ٹیسٹ نکالتا ہے۔ بعض نے کلینک پر باقاعدہ بورڈ نصب کیے ہیں۔ سپیشلسٹ ان کرانک ڈیزیز وغیرہ۔ بعض نے کلینک کے اندر مختلف ٹیسٹوں کی مختلف فیسیں درج کی ہوئی ہیں۔ شوگر ٹیسٹ = 25\ روپے۔ جنرل ٹیسٹ = 1000\ روپے ایڈز ٹیسٹ = 500\ روپے۔ یہ کیا ہو رہا ہے؟ حقیقت کیا ہے؟ خون کے ایک قطرے اور مریض کے تھوک سے آلودہ کاغذ پر تشخیص اور تجویز ہو رہی ہے۔ عوام الناس میں یہ لوگ "ڈاکٹر لاٹو" کے نام سے پہچانے جاتے ہیں۔ آپ کسی بھی جانور کے خون کا ایک قطرہ کاغذ پر لگا کر خشک کر لیں اور ان کے پاس لے جائیں

آپ پر حقیقت واضح ہو جائیگی کہ یہ لوگ " بزنس مین " ہیں۔

غذاؤں کو ہم نظرانداز نہیں کر سکتے۔ غذا سے علاج بھی ہو سکتا ہے اور آدمی بیمار بھی ہو سکتا ہے۔ زیر نظر کتاب میں آپ کو غذاؤں کا ذکر بھی ملے گا اور ان سے متعلقہ دواؤں کا بھی۔ جو غذائیں رہ گئی ہیں آپ ان پر غور کریں۔ ایک اشارہ آپ کو دیتا ہوں کہ آلو ہماری اکثر سبزیوں میں ملا کر پکایا اور استعمال کیا جاتا ہے اسی طرح کسی شادی کی تقریب میں ایک شخص چھوٹا گوشت بھی کھاتا ہے اور مرغ کا گوشت بھی۔ چاول بھی کھاتا ہے اور دہی بھی استعمال کرتا ہے۔ کھٹی میٹھی چٹنی سے بھی لطف اندوز ہوتا ہے اور " سویٹ ڈش " سے بھی فیض یاب ہوتا ہے اس کے بعد وہ کسی پرابلم کا شکار ہو کر آپ کے پاس آتا ہے تو آپ کیا کریں گے؟ اس کے علاوہ چند علاقائی غذائیں بھی ہوتی ہیں۔ جغرافیائی لحاظ سے مختلف علاقوں کی نفسیات بھی مختلف ہوتی ہے۔ آپ اپنے ماحول پر گہری نظر رکھیں یہی کامیابی کا زینہ ہے۔

ڈاکٹر گلزار احمد صاحب نے زچہ کے بال گرتے ہوں تو کلکیریا فاس کو مفید لکھا ہے میں نے کاربو ویج لکھی ہے آپ کے ذہن میں نیٹرم میور آتی ہے تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ آپ تین دواؤں سے واقف ہو گئے ہیں اسی طرح میں نے ہسٹیریا کا ایک کیس لیکسس سے ٹھیک کیا آپ پڑھتے ہیں تو آپ کے ذہن میں ماسکس آتی ہے اور یہی میرا مقصود ہے تفصیل کیلئے دیکھئے " ایک مریض کی دو مفرد ادویات "

زیر نظر کتاب کے مطالعے کے بعد آپ کے ذہنوں میں متعدد سوالات ابھریں گے مجھے آپ کی آراء کا انتظار رہے گا۔

گل ہائے رنگ و بو سے ہے زینت چمن

اے ذوق اس جہاں کو زیب ہے اختلاف سے

15-1-1995

ڈاکٹر عبدالوہاب

بمقام چک نمبر 89 شمالی ڈاکخانہ خاص

تحصیل و ضلع سرگودھا

پوسٹ کوڈ= 40101

کلینیکل ٹپس

جن دنوں آک کے پودے پر پھول آتے ہیں ان دنوں قے۔ اسہال اور بخار عام ہوتے ہیں۔ اپی کاک دوا ہوتی ہے۔

جب تک آک کے پودے پر پھول رہتے ہیں اپی کاک کا سیزن رہتا ہے بچوں میں اپی کاک کی علامات ان دنوں اکثر ملتی ہیں۔

مجھے ہومیو پیتھس پر حیرت ہوتی ہے جو کیمومیلا۔ نیٹرم میور اور کلکیریا فاس کے ہوتے ہوئے بچوں کو " بے بی ٹانک " تجویز کرتے ہیں۔

خاوند سے نفرت صرف سیپیا میں ہی نہیں پائی جاتی بلکہ نیٹرم کارب اور گلو نائن میں بھی یہ علامت ملتی ہے۔

ٹانسلز متورم ہوں تو بیلا ڈونا 200 اور مرک سال 200 Alternate کروادیا کریں۔

Sun Stroke کیلئے گلو نائن۔ بیلا ڈونا۔ نیٹرم میور اور نیٹرم کارب اچھی دوائیں ہیں لیکس بھی دیکھ لیا کریں۔

ایک مرتبہ میں نے جی بھر کر چنے کی دال کھائی اور مجھے پیٹ درد ہونے لگا۔ نکس 200 کی ایک خوراک سے کھل کر اجابت ہوئی اور درد جاتا رہا۔

ایک دو سالہ بچی کو سات ماہ سے اسہال کی شکایت تھی بے شمار اینٹی بایوٹک ادویات استعمال ہو چکی تھیں۔ نائیٹرک ایسڈ 30 کے ایک روزہ استعمال سے نارمل ہو گئی۔

آپ نے دیکھا ہو گا کہ دانت درد میں مبتلا بعض مریض دانتوں پر نمک ملتے ہیں اس سے انہیں کچھ سکون ہوتا ہے میگ کارب دوا ہوتی ہے۔

سمی سی فیوگا اعصابی کھنچاؤ دور کر دیتی ہے۔

ایک عورت کے بال گچھوں کی شکل میں اترتے تھے فاسفورس نے روک دیے۔

دو سالہ بچے کھانسی کی شکایت تھی اسکی والدہ نے بتایا کہ بچہ جب بھی کھانستا ہے اپنا عضو تناسل ہاتھ میں پکڑ لیتا ہے۔ زنکم میٹ سے ٹھیک ہوا۔

منہ سے زیادہ پانی بہے تو نیٹرم میور بھی دیکھ لیا کریں۔

بعض لوگ آپ کو بتائیں گے کہ انہیں بلغم دماغ سے حلق پر مسلسل گرتا رہتا ہے اور وہ خیال کرتے ہیں کہ وہ "کیرا" کے مریض ہیں ایسی صورت میں ایک نظر ہائیڈراسٹس پر بھی ڈال لیں۔

نرخرے کی ٹی۔ بی میں آرسینک آیوڈائیڈ نچلی طاقتوں میں اچھا رزلٹ رکھتی ہے۔ بیسی لینم پر بھی غور کریں۔

ایک صاحب نے بتلایا کہ وہ کچن کے قریب سے نہیں گزر سکتے۔ کھانا پکنے کی خوشبو سے متلی ہونے لگتی ہے کبھی کبھار قے ہو جاتی ہے خصوصاً گوشت پکنے کی بو تو وہ ہرگز برداشت نہیں کر سکتے کالچی کم 30 چار یوم کیلئے دی۔ اسطرح کے حالات حاملہ عورت میں ملتے ہیں۔

سٹرامونیم میں مریض ہنستا ہے۔ سیٹیاں بجاتا ہے۔ چیختا ہے اور دعائیں مانگتا ہے کیا آپ کو اس کے پاگل ہونے میں شبہ ہے۔ پورا معاشرہ ایسے مریضوں سے بھرا پڑا ہے۔ نئی نسل سیٹیاں بجاتی ہے اور پرانی نسل دعائیں مانگتی ہے۔

میں نے سینکڑوں لوگوں کے بخار کو پیاس ہونے پر برائی اونیا اور منہ خشک اور پیاس نہ ہونے پر پلس سے آرام پاتے دیکھا ہے۔

شراب پینے سے ہذیان ہو تو رینن کولس بلب دوا ہوتی ہے۔

سر میں دائیں طرف درد ہو تو سینگو نیریا، بائیں طرف ہو تو سپائی جیلیا گدی سے اٹھ کر آنکھوں تک جائے تو جیلسی۔ دائیں سے بائیں جائے تو لیک کین۔ بائیں سے دائیں جائے تو لیکس دیتے ہیں اگر میرے پاس آدھے سر کے درد میں علامات لینے کا وقت نہ ہو تو ڈامیانہ Q دے دیتا ہوں۔

اور م میور ورم رحم کی اچھی دوا ہے۔

رت جگے کے باعث چکر آتے ہوں تو نکس وامیکا سے ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

کاکیولس کو بھی دیکھ لیا کریں۔

حاملہ کی متلی میں سمفوری کارپس بڑی اچھی دوا ہے۔

اگر ایک سو کرپٹ عورتیں آپ کو سچ سچ بتائیں کہ ان کی زندگی میں داخل ہونے والا پہلا مرد کون تھا تو آپ یہ جان کر حیران ہو جائیں گے کہ اکثر عورتوں کی زندگی میں ان سے جنسی تعلق قائم کرنے والے بوڑھے تھے۔ یہ "بابے "کم سن بچیوں کو مٹھائیاں اور ٹافیاں دیتے رہتے ہیں۔

خشک خارش میں ریڈیم بروم کو بھی دیکھ لیا کریں۔

شدید آشوب چشم میں فیرم فاس اور یوفریزیا کا درجہ ایک سا ہے۔

سالہا سال سے آنکھوں کی الرجی میں مبتلا مریض نے بتایا کہ وہ رات کو بلب کی طرف نہیں دیکھ سکتا مرک سال 200 سے ٹھیک ہو گیا۔

موسم گرما میں بچوں کے اسہال وباء کی طرح پھیلتے ہیں چوں کہ ان دنوں پانی زیادہ پیا جاتا ہے گریشی اولا دوا ہوتی ہے۔

ایک مریضہ نے بتایا وہ رات کو جب سونے لگتی ہے تو جونہی اسے نیند آتی ہے تو اس کا سانس رکنے لگتا ہے لیکس 200 سے ٹھیک ہوئی۔

سگریٹ پینے سے گلا دکھنے لگے تو کیپ سی کم 30 سے آرام آجاتا ہے۔

جب تک آپ کو پرائمری ایکشن اور سیکنڈری ایکشن کی سمجھ نہیں آتی تب تک آپ پوٹینسی کا صحیح انتخاب بھی نہیں کر سکتے۔

نوزائیدہ بچہ رو رہا ہو تو یہ معلوم کرنا دشوار ہوتا ہے کہ اسے پیٹ درد ہے یا کان میں درد ہو رہا ہے۔ عموماً پیلا ڈونا 30 کیمومیلا 30 پلسٹلا 30 کا کمپاؤنڈ دے دیتا ہوں پہلی خوراک سے ہی بچہ پرسکون ہو جاتا ہے۔

ایک صاحب نے بتایا وہ جب بھی دل لبھانے والی موسیقی سنتے ہیں ان پر رقت طاری ہو جاتی ہے۔ تھوجا IM سے ٹھیک ہو گئے۔ سوزاکی کیفیت کے حوالے سے میڈھورینم بھی دوا ہوتی ہے۔

آنکھوں کے گرد نیلگوں حلقے سٹافی۔ چائنا اور ایسڈ فاس میں ملتے ہیں نوجوانوں کے احتلام کا علاج بھی یہی دوائیں ہیں۔

جب کوئی بوڑھا جو کلین شیو بھی ہو میرے پاس علاج کروانے آتے تو سب سے پہلے میرے ذہن میں تھوجا آ جاتی ہے۔

نیٹرم سلف کے ہوتے ہوئے مجھے ملیریا بخار کیلئے کسی دوسری دوا کی ضرورت نہیں ہوتی۔

اگر آپ نے جی بھر کے گوشت کھایا ہو تو ایلیم سٹائیوا Q کے دس قطرے، ایک کپ پانی میں ملا کر پی لیں ۔ گوشت ہضم ہو جائیگا۔ دہی بھی یہی کام کرتی ہے۔ تکے بناتے ہوئے گوشت گل نہ رہا ہو تو دہی گلا دیتی ہے۔

تالابوں اور نہروں کا پانی پینے والے لوگ معدے کی خرابی کی شکایت کریں تو آرسینک البم ضرور دیکھ لیا کریں۔

پرانی کالی کھانسی میں مبتلا بچہ جب آپ کے پاس علاج کروانے آتے تو پرٹوسن 200 کی ایک خوراک دے کر دیکھیں۔

ایک عورت کا وضع حمل کے بعد خون نہ رکتا تھا سناموئم 30 ، سکیل کار 30 کا کمپاؤنڈ پندرہ پندرہ منٹ بعد دیا۔ تین گھنٹوں میں نارمل ہو گئی۔

چار سال سے چھپاکی میں مبتلا مریض نے بتایا کہ اسے جب پسینہ آتا ہے تو چھپاکی نمودار ہو جاتی ہے مرک سال IM سے چار یوم میں ٹھیک ہو گیا۔

اباک ئی آتے ہوں اور کھانسی بھی ہوتی ہو تو کالی کارب دوا ہوتی ہے۔

گھنے اور لمبے بال خوبصورتی کی علامت ہوتے ہیں جن عورتوں کے بال کولہوں سے نیچے تک جاتے ہوں دوسرے عورتیں ایسی عورت کو رشک سے دیکھتی ہیں لیکن میں نے آج تک اتنے لمبے بالوں والی عورت امیر نہیں دیکھی۔

چمکدار خون جو بلا درد کسی بھی جگہ سے خارج ہو تو آپ ملی فولیئم Q سے مدد لے سکتے ہیں۔

سردی سے آواز جاتی رہے تو آرم ٹرف 30 سے آواز بحال ہو جاتی ہے۔

ایسڈ فلور ہر وہ حرکت کر سکتا ہے جسکی شیطان سے توقع کی جا سکتی ہے۔ یہ اس کا منفی پہلو ہے۔ مثبت ایسڈ فلور بن جانے سے کائنات قدموں میں جھکی چلی آتی ہے۔

ایک صاحب کے دائیں خصیے میں درد ہوتا تھا کاسٹی کم 30 سے آرام آیا۔

کم غذا کھانے کے باوجود پیٹ پھولے تو نکس موشکاٹا دیکھیں۔

شاید آپ برا مانیں لیکن بوڑھی عورتوں میں بھی خواہش جماع زیادہ ہو سکتی ہے۔ ایسی ہی ایک بڑھیا جس نے خوب " دنداسہ " کیا ہوا تھا مجھے، پتر، پتر کہتی جاتی اور میری کمر پر ہاتھ بھی پھیرتی جاتی تھوڑی دیر میں ہی اصل موضوع پر آ گئی ماسکس 30 دیکر رخصت کیا۔

کیا آپ نے کسی کنواری کی چھاتیوں میں دودھ آتا دیکھا ہے؟ یہ علامت مرک سال۔ پلس اور اسافوٹیڈا میں ملتی ہے۔

بچے کو اسہال ہوں اور منہ میں چھالے ہوں تو نیٹرم کارب 30 سے بھی آرام آ جاتا ہے۔

---

45 سالہ عورت جسے پستانوں میں درد ہوتا تھا بائیں پستان کے نیچے مستقل درد رہتا تھا سی سی فیوگا سے ٹھیک ہوئی۔

ایک نوجوان نے بتایا کہ وہ جب بھی اپنی بیوی سے بغل گیر ہوتا ہے ڈسچارج ہو جاتا ہے۔ زنکم میٹ سے ٹھیک ہوا

خاتون ٹیچر کو قے آتی تھی اس نے بتایا کہ اسے کھانا ہضم نہیں ہوتا بلکہ کھانا کھانے کے چار گھنٹہ بعد بھی قے آئے تو سارا کھایا پیا جوں کا توں نکل جاتا ہے
کریازوٹ (Kreasot)

200 سے آرام آیا۔

آیوڈم کے لیکوریا والی عورتوں کے خاوند سرعت انزال کے مریض ہوتے ہیں۔ کیونکہ اس کی ویجائنہ میں حدت کی وجہ سے لذت زیادہ ہوتی ہے۔

ایک دوا آٹھ خانوں میں کسطرح کام کرتی ہے؟ ایک مثال سے سمجھیں کہ نکس وامیکا کا پرائمری ایکشن غیرارادی عضلات پر ہے لیکن اس کا رد عمل بغیر نالی غدد پر جاکر یرقان پیدا کرتا ہے۔ غدد کی نالیاں بلاک ہو جاتی ہیں یہ دوسرا رد عمل ہے۔ تری گرمی کے مزاج میں اس میں گم ہیضہ پایا جاتا ہے تری سردی کے مزاج میں بچوں کے اسہال ملتے ہیں۔ سردی تری میں اس کا جوڑوں کا درد پایا جاتا ہے سردی خشکی کے مزاج میں بڑھاپے کی خشک کھانسی پائی جاتی ہے اور خشکی سردی میں یعنی خشک سرد مزاج میں قبض ملتی ہے۔

ایک حاملہ عورت کی کھانسی کو کالی بروم سے آرام آیا۔

ایک بوڑھے نے بتایا کہ اسکی کمر ٹھنڈی رہتی ہے کیلسیم سے ٹھیک ہوا۔

ڈیڑھ سالہ بچے کی ہر وقت کانچ نکلی رہتی اسکی والدہ ہاتھ سے کانچ اندر کرتی رہتی۔ میور اٹک ایسڈ 30 سے ٹھیک ہوا۔

حاملہ عورتوں کو چکر آتے ہوں تو نیٹرم میور سے ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

دسویں جماعت کے ایک طالب علم نے بتایا کہ دو تین یوم سے اسے ہر سرخ رنگ کی چیز زرد نظر آتی ہے۔ بیلاڈونا 200 سے ٹھیک ہوا۔

موسم سرما میں ہاتھ پاؤں پھٹیں تو اگاریکس دیں۔

جب آپ دو کاندار سے صابن خریدتے ہیں تو وہ صابن دو کاندار کی Output ہے اور آپ کی Input ہوتا ہے وہ اس کے بھی مماثل ہے کہ اسکی Output ہے اور آپ کے بھی مماثل ہے کہ آپ کی Input ہے آپ کا ہے نہیں اسلیئے آپ کے مماثل نہیں اور وہ اسے استعمال نہیں کر سکتا اسلیئے اس کے مماثل نہیں۔

Sciatica میں مبتلا مریض جسے کمر درد بھی ہوتا تھا اور بار بار پیشاب بھی آتا تھا جن سنگ 30 سے ٹھیک ہوا۔

آرم میور نائیٹرو کو میں بانجھ پن کیلیئے ایک مخصوص دوا سمجھتا ہوں۔

بد مزاج، بے چین اور بلا وجہ چلانے والے بچے کو آپ کیمومیلا دیتے ہیں۔ Anger of children کیلیئے اکونائٹ۔ برائی اونیا۔ کالو سنتھ۔ لائیکو اور نکس وامیکا بھی دیکھ لیا کریں۔ اور سٹافی اور کریوزوٹ کو بھی۔

فاسفورس کلوروفارم کے بداثرات دور کر دیتی ہے۔

اگر کسی کو بجلی کا شاک لگ جاتے تو میں سب سے پہلے فاسفورس 30 دیتا ہوں۔

ایک دو سالہ بچہ جس کا سر گرم رہتا تھا پندرہ یوم سے بخار میں مبتلا تھا ایک ہومیو ڈاکٹر نے اسے میرے پاس بغرض علاج بھیجا۔ سلفر 200 کی ایک خوراک سے اس کا بخار جاتا رہا۔

فیرم میٹ انڈے سے الرجی کی بہترین دوا ہے۔

Perverted Mind کیلئے اناکارڈیم۔ ہائیو سائیمس، سٹرامونیم اور بیلا ڈونا چوٹی کی دوائیں ہیں انہیں ہومیو پیتھی میں چار ستون کہا جاتا ہے۔

فارن ہائیٹ

بخار میں حرارت اونچے درجہ کی ہو یعنی 103 سے 105 درجہ سنٹی گریڈ۔ جس میں ذرہ بھر کمی نہ ہوتی ہو مریض بخار سے مر رہا ہو تو سلفر دوا ہوتی ہے۔

اینٹی بایوٹک دواؤں کے بد اثرات دور کرنے کیلئے سلفر عمدہ دوا ہے۔

پیشاب نہ کر سکنے کی وجہ سے ہونے والا درد سرا گاری کس سے ٹھیک ہو جاتا ہے۔

دماغی مشقت سے ہونے والے چکر کونیم سے بھی ٹھیک ہو جاتے ہیں اور سلیشیا سے بھی۔

ذرا سی سردی سے زکام ہو جائے تو کلکیریا کارب اچھی دوا ہے۔ ایسے مریضوں کو بیسی لینم 200 ہفتہ میں ایک خوراک دے دیا کریں۔

ایک عورت کو سیاہی مائل لیکوریا کا عارضہ تھا چاینا سے ٹھیک ہوئی۔

موسم سرما میں اکثر کھانسی کے مریض یہ بتاتے ہیں کہ گلے میں دھوڑ (دھول) سی اٹھتی ہے ریومیکس 200 سے آرام آجاتا ہے اور فاسفورس بھی دوا ہوتی ہے۔

اکثر بچیاں املی بڑے شوق سے کھاتی ہیں۔ املی کھانے سے گلا خراب ہو جاتا ہے آپ

ریپرٹری دیکھیں کہ املی کھانے سے گلا خراب ہو تو کون سی دوا ہو گی؟ مجھے معلوم ہے کہ آپ کو دوا نہیں ملے گی۔ املی کھانے سے گلا خراب ہو تو فیرم فاس سے بھی آرام آ جاتا ہے اور بیلاڈونا سے بھی۔

کھلی ہوا میں سر درد کم ہو جائے تو پلس دوا ہوتی ہے۔

گرمیوں میں آپ کھیرے اور ککڑیاں کھاتے ہیں، ایلیم سیپا دھیان میں رکھیں۔

پھل اور سبزیاں موافق نہ ہوں تو آرسینک پہلی دوا ہے۔

ڈبل روٹی تکلیف دیتی ہو تو نیٹرم میور سے بھی آرام آ جاتا ہے اور ہائیڈراسٹس سے بھی۔

پانی کا گھونٹ بھرنے سے کھانسی تھم جائے تو کاسٹی کم 30 دیں۔

نابالغ لڑکیوں کو سیلان الرحم کی شکایت ہو تو سفلینیم 200 دے دیتا ہوں۔

گوجرانوالہ میں ایک 18 سالہ لڑکے کو اس کے والدین نے زنجیر سے باندھا ہوا تھا لڑکا پاگل تھا۔ جو شخص بھی اس کے قریب سے گزرتا اس پر تھوک دیتا۔ مرک سال میں بھی یہ علامت ملتی ہے اور سٹرامونیم میں بھی۔

کینسر کے حوالہ سے یہ بات ذہن میں رکھنی چاہیئے کہ ہونٹ، معدہ، پستان اور ہڈی پر کونیم اثر رکھتی ہے۔

ایک مریضہ نے بتایا کہ تین دنوں سے اسکی زبان سن ہے کیلسیم 200 سے ٹھیک ہو گئی۔

جھکنے سے سر درد میں زیادتی ہو پیلا ڈونا۔ نکس۔ برائی اونیا۔ پلس میں سے کوئی ایک دے کر دیکھیں۔ کیس انہیں میں سے ایک دوا کا ہوگا۔

گردن میں بل پڑ جائے تو برائی اونیا 200 سی سی فیو گا 200 کا کمپاؤنڈ آرام دیتا ہے۔

چہرہ کبھی سرخ ہو جائے اور کبھی سفید ہو جائے تو فیرم دوا ہوتی ہے۔

طویل عرصہ سے لیکوریا میں مبتلا مریضہ نے بتایا کہ اسے درد سر بھی ہے یوں معلوم ہوتا ہے جیسے کوئی انگلیوں سے ٹھونگے مار رہا ہو نیٹرم میور 30 سے اس کے دونوں مسائل حل ہو گئے۔

کمزور مریضوں کو جن علامات پر حکماء "جواہر مہرہ" دیتے ہیں آپ ان علامات پر کالی فاس دے دیا کریں۔ خاص طور پر دل کے حوالے سے۔

قبض اور گیس کی شکایت کرنے والے مریضوں کو برائی اونیا اور نکس Alternate کروا دیا کریں۔

صرف آرسینک البم ہی خود کو لا علاج نہیں سمجھتا بلکہ کیکٹس بھی یہی خیال کرتا ہے۔ کیکٹس یہ بات دل کے حوالے سے کہتا ہے جبکہ آرسینک ناتوانی کی وجہ سے۔

انجائنا کا ایک آسان علاج یہ ہے کہ آپ کریٹیگس Q اور ارجونا Q
(Arjuna Term). کا کمپاؤنڈ بنالیں دس دس قطرے دن میں تین چار مرتبہ پلا دیا کریں وید حضرات ارجن کی چھال کا قہوہ پلاتے ہیں۔

تبخیر معدہ میں مبتلا عورت نے بتایا کہ اسے ڈکار آنے سے بھی کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ کانوں میں گھنٹیاں سی بجتی رہتی ہیں چائنا 200 سے ٹھیک ہوئی۔ اگر ڈکار آنے سے معدہ کا درد بڑھ جائے تو کیمو ملا دوا ہوتی ہے۔

ایک ماہ سے بخار میں مبتلا مریض جسکا چڑچڑاپن عروج پر تھا کیمو میلا سے ٹھیک ہوا۔

جو نوجوان لڑکیاں دانتوں سے اپنے ناخن چباتی رہتی ہیں نیٹرم میور سے ان کی یہ عادت جاتی رہتی ہے دراصل ان میں Sexual Exeitement بڑھی ہوتی ہے۔

آپ بھی میری طرح سوچ سکتے ہیں شاید آپ نے دیکھا ہو کہ کئی نوجوان لڑکیاں اپنے چھوٹے بھانجوں اور بھتیجوں کے بے تحاشہ بوسے لیتی رہتی ہیں غور کیجئے آپ اس لڑکی کو اس علامت پر کیا دیں گے اگر آپ کو صحیح دوامل گئی تو آپ بھی میری طرح ہی سوچنے لگ گئے ہیں۔ سیکس انسان کا مسئلہ نہیں ہے لیکن اس نے بنالیا ہے۔ فرائڈ اتنا بھی غلط نہیں جتنا آپ سمجھتے ہیں۔

ایک صاحب نے بتایا کہ ان کے معدے میں اسطرح جلن ہوتی ہے جیسے چونا جلایا جا رہا ہو۔ میں خوش بھی ہوا اور متعجب بھی۔ ایسی واضح علامت خال خال ہی ملتی ہے۔ کاسٹی کم دے دی

تانبے جیسی رنگت رکھنے والی 18 سالہ لڑکی کو جسے تشنج کے دورے پڑتے تھے مجھ سے دوا لینے آئی میں نے پوچھا تشنج کہاں سے شروع ہوتا ہے کہنے لگی پاؤں کے انگوٹھے سے۔ پلاٹینا سے آرام آیا۔

لائیکو۔۔ چیلی ڈونیم۔ سینگونیریا۔ پوڈو۔ ایپس۔ سمی سی فیوگا۔ مگ فاس۔ بیلاڈونا۔ برائی اونیا۔ کروٹیلس۔ دائیں جانب اثر انداز ہونے والی ادویات ہیں جبکہ للیم ٹگ۔ لیکس۔ سپائی جیلیا۔ کالو سنتھ فاسفورس اور تھریڈین بائیں جانب اثر رکھتی ہیں

اکثر اوقات ینگ ڈاکٹرز مجھ سے بخاروں کے علاج کیلئے نسخہ جات دریافت کرتے رہتے ہیں انہیں دوران پریکٹس کافی پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے جبکہ میں سمجھتا ہوں کہ ہومیو پیتھک دواؤں سے بخار اتارنا کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ آج میں آپ کو ایک گر بتاتا ہوں۔ سادہ بخار کیلئے ایکو نائٹ 30 ، بیلاڈونا 30 ، فیرم فاس 30 کا کمپاؤنڈ بنالیں سادہ بخار میں آپ کو ناکامی نہیں ہوگی اگر ملیریا بخار ہو تو اسی کمپاؤنڈ میں جیلسیمیم 30 ملا لیں۔ اگر ٹائی فائیڈ کا شبہ ہو تو برائی اونیا 30 شامل کر لیں۔ پہلے روز کسی بھی مریض کو آپ مطمئن کر سکیں گے۔ جبکہ دوسرے روز مریض آپ کو کسی نہ کسی دوا کی نمایاں علامات بتادے گا۔

کہیں آپ یہ تو نہیں سوچ رہے کہ میں آپ کو کمپاؤنڈز سے علاج کرنے کی ترغیب دے رہا ہوں۔ آپ مزمن امراض کا علاج کمپاؤنڈز سے کر ہی نہیں سکتے۔ میں تو آپ کی روزمرہ کی پریکٹس کو آسان بنا رہا ہوں۔

Gastric Ulcer میں آرسینک۔ بیلاڈونا۔ کیپسیکم۔ بسمتھ۔ کنڈورنگو۔ گریفائیٹس۔ پلسٹیلا۔ روبی نیا۔ اگنیشیا اچھی دوائیں ہیں لیکن ارجنٹم نائٹ۔ نکس وامیکا اور

فاسفورس میں بھی کیس مل جاتا ہے۔

Urticaria میں آپ کے ذہن میں ارٹیکایورن آتی ہے جبکہ میرے ذہن میں ایپس اور سلفر آتی ہیں۔ میں اناکارڈیم۔ بیلاڈونا۔ رسٹاکس اور کلکیریا کارب کو بھی مدنظر رکھتا ہوں۔

Myoma کیلئے آرم میورا اور ہائیڈراسٹس چوٹی کی دوائیں ہیں۔

جب میں کسی مرض کیلئے دو تین یا چار ادویہ آپ کیلئے لکھتا ہوں تو اس کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ آپ صرف ان ادویات تک ہی محدود رہیں مثلاً Gastritis کیلئے انٹم کروڈ، ارجنٹم نائٹ، فاسفورس برائی اونیا، چائنا، پلسٹیلا چوٹی کی دوائیں ہیں لیکن اسکا مطلب یہ نہیں ہے کہ کیس لیتے وقت ہم ایسڈ سلف، ایبس نائیگرا، بیلاڈونا، گریفائی ٹس، اگنیشیا، اپی کاک، کلکیریا کارب، کالیکم، لائیکو، سلفر، نکس وامیکا، فلنڈر نیم وغیرہ کو نظر انداز کر دیں۔

خود سر، خود غرض اور درشت مزاج لڑکیاں ماسکس ہوتی ہیں اطاعت اور فرمانبرداری کے قریب بھی نہیں جاتیں۔ یہ خودسری سیکس کو مائنڈ کی طرف موڑ لینے سے ہوتی ہے۔ جنسی خواہش کو دبانے سے خودسری آتی ہے۔

کیمومیلا انتہائی بدخو ہوتا ہے۔

کاسٹی کم تاریک پہلو دیکھنے کا عادی ہوتا ہے اگر چڑچڑا ہو، مایوس ہو تاریک پہلو دیکھے اور معمولی کام بھی بہت بڑی مہم معلوم ہو تو کالی فاس دوا ہوتی ہے۔

حیض کی بجائے لیکوریا شروع ہو جاتے کاکولس سے آرام آ جاتا ہے اور نکس موشکاٹا سے بھی۔ بعض دواؤں میں اوپر خشکی اور نیچے تری ہوتی ہے اور بعض دواؤں میں اس کے الٹ ہوتا ہے۔

ایک مریض کے پسینے سے گندھک (سلفر) جیسی بو آتی تھی فاسفورس 30 سے ٹھیک ہو گیا۔

سلفر اپنے آپ کو فلاسفر سمجھتا ہے۔ گریفائیٹس ہچکچاہٹ محسوس کرتا ہے کسی بات کے متعلق جلدی فیصلہ نہیں کر سکتا۔ پلسٹیلا میں بھی یہی علامت ہوتی ہے۔

پانی کے علاوہ تمام اشیاء کڑوی معلوم ہوں تو برائی اونیا دوا ہوتی ہے۔

سٹرامونیم میں لیٹنے کا انداز بھی توجہ کا طالب ہے۔ نرالے انداز میں لیٹتا ہے کبھی الٹا کبھی سیدھا، کبھی گیند کی طرح گول مول، خاص بات یہ ہے کہ سرہانے سے جھٹکے کے ساتھ سر اٹھاتا ہے۔

بستر پر لیٹنے کے عجیب و غریب انداز اختیار کرنا پلمبم میں بھی پایا جاتا ہے۔

میں جس شخص کو بھی دیکھتا ہوں کوئی نہ کوئی دوا میرے ذہن میں آ جاتی ہے۔ کسی شخص کا انداز تخاطب جثہ، ڈیل ڈول اور انداز نشست و برخاست مجھے کسی نہ کسی دوا کا اشارہ دیتا ہے لیکن میری اس عادت نے مجھے ٹی۔ وی اور فلم دیکھنے کے قابل نہیں چھوڑا۔ کئی بار ایسا ہوا کہ ٹی۔ وی کا کوئی ڈرامہ دیکھنے لگا تو دیگر افراد محظوظ ہو رہے ہیں اور میرے ذہن میں دواؤں نے ہلچل مچائی ہوتی ہے۔ چند منٹ بعد اٹھ جاتا ہوں۔

حاملہ عورت کی بینائی کم ہو جاتے تو کیلسیم سے بھی آرام آ جاتا ہے اور کالی فاس سے بھی۔

ایک حاملہ عورت جسے بال خورہ ہو گیا تھا سیپیا 200 کے استعمال سے ٹھیک ہو گئی۔

ایک مریضہ نے بتایا کہ اس کا خاوند غصہ میں اپنے آپ کو پیٹنے لگتا ہے مرک سال سے ٹھیک ہو گیا۔

جن لوگوں کے پاس نئی نئی دولت آتی ہے وہ زیادہ تر چرغے کھاتے ہیں یعنی ایک ہی مزاج کی غذا بکثرت استعمال کرتے ہیں یہ غذا عضلاتی نظام کو زیادہ Active کرتی ہے۔ عضلاتی نظام کو ایکٹو لبلبہ کرتا ہے جو عضلات کو شوگر فراہم کرتا ہے۔ چرغے اور کریلے وغیرہ لبلبہ کی سکریشن کو بڑھاتے ہیں جس سے جسم میں چستی آ جاتی ہے۔ Sexual Excetment زیادہ ہوتی ہے اور جب رد عمل ہوتا ہے تو لبلبہ تھک جاتا ہے اور آدمی نکس وامیکا کا نامرد ہو جاتا ہے اور عورت میں سیپیا کی بے حسی اور لاپرواہی آ جاتی ہے دونوں کا عضلاتی نظام ڈھیلا پڑ جاتا ہے اور عموماً شوگر کے مریض بن جاتے ہیں۔

معدہ کی جلن میں کاربو ویج، آرسینک ایلم، فاسفورس چوٹی کی دوائیں ہیں۔

خارش کے لاعلاج مریضوں کو نیٹرم میور سے آرام آ جاتا ہے۔

محبوب کی بے رخی انٹم کروڈ بھی ہٹا دیتی ہے اور کلکیریا فاس بھی۔

ایک دسویں جماعت کے طالب علم نے بتایا کہ وہ جب بھی موسیقی سنتا ہے اسے طبعیت پر قابو نہیں رہتا اور وہ ڈانس کرنے لگ جاتا ہے۔ ٹرنٹولا ہسپانیہ 30 کے استعمال سے ٹھیک ہو گیا۔

اعضائے تناسل پر موکے تھوجا سے بھی ٹھیک ہو جاتے ہیں اور سنابیرس سے بھی۔

کن پٹی کے درد کو تھوجا سے آرام آیا۔

سر درد اور اسہال اول بدل کر ہوں تو پوڈو سے ٹھیک ہو جاتے ہیں ایلوز سے بھی آرام آ جاتا ہے۔

بال کٹوانے سے سر درد ہو تو آپ بیلا ڈونا اور گلو نائین دیتے ہیں اگر بال کٹوانے سے سر درد کو آرام آتے تو بھی بیلا ڈونا بھی دوا ہوتی ہے اور گلو نائن بھی۔ دوسری صورت میں ایگرا ویشن کے بعد سیکنڈری ایکشن ہوتا ہے۔

سٹافی سیگریا اپنے مستقبل کے بارے میں متفکر رہتا ہے۔ Guilty Mind ہونے کی وجہ سے آگے اندھیرا نظر آتا ہے۔

جلد ہنس دینا اور جلد رو دینا پلس کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ لیکن ہنسنے کے بعد پچھتاوے کے آنسو کروکس کے ہوتے ہیں۔

دیہات میں مئی اور جون میں جب گرمی کا زور ہوتا ہے اور بارش نہیں ہوتی تو عورتیں اور لڑکے بڑے بوڑھوں اور راہ چلتے لوگوں پر پانی پھینکتے ہیں چونکہ متاثرہ آدمی

پہلے ہی پسینے سے نہایا ہوتا ہے اوپر سے پانی کی بوچھاڑ ہوتی ہے تو رد عمل میں گالیاں اڈ آتی ہیں ایسے لوگوں کو بخار ہو جاتا ہے رسٹاکس دوا ہوتی ہے۔

استری کرنے سے درد سر برائی اونیا بھی میں ملتا ہے اور سیپیا میں بھی۔

اعصابی دردوں میں کافیا اور کیمومیلا کا درجہ ایک سا ہے۔

ایک عورت نے بتایا کہ وہ جب اپنے بچے کو دودھ پلاتی ہے تو اسکے پیٹ میں درد ہونے لگتا ہے۔ پلسٹیلا 30 سے ٹھیک ہو گئی۔

جھوٹے دردزہ میں کالو فائیلم 200 اور سمی سی فیوگا 200 کا کمپاؤنڈ فائدہ دیتا ہے۔

Palpitation میں مبتلا مریض کو دیکھا کہ مارے کرب کے اس کا رنگ زرد ہو گیا تھا سردیوں کے موسم میں بھی ماتھے پر پسینہ تھا۔ وریٹرم البم 30 کا ایک قطرہ ایک کپ گرم پانی میں ڈال کر گھونٹ گھونٹ پلایا۔ پندرہ منٹ میں نارمل ہو گیا۔

ایک آدمی کو اسکے دوست نے مذاق میں نہر میں دھکا دے دیا جب نہر سے باہر نکلا تو اسے لقوہ ہو چکا تھا۔ رسٹاکس 200 ، کاسٹی کم 200 کے کمپاؤنڈ سے ٹھیک ہو گیا۔ مریض لقوہ ہونے کے فوراً بعد میرے پاس چلا آیا تھا۔

جوڑوں کے درد میں آپ برائی اونیا دیتے ہیں جگر کے درد میں بھی عمدہ دوا ہے۔

دل کے درد میں لیٹرو ڈیکٹس اور کاپر ایسی ٹک درجہ اول کی دوائیں ہیں۔

ایک بھاری تن و توش رکھنے والا مریض عرصہ دراز سے تبخیر معدہ میں مبتلا تھا۔ اس نے بتایا کہ وہ جب ہوا خارج کرتا ہے تو اس قدر بدبو ہوتی ہے کہ کمرے میں کسی شخص کا ٹھہرنا ناممکن ہوتا ہے۔ کاربوتیج Im سے اس کے دونوں مسئلے حل ہو گئے۔

جن لوگوں کے ہاتھوں کی انگلیاں گداز نہیں ہوتیں ان کے پاس دولت نہیں ٹھہرتی۔ انڈین اداکاراؤں کی اکثریت کے ہاتھ سوکھے ہوتے ہیں۔

پیشہ ور بدمعاش، پاگل اور نشے کے عادی افراد میں قدر مشترک پر غور کریں۔ ان کے ظاہری حلیے ایک جیسے ہوتے ہیں۔

میڈہورنیم کا مریض بے صبرا ہوتا ہے سلفر میں بھی یہ علامت ملتی ہے۔

گمبوجیا سادہ اسہال میں بہترین دوا ہے۔

حاملہ کی قبض ایلومینا سے بھی ٹھیک ہو جاتی ہے اور سیپیا اور کالن سونیا سے بھی۔

سفید پیشاب کیلئے ایسڈ فاس۔ یورینیٹیم نائٹ اور آرسنک البم دوائیں ہیں جبکہ پیلے پیشاب کیلئے چیلی ڈونیم۔ سلفر۔ لائیکوپس۔ پلسٹیلا اور لائیکو پوڈیم دوائیں ہیں اور سرخ پیشاب کیلئے بنزوک ایسڈ۔ ہیلو نیاس۔ مرک سال۔ کینتھرس اور لیکس دوائیں ہیں۔

بعض مریض بتاتے ہیں کہ ان کو خالی پیٹ افاقہ رہتا ہے گریفائیٹس دوا ہوتی ہے۔

اگر چائے سے بدہضمی ہو تو تھیا سے آرام آ جاتا ہے۔

ایک تین سالہ بچی دیکھی۔ اس کی کنپٹیوں اور تالو پر بال نہیں تھے۔ یوں معلوم ہوتا تھا جیسے بالچر ہے۔ معلوم ہوا کہ بچی ان جگہوں سے اپنے بال نوچتی رہتی ہے اور کوئی تکلیف محسوس نہیں کرتی بیلا ڈونا 200 اور ہائیو سائیمس 200 ایک ہفتہ Alternate کروائیں۔ بچی تندرست ہو گئی۔

گلے میں دائیں اور بائیں درد ہوتا ہو تو میں بیلا ڈونا 200 ہیلیکس 200 اکٹھی دے دیتا ہوں۔

ایک دو سالہ بچی کی ماں نے بتایا کہ بچی کی شرمگاہ پر خارش ہوتی ہے اور جب تک وہ پاؤں کی ایڑی سے خارش نہ کرے سکون نہیں ہوتا۔ کیلیڈیم 30 سے آرام آیا۔

لڑکے مشت زنی کریں تو سٹافی سیگیریا عادت بد سے نجات دلاتی ہے۔ لڑکیاں انگشت زنی کریں تو اور گینم سے آرام آتا ہے۔ گریشی اولا بھی دوا ہوتی ہے اور کیلیڈیم بھی۔

آپ پلس کی خوبصورتی اور نرم مزاجی پر دھیان رکھتے ہیں پلس محتاط بھی ہوتی ہے اور ڈرپوک بھی۔ مثبت پلسٹیلا اکائیاں اکٹھی کرتے وقت محتاط ہوتی ہے اور اچھی ادیب ثابت ہوتی ہے۔

نوسوڈز بالکل کام نہیں کرتے۔ آپ حیران نہ ہوں آپ کو غلط بتایا گیا ہے۔ آپ کو ایک مثال دیتا ہوں اگر ٹانسلز سے پیپ آ رہی ہو تو مریض اسے باہر نکال دیتا ہے یا نگل لیتا ہے اگر نگل لیتا ہے تو معدہ میں اس کی تعدیل ہو جاتی ہے لیکن جب اسے Potentize کیا جاتا ہے تو اس کے اندر Ionization کی وجہ سے اتنی صلاحیت پیدا ہو جاتی ہے کہ وہ دوسرے مفرد عضو کو متاثر کر سکے اس مفرد عضو کا ردعمل پھر

متاثرہ جھلی پر جاتا ہے وہ نوسوڈ براہ راست اس متاثرہ جھلی کو Stimulate نہیں کرتا
اس پیپ کو یوں سمجھ لیں جیسے لبلبہ سے نکلنے والا ہارمون خود لبلبہ کو تحریک نہیں دے
سکتا بلکہ اس کا ٹارگٹ عضلات کے سیل ہوتے ہیں عضلات کی حرکت پھر جو
Output بناتی ہے جو لبلبہ کی Input ہوتی ہے۔

ہائیوسائیمس بھی حاسد ہوتا ہے اور لیکس بھی۔

دوران حمل ہچکی کو سائیکلمین سے آرام آجاتا ہے۔

اگر تمباکو چبانے سے شدید ہچکی لاحق ہو جاتے تو اگنیشیا سے ٹھیک ہو جاتی ہے۔

ایک شادی شدہ عورت کو عجیب قسم کے دورے پڑتے تھے وہ بے تکا ہنستی اور
معمولی سی بات پر چیخنے چلانے لگتی۔ اس قدر اودھم مچاتی کہ اس کے پڑوسی اکٹھے ہو
جاتے اور ایک مجمع سا لگ جاتا نہایت بے ہودہ بکواس کرتی۔ چلاتے چلاتے اس کے
ہونٹ نیلے کالے ہو جاتے اور وہ بے ہوش ہو جاتی لیکس 200 سے ٹھیک ہو گئی۔
لیکس اور ماسکس اس حوالے سے ایک دوسری کے بہت قریب ہیں۔

میں نے آج تک چیچک کا کیس نہیں دیکھا لیکن چیچک کے بارے میں جو کچھ پڑھا
ہے اس سے اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ تھوجا چیچک کیلئے بہترین دوا ہے۔

پیٹ کے آپریشن کے بعد اکثر بسمتھ کی ضرورت پڑ جاتی ہے۔

ہومیوپیتھی میں ہیضہ کا تکڑم وریٹرم البم۔ کیمفر اور کاپر میٹ ہیں یہ بات یاد رکھنے
کے قابل ہے کہ کیمفر میں شدید نقاہت پائی جاتی ہے وریٹرم میں قے اور اسہال جبکہ کاپر

میٹ میں تشنج پایا جاتا ہے۔

جو لوگ کھانے کے ساتھ چٹنی ضرور کھاتے ہیں نکس وامیکا ہوتے ہیں۔

آلو سے نفرت ہو تو تھوجا۔ ایلیم۔ کیمفر دوائیں ہیں۔ اگر آلو راس نہ آئیں تو ایلومینا دوا ہوتی ہے جبکہ اولیم اینی اور نیٹرم کارب آلو کھانا پسند کرتا ہے اور کلکیریا کارب تو کچے آلو بھی کھا جاتا ہے۔

ایک سرخ و سفید 55 سالہ مریضہ کو سر کے دائیں طرف درد ہوتا تھا درد آنکھ سے اٹھ کر پیچھے گردن کی طرف جاتا تھا۔ بے شمار علاج ہو چکا تھا۔ اندھیرے میں لیٹی رہتی مریضہ نے بتایا کہ " تراٹاں پیندیاں نیں" بیلاڈونا 200 سے مسئلہ حل ہو گیا۔

رات کو فیرم فاس نچلی طاقتوں میں بے خوابی پیدا کرتی ہے اور بلند طاقتوں میں نیند لاتی ہے کبھی آپ نے غور کیا ہے کہ ایسا کیوں ہوتا ہے؟ نچلی طاقت میں یہ دوا سر میں Congestion لاتی ہے اور اونچی طاقت میں اسی دوا کا پرائمری ایکشن ایک سیکنڈ کے اندر ہو جاتا ہے۔ سیکنڈری ایکشن سردی ہے اس لئے نیند آ جاتی ہے۔ بعض کیسوں میں چھوٹی پوٹینسی مرض میں اضافہ کرتی چلی جاتی ہے۔ کئی دنوں بعد پرائمری ایکشن Peak پر پہنچتا ہے تو مریض کو آرام آ جاتا ہے۔ مغربی مرحوم ڈاکٹرز نے اپنی اس غلطی کو بھی اپنا کارنامہ کہا ہے۔

موسم بہار کا نزلہ ایلم سیپا سے ٹھیک ہو جاتا ہے۔

بغیر حمل کے چھاتیوں میں دودھ آ جانے تو سائیکلمن دوا ہوتی ہے۔ مردوں کو بھی یہ عارضہ ہو سکتا ہے۔ سائیکلمین اور پلس کو مرک کی بیٹیاں سمجھ کر ان کا مطالعہ کریں۔

میں نے آرسینک کی پروونگ خود پر کی ہے۔ آرسینک میں موت کا خوف ہوتا ہے لیکن یہ احساس اس وقت ہوتا ہے جب مریض تنہا ہو۔

بعض لوگوں کو دلیا کھانے سے معدے میں تکالیف پیدا ہو جاتی ہیں۔ کلکیریا کارب سے بھی آرام آ جاتا ہے اور آرسینک سے بھی:

پیاز سے پیدا ہونے والی تکالیف لائیکو پوڈیم سے ٹھیک ہو جاتی ہیں (تھوجا)

شہد ناموافق پڑے تو نیٹرم کارب دے دیں

ایک کسان کو بازو پر خار دار تار لگنے سے زخم ہو گیا۔ مرہم پٹی کے باوجود زخم پک گیا تھا سلفر 200 سے زخم ٹھیک ہو گیا۔

سات سالہ بچہ جو چلتے وقت لڑکھڑاتا تھا اور اس کے گھٹنے بھی ٹکراتے تھے لیتھائرس 30 سے ٹھیک ہوا۔ کلکیریا فاس بھی دوا ہوتی ہے۔

لوگ داڑھیوں، تسبیحوں اور ٹوپیوں میں خود کو چھپاتے ہیں لیکن ہومیو پیتھ ایک نظر میں جان جاتا ہے کہ ان کی اصل کیا ہے۔ ہومیو پیتھی کی فائنل ائر کی طالبات رجسٹریشن کراتے وقت اس نکتہ کو پیش نظر رکھا کریں ورنہ کل کو لسٹ میں نام آ جاتے گا۔

جن عورتوں کا بچے کی پیدائش کے بعد پیٹ لٹک جاتا ہے وہ سیپیا ہوتی ہیں۔

لیک کینن کی زانی عورتوں کے پیچھے مرد کتوں کی طرح پھرتے ہیں جنسی لحاظ سے جو

تسکین انہیں لیک کین سے ملتی ہے سٹافی اس کا عشر عشیر بھی نہیں دیتی۔

ایک حاملہ عورت کو اس کے خاوند نے بری طرح پیٹ ڈالا اسے Bleeding شروع ہو گئی۔ آرنیکا IM نے ابارشن روک دی۔

درد قولنج میں کالو سنتھ فیل ہو جائے تو سٹینم دوا ہوتی ہے۔ بلم بم کو بھی دیکھ لیں۔

ایک مریض نے بتایا کہ دو یوم سے ایسا ہو رہا ہے کہ وہ جب بھی کھانا کھاتا ہے اس کے کندھوں کے درمیان درد ہونے لگتا ہے رسٹاکس 200 سے ٹھیک ہوا۔

ایک خان صاحب اپنی بیوی کے ہمراہ آئے۔ ان کی بیوی نے مکمل پردہ کیا ہوا تھا میں ان کی بیوی کی نبض دیکھ رہا تھا کہ میری نظر مریضہ کے ناخنوں پر پڑی جو موٹے اور بد شکل تھے۔ خان صاحب کی تقریر سننے کے بعد گریفائی ٹس دے دی اس قسم کے ناخن گریفائی ٹس میں ملتے ہیں۔ سود خور پٹھان بھی گریفائٹس ہوتا ہے اور بیلچہ چلانے والا پٹھان بھی۔ سرد مزاجی کی وجہ سے وہ جلدی تھکتا نہیں۔ گھڑی میں تولہ اور گھڑی میں ماشہ ہونے کے حوالے سے پٹھان کی دوا مرک سال ہے۔

---

35 سالہ سکول ٹیچر نے بتایا کہ ذرا سے کھٹکے سے دل دھڑکنا شروع ہو جاتا ہے نیٹرم کارب 30 سے آرام آیا۔

نچلا ہونٹ درمیان سے پھٹا ہو تو نیٹرم میور دوا ہوتی ہے اگر اوپر والا ہونٹ پھٹا ہو تو بھی نیٹرم میور دیں۔

---

18 سالہ لڑکی بیٹھی بیٹھی گھبرا جاتی۔ جسم ٹھنڈا ہو جاتا گھر میں بھگدڑ مچ جاتی۔ گاؤں میں موجود عطائی معالج کو بلایا جاتا وہ نکھتے: ہائیڈ اور نیوروبیان کے انجکشن دیتا۔ ایک دن مجھے لیجایا گیا۔ دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ چھ ماہ قبل ٹائی فائیڈ ہوا تھا جس میں کلورومائی سی ٹین استعمال کروائی گئی۔ بخار تو جاتا رہا لیکن مریضہ کی یہ حالت ہو گئی ہے۔ کاربوویج 30 سے ایک ہفتہ میں نارمل ہو گئی۔ اگر 30 کے بجائے 200 دیتا تو ایک خوراک کافی تھی اور اگر CM دیتا تو ردعمل ہو سکتا تھا جس سے نقصان ہوتا۔

میرے ایک "مہربان" نے مجھے دھوکے سے سٹرکنیا کھلا دیا۔ تقریباً آدھ گھنٹہ بعد میرے جبڑے اکڑنے لگے۔ میں نے پانی پینا چاہا گلاس منہ کو لگانے لگا تھا کہ گلاس ایک جھٹکے سے دور جا گرا۔ میں جھک کر گلاس پکڑنے لگا تو پھر بازو کو جھٹکا لگا۔ میں کرسی پر بیٹھ کر سوچنے لگا کہ مجھے کیا ہو گیا ہے۔ اس اثناء میں ایک مریض آگیا اس نے آتے ہی دریافت کیا کہ میرا چہرہ سرخ کیوں ہے تب مجھے احساس ہوا کہ میرا چہرہ تمتا رہا ہے۔ دودھ بہترین تریاق ہے۔

اعصابی تھکاوٹ کی وجہ سے نیند نہ آنے تو ایوناسٹائیوا Q کے 15 قطرے گرم پانی میں ملا کر پی لیں۔ اگر نیند آ رہی ہو تو یہ دوا ہم بستری کے لئے موڈ بنا دیتی ہے۔

رات کا اندھاپن جسے اندھراتا بھی کہتے ہیں فائی سوسٹگما سے جاتا رہتا ہے۔

ایک دفعہ میں نے سینی ریریا Q کا ایک قطرہ اپنی آنکھ میں ڈالا اس قدر چبھن ہوئی کہ دوسری آنکھ میں ڈالنے کا حوصلہ نہ ہوا۔ یہ دوا پانی میں ڈائیلوٹ کر کے دینی چاہیئے۔

Cataract میں اٹروپین سلف۔ سکیل کار۔ فاسفورس اہم دوائیں ہیں۔

ارجنٹم نائٹ مکار ہوتا ہے۔

آپ کے پاس جو عورت چالیس سے پچاس سال کی عمر میں آتے آپ کو اس کا کیس لیکس کریازوٹ۔ سیپا۔ ایسڈ سلف۔ سینگونیریا۔ الیٹرس فیری نوسا۔ سمی سی فیوگا کروٹیلس اور لیک کن میں مل جاتے گا۔

رنگ برنگے پاخانے ہوں تو سب سے پہلے پلسٹیلا ذہن میں آتی ہے اگنیشیا بھی دیکھ لیا کریں۔

پتھر کی طرح پاخانہ ہو تو ایلومن دوا ہوتی ہے۔

ایک نوجوان لڑکی کو ہسٹیریا کے دورے ہوتے تھے عجیب سا ہنستی تھی۔ چہرہ تمتایا ہوا تھا اسطرح چیخ مارتی جیسے ریل گاڑی کا وسل ہو ماسکس 30 پندرہ پندرہ منٹ بعد دی۔ ماسکس کا رجحان سر کی طرف ہو تو خود سر ہوتی ہے ناف سے نیچے کی طرف ہو تو کرپٹ ہوتی ہے۔

اکثر ہومیو پیتھ یہ خیال کرتے ہیں کہ ان کی دوائیں " عادت " بدل سکتی ہیں۔ میں ان سے اتفاق نہیں کرتا۔ ایک عادی چور نے ایک بزرگ سے کہا" بابا جی دعا کریں کہ میری چوری کی عادت جاتی رہے " بزرگ نے جواب دیا " بیٹا ایسی عادتیں دعاؤں سے نہیں " چھتروں " سے جاتی ہیں۔ یہاں کروڑ دواؤں کی ضرورت ہوتی ہے۔ پوٹینسی دوا استعداد قبولیت کے بغیر کام نہیں کرتی۔

قہقہے مار کر ہنسے اور کبھی چیخنا شروع کر دے پیلا ڈونا میں یہ علامت ملتی ہے۔ پاگل

پن اور ہسٹریا میں تفریق کر لیں۔

میں جب گرگٹ کو دیکھتا ہوں تو میرے ذہن میں پلس بھی گھومتی ہے مرک سال اور اگنیشیا بھی۔

جب کوئی مریض آپ سے چکروں کا علاج کروانے آتے تو اس کی عینک کے شیشے بھی دیکھ لیا کریں۔

موسم برسات میں ڈلکامارا 200 کی شیشی میری جیب میں رہتی ہے۔

---

25 سالہ لڑکی کو اس کے گھر جا کر دیکھا۔ لڑکی کو قے اور پیٹ درد کی شکایت تھی۔ آٹھ ماہ سے مختلف علاج ہو رہے تھے اور اب نوبت تعویذ گنڈے تک آ گئی تھی۔ لڑکی سوکھ کر کانٹا ہو گئی تھی۔ پہلی نظر میں ہی وہ مجھے فاسفورس نظر آئی۔ علامات لیں تو اپی کاک کی طرف بھی اشارہ کرتی تھیں اور آرسینک کی طرف بھی۔ میں نے فاسفورس 10m کی ایک خوراک دی اور اسکے بھائی سے کہا کہ وہ کل مجھے بتاتے۔ دوسرے یوم مریضہ کے بھائی نے بتایا کہ دوا کھلانے کے بعد اسے نہ تو قے آئی اور نہ ہی پیٹ میں درد ہوا۔

لوگوں کے اعمال نے ان کے چہرے بگاڑ دیے ہیں۔

موسم سرما میں آپ کے پاس کھانسی کے مریض آتے ہیں۔ کھانسی کا آسان علاج یہ ہے کہ آپ بلغمی کھانسی میں اپی کاک 200 اور انٹم ٹارٹ 200 Alternate کروا دیا کریں جبکہ خشک کھانسی میں سپونجیا 200 اور رمیکس 200 Alternate کروا دیا کریں۔

موسم سرما میں آپ کے پاس جلد کی تکلیف میں مبتلا مریض آئے تو ایک نظر پٹرولیم پر بھی ڈال لیں۔ ایک عورت اپنے بچے کو کندھے سے لگائے کلینک میں داخل ہوتی۔ اس نے بچہ کندھے سے اس طرح ٹکایا ہوا تھا جس سے بچے کا سر اس عورت کے سر کے برابر نظر آ رہا تھا" ڈاکٹر صاحب یہ ایک گھنٹہ سے رو رہا ہے" یہ کہہ کر اس نے بچے کو کندھے سے اتارا ہی تھا کہ بچہ مارے کرب کے چلانے لگا۔ اسکی ماں نے پھر کندھے سے لگا لیا۔ میں نے غور سے دیکھا کہ بچے کا پیٹ کندھے سے لگا ہوا تھا بچہ چپ کر گیا تھا میں اٹھا اور سٹینم 30 دے دی۔

Carcinoma میں آرسینک۔ لیکس۔ کاربو ویج۔ تھوجا۔ وسکم البم اور ہائیڈراسٹس مفید دوائیں ہیں ارجنٹم نائٹ۔ کاربوانی۔ کونیم۔ سلیشیا۔ کولسٹرنیم اور کریازوٹ کو بھی مد نظر رکھیں۔

جب میں کسی ہومیو پیتھ سے کہتا ہوں کہ آپ کو ہومیو پیتھی نہیں آتی تو وہ گرم کوئلوں پر ڈانس کرنے لگتا ہے لیکن میرے سوالات کا جواب اس کے پاس نہیں ہوتا۔ آرگینن کے حوالہ جات مجھے مطمئن نہیں کرتے کیا آرگینن آسمانی صحیفہ ہے؟ میٹریا میڈیکا میں موجود ادویات کی اشاراتی علامات صرف اہل نظر کو فائدہ پہنچاتی ہیں عام آدمی ان سے قوانین اخذ نہیں کر سکتا۔

ایک 17 سالہ لڑکا چھت سے گر گیا سر پر چوٹ آنے کی وجہ سے ذہنی خلل کا شکار ہو گیا نیٹرم سلف IM سے نارمل ہوا۔

دبلی پتلی مریضہ نے بتایا کہ ایک لقمہ خوراک کھانے سے ہی اس کا پیٹ ڈھول کی طرح ہو جاتا ہے۔ میں نے اس مریضہ کی ساخت کو مد نظر رکھتے ہوئے کلکیریا فاس دی

اور اسکی تکلیف جاتی رہی۔

میں گلزار صاحب سے متفق ہوں کہ سیلینئم کرپٹ بھی ہوتے ہیں اور جنتیں بھی۔ ابن سینا کے متعلق کہیں پڑھا تھا کہ وہ دائمی قبض کا مریض تھا اور رفع حاجت کیلئے سواک کا سہارا لیتا تھا۔

ہمارے معاشرے میں ذات پات کی تمیز پائی جاتی ہے صحیح النسل راجپوت پلاٹینا ہوتے ہیں جعلی راجپوت پلاڈیم ہوتے ہیں۔ جاٹ لیکس ہوتے ہیں۔ پٹھان مرک سال ہوتے ہیں۔ آرائیں سٹافی ہوتے ہیں جبکہ ان کی عورتیں پلس ہوتی ہیں۔ ماچھی نکس وامیکا ہوتے ہیں اور ان کی عورتیں سیپا کی تصویر ہوتی ہیں۔ گوجرنوالہ لاہور اور سیالکوٹ میں ایک قوم کے لوگ رہتے ہیں جو کشمیری کہلاتے ہیں یہ تو میں نہیں جانتا کہ ان کا کشمیر سے کیا تعلق ہے لیکن میں یہ جانتا ہوں کہ کشمیری کلکیریا کارب ہوتے ہیں جبکہ ان کی عورتیں پیلا ڈونا ہوتی ہیں۔ ان کے باڈی بلڈرز اینڈ فلور اور کلکیریا فلور کی ساخت رکھتے ہیں۔ مصلی اور دیندار ٹرنٹولا ہوتے ہیں جبکہ ان کی عورتیں لیک کین ہوتی ہیں۔ مصلی اپنی مخصوص کھانسی سے پہچانا جاتا ہے۔ اصلی راجپوت عورت بھی حکمران ہوتی ہے اور اس کی بٹک زیادہ Visible نہیں ہوتی۔ اور لڑائی میں مردوں کے شانہ بشانہ سر پر پگڑی باندھ لیتی ہے۔

میں کوئی بھی گانا سنوں تو میرے ذہن میں موسیقی کا زیروبم گانے کی ادائیگی اور بول سے کوئی نہ کوئی دوا فوراً آجاتی ہے۔ آپ حیران ہو رہے ہیں؟ اس میں حیران ہونے والی کون سی بات ہے یہ تو معمولی سی بات ہے۔

مکھن کھانے کی خواہش فیرم میٹ۔ ایلم سٹائیوا اور مرک سال میں ملتی ہے۔

کروپ کھانسی میں ایکو نائٹ 200 سپونجیا 200 ہیپر سلف 200 گھنٹہ گھنٹہ بعد استعمال کروائیں۔

بواسیر میں مبتلا مریض کو سیاہی مائل خون آتا تھا ہیما میلیس 30 دی کوئی فائدہ نہ ہوا۔ 200 میں بھی فائدہ نہ ہوا۔ IM بھی ناکام رہی ہیما میلیس Q سے ایک دن میں آرام آ گیا۔

انفلوئنزا کیلئے میرے ذہن میں سب سے پہلے ایکو نائٹ۔ بیلا ڈونا۔ یوپے ٹوریم اور جیلسی آجاتی ہیں۔

کونیم کے بداثرات جیلسی میم سے دور کئے جا سکتے ہیں۔

ضدی بچوں کو ٹیوبر 200 کی ایک خوراک دے دیا کریں۔

دیرینہ نکسیر میں مبتلا شخص کو فاسفورس 30 سے آرام آیا۔

پسینے سے کپڑے داغدار ہو جائیں تو گریفائی ٹس دیکھیں۔

بالوں میں جوئیں ہوں تو سوراٹیم بھی دیکھ لیا کریں۔

جماع کے بعد چڑچڑاپن سیلنیئم میں ملتا ہے اور کلکیریا کارب میں بھی۔

میں نے جہنم کی دواؤں کو دریافت کر لیا ہے۔ نکس۔ لیکس۔ انٹم کروڈ۔ کلکیریا فلور۔

کلکیریا کارب۔ کیموملا۔ کاربوویج۔ سٹرامونیم۔ بیلا ڈونا۔ لائیکو۔ پلس۔ سٹافی۔ ٹرنٹولا ہسپانیہ۔ سلفر۔ سورائینم۔ سیپا۔ گریفائیٹس۔ ارجنٹم N زنکم میٹ۔ آرم میٹ۔ جیلسمیم۔ نیٹرم فاس۔ کاسٹی کم۔ سیلیشیا۔ لیک کن۔ فاسفورس۔ آرم میور۔ تھوجا۔ ہائیوسائیمس۔ کیکٹس۔ کالی کارب میرے نزدیک جہنمی دوائیں ہیں۔

نکس۔ سٹافی۔ لیکس۔ اور جیلسمیم کی اکثریت جیل میں دیکھنے میں آئی۔

جیل کے افسران پلیڈیم ہوتے ہیں جا بے جا خوشامد چاہتے ہیں۔ اور ان کی قیمت صرف دس روپے ہوتی ہے۔ ٹریفک پولیس والے کی قیمت 5 روپے ہوتی ہے۔

اس معاشرے کی ایک بدبختی یہ بھی ہے کہ یہاں ہر شخص جج ہے۔

قیدیوں پر ہر نیا سورج امید کا پیام لاتا ہے جبکہ حوالاتیوں پر مایوسی کا۔ یہ دونوں صورتیں انسانی جسم میں بھی پائی جاتی ہیں۔

اگر میرے پاس وقت ہوتا تو تعزیرات پاکستان کی ہر دفعہ کی دوا لکھ دیتا۔

پھانسی کی کوٹھڑی کو زندہ آدمیوں کی قبر کہا جاتا ہے۔ پھانسی کا حکم ہو جانے کے بعد اگر انسان مسلسل نفل پڑھنا شروع کر دے تو یا بری ہو جاتا ہے اور یا موت کا خوف ختم ہو جاتا ہے۔

جیل سے نجات "مال" سے ملتی ہے اور جہنم سے نجات "اعمال" سے۔

جیل کے گارڈز یہ سمجھتے ہیں کہ لوگوں پر ان کا اختیار ہے ہر وقت دھونس دیتے رہتے ہیں۔

جیل کی ڈسپنسری میں صرف A.P.C گولیاں۔ ٹیٹرا سائیکلین کیپسول۔ وٹامن بی کمپلیکس گولیاں کلوروکین گولیاں اور بسکو پان گولیاں موجود تھیں۔ ہر مریض کو انہی دواؤں سے بھگتا دیا جاتا۔ اس طرح کے علاج سے قیدی Aggressive ہو کر ٹھیک تو ہو جاتا ہے لیکن اس کے اندر بد معاشی کا عنصر مزید بڑھ جاتا ہے۔

جیل میں مجھے بار بار خیال آیا کاش حکومت ایک عدد ہومیو پیتھ کو سرکاری طور پر جیل میں تعینات کر دیتی۔ خرچ بھی کم ہوتا قیدیوں اور حوالاتیوں کو اچھا علاج بھی میسر آ جاتا۔

قدیم اطباء مریضوں کو ارہر کی دال تجویز کرتے تھے جیل میں یہ دال صبح و شام ملتی ہے۔ بازار سے شائد نہ ملے۔ اگر کسی مثبت ذہن کو جیل جانا پڑے تو یہی دال کھائے۔ گھر سے کچھ نہ منگوائے۔ ابتلاء تو ہے ہی کیوں نہ مزید خود احتسابی کر لی جائے۔

دس دیگ پانی۔ ایک مٹھی بھر چائے کی پتی۔ ایک مٹھی نمک نمک خوردنی۔ جوش دیں حتیٰ کہ پتی کا رنگ نکل آئے۔ جیل میں صبح کو ملنے والی چائے تیار ہے۔

50 کا نوٹ آپ کو جیل میں کسی بھی "بھٹیک" سے بچا سکتا ہے۔

میں نے جیل میں سب سے زیادہ "مطمئن" پیشہ ور چوروں کو پایا وہ بڑے آرام سے جیل میں دن گذارتے ہیں۔ اس لئے کہ جیل کے باہر ان کا کوئی پرسان حال نہیں ہوتا۔

جیل میں "اصلاح" نہیں کی جاتی بلکہ "مٹی پلید" کی جاتی ہے۔

اگر آپ "بیگار" کو جاننا چاہتے ہیں تو چند یوم جیل میں گزار آئیں۔

میڈیکل سائنس بالضد اور بالمثل دونوں پر مشتمل ہے۔ دو مقناطیس ایک دوسرے کے مماثل ہوتے ہیں مگر جب انہیں جوڑا جاتا ہے تو ایک کا North Pole دوسرے کے South Pole سے جڑتا ہے آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ مثل اور ضد جدا نہیں کئے جا سکتے۔

ٹائی فائیڈ میں بے ہوشی ہو تو بپ ٹیشیا۔ فاسفورس اور آرنیکا پر غور کریں۔

اکثر عورتیں بتاتی ہیں کہ ان کے پیٹ اور رحم میں بوجھ رہتا ہے یوں معلوم ہوتا ہے کہ تمام اعضاء نیچے نکل پڑیں گے سیپیا۔ لیک کین۔ میوریکس اور للیم ٹگ میں کیس مل جاتا ہے۔ اگر ویجائنہ میں بہت زیادہ حدت ہو تو بیلا ڈونا کو دیکھیں۔

Sciatica میں مبتلا مریض کلرک ہو تو نکس وامیکا ضرور دیکھیں۔

ایک عورت جس سے گاؤں کی عورتیں ڈرتی تھیں اور اس کے منہ لگنا پسند نہیں کرتی تھیں لیکن میں نے کئی بار دیکھا کہ وہ جہاں بیٹھی ہوتی اس کے گرد عورتوں خصوصاً نوجوان لڑکیوں کا جمگھٹا لگا رہتا۔ نہایت پر لطف لیکن فحش گفتگو کرتی۔ ایک دن مجھ سے دوا لینے آئی۔ آتے ہی اس نے ایک فحش فقرہ میری جانب اچھالا میں نے علامات نہیں لیں سٹرامونیم 200 اس کے ہاتھ میں تھما دی۔ یہ ڈراوا محض ٹھکا ہوتا ہے۔

Angina Pectoris میں آرم۔ کیکٹس۔ کریٹے گس۔ گلو نائن عمدہ رزلٹ رکھنے والی ادویات ہیں جبکہ ایکو نائٹ۔ ناجا۔ ٹو بیکم۔ وائی پیرا۔ سپائی جیلیا۔ فاسفورس۔ نکس وامیکا۔ بھی اچھی دوائیں ہیں۔ Cardiac Asthma کے علاج میں بھی ان دواؤں کو مد نظر رکھیں۔

اگر زیادہ چائے پینے سے مجھے سر درد ہونے لگے تو سیلیشیم 200 لیتا ہوں۔ چائے پی کر نماز نہیں پڑھنی چاہیے۔ توجہ کہیں اور چلی جاتی ہے اور سجدہ سہو کرنا پڑتا ہے۔

---

16 سال سے درد سر میں مبتلا مریض نے بتایا کہ وہ جب گردن سے جلد ایک چٹکی میں پکڑ لیتا ہے تو درد غائب ہو جاتا ہے میں نے دیکھا اسکی گردن پر وہ جگہ موٹی ہو گئی تھی۔ میں نے برائی اونیا 200 دو یوم کیلئے دے دی۔ تیسرے دن مریض نے بتایا کہ وہ بالکل ٹھیک ہے البتہ دائیں جانب وزن اور بوجھ سا محسوس ہوتا ہے۔ سینگو نیریا 30 چار روز کیلئے دے دی۔ مریض اب بھی میرے پاس آتا رہتا ہے لیکن دوبارہ اس کے سر درد نہیں ہوئی۔ سر درد میں گردن کی پشت کی کوئی رگ پھولی ہوئی ہوتی ہے اگر اسے تھوڑی دیر تک پکڑ کر رکھا جائے تو درد ٹھیک ہو جاتا ہے۔

ایک لڑکی کو پہلی بار بچی پیدا ہوئی اور ایک گھنٹے میں چل بسی دوسری مرتبہ جڑواں بچیاں پیدا ہوئیں اور دونوں بچیاں بھی ایک گھنٹے کے اندر ہی فوت ہو گئیں۔ تیسری مرتبہ جب وہ تین ماہ کی حاملہ تھی علاج کی غرض سے میرے پاس آئی۔ اسکی ساس نے بتایا کہ تینوں بچیاں نہایت کمزور تھیں جیسے چوہے کے بچے ہوں۔ میری پریکٹس نئی نئی تھی اور مجھے ایسے کیسوں کا تجربہ نہیں تھا۔ میں نے اسے ٹیٹا سیٹم cm کی ایک خوراک دیکر کلکیریا فاس 6x کا ایک پونڈ اسے تھما دیا کہ وہ چار چار گولیاں دن میں چار مرتبہ لے

لیا کرے اس مرتبہ اسکے ہاں صحت مند بچی پیدا ہوئی اس علاقے سے "اٹھراہ" میں مبتلا اور عورتیں مجھ سے علاج کروانے آنے لگیں۔

کمر میں بل پڑ جائے تو سکیل کار سے آرام آ جاتا ہے۔

بوڑھے لوگوں کی پیچش (Dysentery) میں بپ ٹیشیا دیکھ لیا کریں۔

اکثر ینگ ڈاکٹرز یہ شکایت کرتے ہیں کہ Emission میں ہومیو دوائیں رزلٹ نہیں دیتیں۔ اگر آپ بھی الجھن محسوس کرتے ہیں تو تھوجا Q کے پانچ پانچ قطرے مریض کو دن میں تین چار مرتبہ پلا دیا کریں۔

" چاندنی راتیں، پیار کی باتیں " انٹم کروڈ کو طلب کرتی ہیں۔ فلموں یا عملی زندگی میں ظالم مردوں کو پلسٹیلا عورتوں نے ہی انسان بنایا ہے۔

ٹائی فائیڈ بخار میں اپھارہ ہو جائے تو کاربو ریج اہم دوا ہے ایبا فوٹیڈا۔ لائیکو پوڈیم۔ اگاری کس اور ٹیری بن تھینا بھی دیکھ لیا کریں۔

ایک آدمی نے بھگندر سے نجات کیلئے اپریشن کروا دیا۔ زخم بند ہو چکا تھا لیکن درد نہ جاتا تھا۔ بربرس ویلگرس 30 سے آرام آیا۔

بعض عورتوں کی دوران حمل جنسی خواہش بڑھ جاتی ہے فاسفورس دوا ہوتی ہے۔

اناکارڈیم میں خود اعتمادی کا فقدان ہوتا ہے یہ علامت لائیکو پوڈیم میں بھی ملتی ہے اور آرم میٹ میں بھی۔ ظالم کو اناکارڈیم اور اینٹم کروڈ میں دیکھا کریں جبن لائیکو کی

آنکھوں میں پانی آجاتا ہو وہ کبھی نہ کبھی سیدھا ہو جاتا ہے۔

گردن کے درد کو برائی اونیا 200 بیلا ڈونا 200 کا کمپاونڈ فوری آرام دیتا ہے۔

ایک بینک مینجر نے بتایا کہ کھانا کھاتے وقت اسکے چہرے پر پسینہ آجاتا ہے اگنیشیا IM سے ٹھیک ہوا۔

آپ نے دیکھا ہو گا کہ بعض لوگ کھانا کھانے کے بعد اپنے کپڑے ڈھیلے کرنے لگتے ہیں اگر گھر میں ہوں تو کھانے کے بعد چارپائی پر سیدھے ہو جاتے ہیں۔ انہیں نکس وامیکا کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر انسان اپنے آپ کو ظہر کی نماز کا عادی بنا لے تو یہ عادت ختم ہو جاتی ہے۔

حاملہ عورت کو اسہال آتے ہوں تو ایک نظر پلس پر بھی ڈال لیں۔

خشک کھانسی میں جب آپ فاسفورس دیتے ہیں تو مریض کو بلغم کا اخراج ہونے لگتا ہے ہیپر سلف دوا ہوتی ہے۔

" کتے کھنگ "میں سپونجیا۔ بیلا ڈونا اور فاسفورس اچھی دوائیں ہیں۔ اگر کوئی غصہ کو روک لے تو بھی " کتے کھنگ "لگ جاتی ہے۔

چھینکوں میں سباڈلا اچھی دوا ہے اگر چھینکوں کی پرانی شکایت پائی جاتے تو سلیشیا پر غور کریں۔

بچے کو دودھ راس نہ آتے یا بڑے کو، کلکیریا کارب دے دیتا ہوں۔

مچھلی کھانے سے تکالیف پیدا ہوں تو پلس بھی آرام دیتی ہے اور کاربو ویج بھی۔

ہیپر سلف ٹھنڈک سے حساس ہوتا ہے یہ علامت امونیا کارب میں بھی ملتی ہے اور سیلیشیا میں بھی۔ کالی کارب بھی دیکھ لیا کریں۔

نکس وامیکا۔ نیٹرم سلف۔ چیلیڈونیم یرقان کی اچھی دوائیں ہیں۔

غم کی وجہ سے نیند نہ آئے تو اگنیشیا IM سلا دیتی ہے۔

موٹی تازی عورتوں کا لیکوریا گریفائیٹس سے ٹھیک ہو جاتا ہے اور نیٹرم کارب سے بھی۔ نیٹرم کارب میں موٹاپا ڈھیلا ہوتا ہے۔

اپنی بیویوں کو مارنے پیٹنے والے لوگ سٹافی سیگریا ہوتے ہیں۔

بڑی عجیب بات ہے کہ پلس بھی جلد ناراض ہو جاتی ہے اگنیشیا بھی اور سٹافی بھی۔ لیکن پلس جلدی راضی ہو جاتی ہے۔

ٹائی فائیڈ میں مبتلا مریض کی جب بخار سے جان چھوٹتی ہے تو کمزوری اسے ہلنے جلنے کے قابل نہیں چھوڑتی۔ مریض گلوکوز کی بوتلیں لگواتے ہیں لیکن آپ سیلنیئم 200 دے کر دیکھیں۔ کلکیریا فاس بھی اس کمزوری کا علاج ہے۔

چہرے پر زخموں کے نشان رہ گئے ہوں تو سیلیشیا سے بھی ٹھیک ہو جاتے ہیں اور کلکیریا فلور سے بھی۔ حیرت انگیز طور پر گڑھے بھرنے لگتے ہیں۔

پاؤں کے تلووں میں چنڈیاں انٹم کروڈ میں ملتی ہیں۔ رنین کولس بلب میں بھی یہ علامت ملتی ہے۔

میرا پڑوسی دکاندار سارا دن ٹیلی ویژن پر کرکٹ میچ دیکھتا رہا۔ شام کو مجھے کہنے لگا کہ آج اسکی آنکھیں درد کر رہی ہیں میں نے آرنیکا 200 دے دی۔ براتی اونیا کو اس حوالے سے دیکھ لیں کہ میچ دھوپ میں بیٹھ کر تو نہیں دیکھا۔ گرمی سے عضلاتی تھکن کی دوا براتی اونیا ہے۔

لاہور اور گوجرنوالہ میں جن بازاری لوگوں کیلئے "شورے" کی اصطلاح استعمال ہوتی ہے وہ "شورے" ہائیوسائیمس ہوتے ہیں۔

ایک مریضہ کو کھانسی کیلئے دوا دیتا دوسرے روز وہ پھر کھانسی کی شکایت لے کر آجاتی چوتھے روز مریضہ نے بتایا کہ جب وہ خالی پیٹ ہوتی ہے تب کھانسی زیادہ ہوتی ہے بسمتھ 30 سے آرام آیا۔

جو مریض یہ بتائے کہ اسے ہر موسم سرما میں کھانسی کی شکایت ہو جاتی ہے اسے سورا ئینم 200 ضرور دیتا ہوں۔

ایک عورت کی زبان سے چھلکے اترتے تھے زبان پر نقشے سے بھی بنے ہوئے تھے ٹراکسی کم 200 سے ٹھیک ہوئی۔

میٹھا کھانے سے تکالیف پیدا ہوں تو آپ ارجنٹم نائٹ دیتے ہیں نیٹرم فاس سے بھی آرام آجاتا ہے۔ لائیکو اور سلفر سے بھی۔

کسی بھی تکلیف میں جب جسم ٹھنڈا ہونے لگے اور حالت نزع کی معلوم ہوتی ہو تو وریٹرم البم، کیمفر اور کاربو ویج کو دھیان میں رکھیں۔

بچوں کے جسم سے کھٹی کھٹی سی بو آئے تو آپ کے ذہن میں ہیپر سلف آجاتی ہے ایسڈ سلف بھی دیکھ لیا کریں۔

بچے کی ناک بند ہو یا بڑے کی، ایلو پیتھک دواؤں سے ناک بند ہو گئی یا دیسی ادویات سے، نکس وامیکا 200 ، سٹکٹا 200 ہیپر سلف 200 کا کمپاؤنڈ دو منٹ میں بند ناک کھول دیتا ہے صرف ایک خوراک دے کر دیکھیں۔

بہتا ہوا زکام رک جائے تو کان بند ہو جاتے ہیں مریض بہرے پن کی شکایت کرتا ہے لیکس بھی دوا ہوتی ہے اور زنکم بھی۔

بیوہ عورتوں کے کیس کو نیم۔ ارجنٹم نائٹ۔ ایپس۔ بووسٹا اور اگاری کس میں مل جاتے ہیں۔

زبان خشک ہو اور پھٹی ہوتی ہو تو آپ بپ ٹیشیا کی طرف دھیان دیتے ہیں رسٹاکس کو بھی ذہن میں رکھا کریں۔

نرخرہ میں سوزش کی وجہ سے کھانسی ہو تو سینگو نیریا نائٹ سے آرام آ جاتا ہے اور فیرم فاس، کالی میور Alternate کروانے سے بھی۔

شدید قبض ہو اور پیٹ درد بھی ہو تو پلمبم 200 سے آرام آ جاتا ہے۔ یہ قولنجی درد ہوتا ہے اور پیٹ اندر کی طرف کھچا ہوا ہوتا ہے۔

فائی سوسٹگما اس وقت دیں، جب دور کی نظر کمزور ہو اور جب قریب کی نظر کمزور ہو تو للتیم کو دیکھیں۔

زبان پر سیاہی مائل تہہ ہو تو فاسفورس دوا ہوتی ہے۔

گرم گرم چائے یا دودھ کا گھونٹ بھرنے سے زبان جھلس جائے تو کنیتھرس 30 سے آرام آ جاتا ہے۔

ایک مریضہ کو چکروں کی شکایت تھی۔ اس نے بتایا کہ متلی بھی ہوتی رہتی ہے اور قے بھی ہو جاتی ہے کاکولس 30 سے ٹھیک ہو گئی۔

زیادہ سگریٹ پینے سے سر درد کرنے لگے تو جیلسی سے بھی آرام آ جاتا ہے اور نکس سے بھی۔ کیا ٹیبکم سے بھی آرام آتا ہے؟

بسیار خور مریض انٹم کروڈ ہوتے ہیں۔

ہڈی پر چوٹ لگے تو روٹا 200 دے دیں اگر ہڈی ٹوٹ جائے تو سمفائیٹم اور کلکیریا فاس دیکھیں۔

جب کوئی مریضہ باتیں بھی کرتی جائے اور زبان ہونٹوں پر بھی پھیرتی رہے تو میں اسے پلس خیال کرتا ہوں۔ بعض بد معاش عورتوں کی ویسے بھی یہ عادت ہوتی ہے۔

بڑھاپے کا بہرہ پن سیلشیا سے ٹھیک ہو جاتا ہے۔ کونیم بھی دوا ہوتی ہے اور وربا سکم بھی۔

آلو کھانے سے ہاضمہ خراب ہو تو ایلو مینا واحد دوا ہے۔

انڈا ناموافق ہو کاربو ویج دوا ہوتی ہے کالچی کم سے بھی آرام آ جاتا ہے۔

گوبھی کھانے سے اسہال لاحق ہوں تو برائی اونیا کے بارے میں آپ سوچتے ہیں اور ہچکچاتے ہیں پٹرولیم دے دیا کریں۔ لائیکو بھی دوا ہے۔

آپ نے دیکھا ہو گا کہ شدید گرمیوں میں بھی کچھ لوگ گرم کوٹ پہنے ہوئے ہیں بعض چادر کی بکل میں پھرتے ہیں سورائینم ہوتے ہیں۔

میں ایک عورت سے ہسٹری لے رہا تھا کہ اس نے بتایا کہ موسم گرما اس کے لئے ناقابل برداشت ہوتا ہے۔ سکیل کار 30 دے دی۔

کمر درد میں مبتلا مریض نے بتایا کہ وہ جب کھانستا ہے تو کمر درد زیادہ ہوتی ہے برائی اونیا 200 سے کمر درد بھی ٹھیک ہو گیا اور کھانسی بھی۔

سکتہ میں اوپیم اچھی دوا ہے۔

گردن توڑ بخار میں پیلا ڈونا۔ جیلسی۔ ہیلی بورس۔ برائی اونیا اور سلفر دوائیں ہوتی ہیں۔ بچوں میں پہلے جیلسی میم دیں لیکن 200 سے اونچی طاقت نہ دیں۔ بخار ٹوٹ کر جسم نارمل سے زیادہ ٹھنڈا ہو سکتا ہے۔

وبائی نزلہ وزکام میں انفلوئنزا 200 کی ایک خوراک ضرور دیں۔

فرج میں پھنسیاں ہوں تو نائیٹرک ایسڈ دوا ہوتی ہے فرج کے کناروں پر پھنسیاں ہوں تو گریفائیٹس دوا ہوتی ہے۔

انگلیوں پر پھڑکن اور جھٹکے محسوس ہوں تو کالی برومائیڈ دے دیں۔ یہ جنسی خواہش کا پیتھالوجیکل اظہار بھی ہو سکتا ہے۔

چہرے پر چیونٹیاں چلنے کا احساس نکس میں ملتا ہے جلد پر چیونٹیاں چلتی محسوس ہوں تو سکیل کار دوا ہوتی ہے اگر کمر اور ہاتھوں پر چیونٹیاں چلنے کا احساس پایا جائے تو ایلومینا دے دیں۔

ایک ہومیو لیڈی ڈاکٹر نے اپنی بھاوج کو وضع حمل کی دردیں تیز کرنے کیلئے جیلسیمیم IM کی ایک خوراک دی۔ دردیں بجائے تیز ہونے کے بالکل بند ہو گئیں۔ آٹھ گھنٹے گزرنے کے بعد وہ گھبرائی ہوئی میرے پاس آئی جیلسی Cm کی ایک خوراک سے پندرہ منٹ میں دردیں دوبارہ شروع ہو گئیں۔ IM دینے سے فوراً سیکنڈری ایکشن ہو گیا۔ پھر جب Cm دی تو چونکہ رد عمل بھی ایک عمل ہوتا ہے اس لئے درد پھر تیزی سے شروع ہو گئے۔ اگر میں دوا کو 30 میں بار بار دوہراتا تو مریضہ اپنی پہلی حالت پر آتی اور پھر دردوں میں تیزی ہوتی۔

ایپس۔ بیلاڈونا۔ کینتھرس۔ اگاری کس۔ کاربوانیمی۔ سلفیورک ایسڈ جلن پیدا کرنے والی ادویات ہیں۔

دودھ پلانے والی عورتوں کے سر کے بال گرنے لگیں تو نیٹرم میور دوا ہوتی ہے۔

• آپ ماہواری کی خرابیوں کا علاج کر رہے ہوں تو مریضہ کو سوزاکی کیفیت کے حوالہ سے ماہواری ختم ہونے پر میڈھورنیم cm کی ایک خوراک دے دیا کریں کیونکہ بعض اوقات پر درد حیض کا عارضہ خاوند کی طرف سے سوزاکی اثر منتقل ہونے سے لاحق ہوتا ہے۔

بعض عورتیں سر کی چوٹی پر بوجھ بتاتی ہیں اگر کسی عورت کی عمر 40-50 سال کے درمیان ہو تو آپ کو کیس لیکس۔ کیکٹس اور گلونائن میں مل جائیگا۔

ایک صاحب عضو تناسل کی خارش میں مبتلا تھے خصیوں پر بہت خارش ہوتی تھی کروٹن ٹگ 30 سے آرام آیا۔ اگر کروٹن ٹگ خام حالت میں دیا جائے تو سردی کی خارش کو آرام آ جاتا ہے اور گرمی کی خارش بڑھ جاتی ہے جس سے سارا علاقہ سیاہ ہو جاتا ہے۔

وضع حمل کے بعد زچہ کا پیشاب رک جائے تو کاسٹی کم جاری کر دیتی ہے۔

ایک مریض نے بتایا کہ وہ جب دونوں آنکھوں سے دیکھتا ہے تو ایک کے دو دو نظر آتے ہیں جب ایک آنکھ سے دیکھتا ہے تو صحیح نظر آتا ہے سینی گا 30 سے آرام آیا۔

کئی خواتین میک اپ کی عادی ہوتی ہیں میک اپ کی کثرت سے ان کا چہرہ واقعی خراب ہو جاتا ہے بووسٹا دوا ہوتی ہے۔ انڈین اداکاراؤں کے چہرے آپ کو دیکھنے میں ہی خوبصورت نظر آتے ہیں۔

وزن اٹھانے سے پیٹ درد ہو تو کاربو ویج سے آرام آ جاتا ہے۔

سیاح کلکیریا فاس ہوتے ہیں۔

میٹھی اشیاء کھانے سے معدہ میں جلن ہونے لگے تو زنکم میٹ آرام دیتی ہے۔

میں نے اکثر نوٹ کیا ہے کہ کو نیم کی خواتین بہترین لباس پہنتی ہیں۔

کھانے کے بعد درد دل ہو تو کالی بائی دوا ہوتی ہے۔

ایک موٹی عورت نے بتایا کہ اسے جب بھی حیض آتا ہے قبض ہو جاتی ہے گریفائیٹس سے ٹھیک ہوتی۔

گردے میں ورم کی شکایت ہو تو ایپس 30 ، کینیتھرس 30 Alternate کروا دیا کریں۔

زبان کا رنگ سفید دودھ جیسا ہو تو آپ کے ذہن میں انٹم کروڈ آتی ہے بسمتھ بھی دیکھ لیا کریں۔

رحم کے کینسر میں کریازوٹ۔ لیپس ایلبا اور فاسفورس اچھی دوئیں ہیں۔

درد گردہ میں کلکیریا کارب 30 ۔ کیمومیلا 30 ۔ بیلاڈونا 30 کا کمپاؤنڈ آرام دیتا ہے۔

پڑھتے وقت سر درد ہو تو نیٹرم میور سے بھی آرام آ جاتا ہے اور کلکیریا فاس سے بھی۔

دماغ کمزور ہو مریض ہر وقت لیٹا رہتا ہو تو پکرک ایسڈ بھی دوا ہوتی ہے اور پلمبم بھی۔

گردے میں ورم کی تکلیف والے مریض عموماً بیلاڈونا کی دردیں بیان کرتے ہیں۔

فلورک ایسڈ کے گنجے عیاش ہوتے ہیں۔

ایک عورت نے بتایا کہ وہ روزانہ خواب دیکھتی ہے تو خوب روتی ہے جب آنکھ کھلتی ہے تو آنکھوں میں آنسو ہوتے ہیں۔ گلونائن 30 نے خواب روک دیے۔

نکس کمینہ تو ہوتا ہے کینہ پرور بھی ہوتا ہے۔

اگر معدے کی علامات کھانا کھانے سے پہلے پیدا ہوں تو اپی کاک پر غور کریں اگر کھانا کھانے کے بعد پیدا ہوں تو نکس دے دیں۔

مرک سال تیز گفتگو کرتا ہے۔

انگلیوں کے جوڑوں میں سخت درد اور سوجن کو کالوفائیلم سے بھی آرام آ جاتا ہے۔ اور ارجنٹم میٹ سے بھی۔

چٹنی کھانے سے کوئی پرابلم ہو تو بیلاڈونا سے مسئلہ حل ہو جاتا ہے اور نکس سے بھی۔

45 سالہ مریضہ کا لیکوریا جو خراشدار بھی تھا اور بدبودار بھی، متواتر جاری رہتا تھا سینگونیریا سے ٹھیک ہوا۔

پانی کی طرح پتلے اخراجات یوفریزیا۔ آرس۔ ایلم سیپا اور آرم ٹرف میں ملتے ہیں جبکہ گاڑھے اخراجات کالی سلف۔ ہائیڈراسٹس اور پلس میں ملتے ہیں۔

بعض لوگوں میں موچ آنے کا میلان پایا جاتا ہے سیلشیا۔ نیٹرم کارب اور کاربو اینی میں کیس مل جاتا ہے۔

دس سالہ دبلا پتلا بچہ جو نہایت بد مزاج تھا سکول میں لڑائی۔ گھر میں لڑائی۔ محلے میں لڑائی۔ شدید غصے کی حالت میں خود کو کمرے میں بند کر لیتا۔ بڑی جلدی طیش میں آ جاتا تھا فاسفورس سے نارمل ہوا۔

پتے کی پتھری میں بربرس ویلگرس 12x میں عمدہ رزلٹ دیتی ہے۔

نیٹرم میور دل پھینک عاشق بھی ہوتا ہے اور بے صبرا بھی۔

موسم گرما میں ایک بچی کو دیکھنے کا اتفاق ہوا قے اور اسہال سے اس کی بری حالت ہو گئی تھی بچی کا منہ کھلا ہوا تھا نچلا جبڑا لٹک گیا تھا بچی پھسل کر پائینتی کی جانب چلی جاتی تھی یہ دیکھ کر مجھے میور اٹک ایسڈ یاد آئی لیکن میں بچی کے والد کو ہسپتال لیجانے کا مشورہ دیکر چلا آیا۔ ایک گھنٹہ بعد بچی فوت ہو گئی۔ بچی بمشکل تین سال کی ہو گی۔

میں کئی مریضوں کی زبان پر دوا کے قطرے ڈال دیتا ہوں۔ اس کے کئی فائدے ہیں۔ ایک فائدہ یہ ہے کہ مریض شراب پیتا ہو یا پیتا رہا ہو تو ضرور یہ کہتا ہے کہ یہ دوا تو

شراب جیسی ہے اور مجھے مریض کے متعلق معلوم ہو جاتا ہے۔ جو مریض شراب سے واقف نہ ہوں وہ عموماً سپرٹ کا لفظ استعمال کرتے ہیں۔ ایک روز ایک مریضہ کی زبان پر دوا کے دو تین قطرے ٹپکاتے۔ مریضہ نے ذرا سا منہ بگاڑا اور کہنے لگی یہ تو شراب ہے۔ میں نے اس سے یہ نہیں پوچھا کہ اسے کیسے معلوم ہوا کیوں کہ مجھے علم تھا کہ اس کا خاوند شرابی ہے۔

بچے کو اسہال ہوں رات کو ٹھیک ٹھاک رہے جبکہ دن کو اسہال آتے ہوں تو ہیپر سلف سے بھی آرام آ جاتا ہے اور پائیلو کارپس سے بھی۔ میں پٹرولیم دے دیتا ہوں۔

درد گردہ میں مبتلا مریض نے بتایا کہ اگر پیشاب کھل کر آ جائے تو درد کم ہو جاتا ہے بربرس 6 سے ٹھیک ہوا۔

ایک مریضہ نے بتایا کہ اسے بہت زیادہ پیشاب آتا ہے۔ پیشاب کرتے وقت جلن بھی ہوتی ہے اور درد بھی ہوتا ہے میں نے پیشاب کی بو دریافت کی تو کہنے لگی کھٹی کھٹی بو آتی ہے امبرا گریشیا سے ٹھیک ہوئی۔

پستانوں میں دودھ بھر جانے سے تکلیف ہو تو لیک کین دوا ہوتی ہے ایسا فوٹیڈا سے بھی آرام آ جاتا ہے۔ برائی اونیا بھی دیکھ لیا کریں۔

حیض کی بندش سے اکثر ہاتھ پاؤں سو جاتے ہیں جو عورتیں یہ بتائیں کہ ان کے ہاتھ پاؤں اکثر سو جاتے ہیں میں انہیں کاکولس دے دیتا ہوں۔ پلاٹینا بھی دوا ہوتی ہے۔

جنگ لگی ہو فضائی حملے ہو رہے ہوں تو آپ کو اگنیشیا۔ جیلسی اور ارجنٹم نائٹ ہر وقت اپنے پاس رکھنا ہوں گی۔

مریض کو بخار ہو اور لرزے سے کانپ رہا ہو دو لحاف اوڑھنے سے بھی لرزہ ختم نہ ہو اس حالت میں آپ کے پاس کوئی دوا بھی نہ ہو تو آپ کیا کریں گے؟ مریض کو ایک کپ گرم پانی گھونٹ گھونٹ پلائیں لرزہ جاتا رہے گا۔

سرد ہوا لگنے سے ناک بند ہو تو گریفائیٹس 200 سے ناک کھل جاتی ہے۔

دس سال سے ایک عورت اس عارضہ میں مبتلا تھی کہ اگر وہ بالوں کو تیل لگا لیتی تو اس کا برا حال ہو جاتا حتی کہ اگر کسی نے تیل والے بالوں میں کنگھا کرنے کے بعد کنگھا رکھ دیا ہو اور وہ سر میں کنگھا کر لے تو بھی اسکی یہ حالت ہو جاتی تھی میں نے پوچھا اس صورت میں وہ کیا کرتی ہے؟ کہنے لگی ٹھنڈے پانی سے سر کو خوب دھوتی ہوں تب جا کر سکون ملتا ہے پلس IM سے نارمل ہوئی۔

موسم سرما میں ہتھیلیاں پھٹ جائیں تو پٹرولیم سے آرام آ جاتا ہے۔ دیہاتی لوگ جب ان کے پاؤں کی ایڑیاں پھٹ جائیں تو گریس لگا کر جوتا پہن لیتے ہیں۔

Hemorrhage میں ملی فولیئم۔ آرنیکا۔ ہیما میلس اور فلاپی برما اچھی دوائیں ہیں فاسفورس ہائیڈراسٹس اور اکالفیا انڈیکا بھی دیکھ لیا کریں۔

میں ایک صاحب سے ملنے ان کے گھر گیا۔ ان کا بیٹا قرآن حفظ کر رہا تھا انہوں نے بچے کو قرآن سنانے کو کہا۔ بچہ تلاوت کرنے لگا۔ میں نے دیکھا کہ وہ دو یا تین آیات سنانے کے بعد آنکھیں بند کر لیتا ہے اور کبھی کھول کر آنکھوں کو اوپر کی جانب گھماتا ہے۔ میں نے بچے کی یاداشت کے متعلق دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ بچے کا حافظہ کمزور ہے۔ میں نے انہیں اپنے کلینک پر آنے کو کہا۔ جب وہ دوا لینے آئے تو لٹا کارڈیم 200 دے دی۔

عورتوں پر مٹاپا ہو اور حیض کم آتا ہو تو آپ کوئی نہ کوئی دوا تو دیں گے ہی۔ پچو ٹرین 200 کی ایک خوراک بھی دے دیا کریں۔

کونین کے بد اثرات نیٹرم سلف سے بھی دور ہو جاتے ہیں اور نیٹرم میور سے بھی۔ اگر کونین کے استعمال سے جگر میں سوزش ہو جاتے تو نکس وامیکا دوا ہوتی ہے۔

ایک نو ماہ کا بچہ جسے سوکڑا تھا۔ اسکی ماں نے بتایا کہ بچہ دن رات میں کئی سیر دودھ پی جاتا ہے اور جب پاخانہ کرتا ہے تو سانپ کی شکل کا پاخانہ ہوتا ہے جو اتنا سخت ہوتا ہے کہ اس سے گیند بنائی جا سکتی ہے۔ لیک ڈی فلور im استعمال کروائی کوئی افاقہ نہ ہوا فاسفورس بھی ناکام رہی۔

---

14 سالہ لڑکی کو پانچ چھ سال سے چھینکوں کی شکایت تھی صبح کے وقت چھینکیں زیادہ آتی تھیں۔ لڑکی نے بتایا کہ چھینکوں سے پہلے اسے سردی سی محسوس ہوتی ہے مرک سال IM سے ٹھیک ہوئی۔

اکثر سنا جاتا ہے کہ فلاں شخص غسل خانہ میں پیشاب کرتا ہوا مر گیا۔ فلاں شخص پیشاب کر کے اٹھا ہی تھا کہ گر گیا اور مر گیا۔ ایسے لوگ آناً فاناً مر جاتے ہیں حقیقت یہ ہے کہ علاج معالجے میں لیتھم کارب کو نظر انداز کیا جاتا ہے پیشاب کرتے وقت دل کا درد ہونا اس دوا میں پایا جاتا ہے۔

Gum Boil کیلئے مرک سال۔ بیلا ڈونا۔ ہیپر سلف۔ سلیشیا۔ کلکیریا سلف اچھی دوائیں ہیں۔

جلدی امراض میں سلفر کا دائرہ کار بہت وسیع ہے۔

ایک عورت کی پلکیں گر رہی تھیں کالی کارب 200 نے روک دیں۔

دیہاتوں میں بعض لوگ کھانا کھانے کے بعد "میٹھا سوڈا" پھانک لیتے ہیں اور خیال کرتے ہیں کہ اسطرح ہاضمہ درست رہتا ہے لیکن بد ہضمی کے مریض ہوتے ہیں نیٹرم کارب دوا ہوتی ہے۔

گلے کے درد میں بیلا ڈونا 200 سے آرام آ جاتا ہے مرک سال بھی دیکھ لیا کریں۔

جسم کا کوئی حصہ سوکھ رہا ہو تو پلمبم دیکھیں۔

ایک لکنت کے مریض کو چھ ماہ سٹرامونیم کھلائی کوئی افاقہ نہ ہوا۔

سائی زی جیئم Q کا شوگر کے علاج میں وقتی اثر ہوتا ہے۔

میں ایک گاؤں میں گیا ہوا تھا۔ گرمیوں کے دن تھے وہاں ایک بوڑھے کو دیکھا جسے خناق ہو گیا تھا مجھے برومیم یاد آئی۔ افسوس اس وقت میرے پاس برومیم نہ تھی اور نہ ہی قریب کوئی ہومیو پیتھ تھا مریض کو ہسپتال بھیج دیا۔

ایک مولانا صاحب نے بتایا کہ وہ جب بھی بوجھ اٹھائیں یا آگے کی طرف جھکیں تو کانچ نکل آتی ہے روٹا 30 سے آرام آیا۔

---

28 سالہ لڑکی کو جب بھی حیض آتا اسے پیٹ درد ہونے لگتا۔ کاکولس سے آرام آیا۔

دوران سفر آپ نے دیکھا ہو گا کہ عورتیں اور بچے قے کر دیتے ہیں پٹرولیم بھی دوا ہوتی ہے اور کاکولس بھی۔

مطالعہ کی کمی کلینک پر بھی اثر انداز ہوتی ہے اور مریضوں پر بھی۔ میں ایک مرتبہ پنڈی بھٹیاں گیا ہوا تھا۔ وہاں ایک عورت کو دیکھنے کا اتفاق ہوا اسے پستانوں سے خون آتا تھا۔ میں علاج نہ کر سکا بوفو میں یہ علامت ملتی ہے۔

ٹانسلز کی وجہ سے کھانسی ہو رہی ہو تو بریٹا کارب سے آرام آ جاتا ہے۔

ناک بھی بند ہو اور نزلہ بھی جاری ہو تو نیٹرم آرس دوا ہوتی ہے۔

قے میں آرس۔ وریٹرم البم۔ اپی کاک اور فاسفورس کا پلہ بھاری ہے کارپمیٹ بھی دیکھ لیا کریں۔

آپ کے پاس عورتیں اپنے بچوں کو لاتی ہوں گی جن کے منہ سے رال بہنے کی شکایت ہوتی ہے آپ کو مرک سال یاد آتی ہے۔ اگر رال بدبودار ہو تو بریٹا میور دوا ہوتی ہے۔

ایک عورت کے پستانوں میں سخت گومڑ تھے شدید دردیں ہوتی تھیں رات کو تکلیف بڑھ جاتی تھی کونیم 30 سے آرام آیا۔

جو مریض کہیں کہ زیادہ گرمی اور زیادہ سردی میں ان کی علامات بڑھ جاتی ہیں اگر مریض گورا ہو تو مرک سال دیتا ہوں اگر مریض سانولا ہو تو نائیٹرک ایسڈ دیتا ہوں۔

کمر درد میں رسٹاکس ناکام ہو جائے تو کالی فاس دے دیا کریں۔

سردیوں کے دن تھے ایک مریضہ نے بتایا کہ وہ دو یوم سے پانی نہیں پی سکی حتی کہ پانی دیکھنے سے بھی قے ہو جاتی تھی۔ فاسفورس 200 کی ایک خوراک دیکر پندرہ منٹ بعد آدھا گلاس پانی مریضہ کو پلایا قے نہ ہوئی۔ مریضہ حاملہ تھی۔

آپ نے دیکھا ہو گا کہ باپ اپنے ایک بچے کو پیٹ رہا ہو تو دوسرا بچہ رونے لگ جاتا ہے حالانکہ نہ تو اسے مار کھانے کا اندیشہ ہوتا ہے اور نہ اس نے کوئی قصور کیا ہوتا ہے دوسرے بچے کو مار کھاتا دیکھ کر رونے والا بچہ کاسٹی کم ہوتا ہے۔

معدے کے درد میں کھانا کھانے سے افاقہ ہو تو انا کارڈیم بھی دوا ہوتی ہے پیٹرولیم بھی اور چیلی ڈونیم بھی۔ اگر کھانا کھاتے وقت افاقہ ہو تو آیوڈم۔ ایلومینا اور سورائنیم دوائیں ہیں اگر کھانا کھاتے وقت علامات غائب ہو جائیں تو انا کارڈیم۔ کالی فاس اور سورائنیم میں کیس مل جاتا ہے۔

ایک گھر میں چور گھس آئے۔ اہل خانہ میں ایک عورت جاگ اٹھی۔ اس نے شور مچانا چاہا تو ایک چور نے اس خاتون کو دھمکایا۔ اور چور بھاگ گئے لیکن اس خاتون پر دمہ جیسی کیفیت طاری ہو گئی۔ مریضہ کی ہسٹری میں اس سے قبل کبھی دمہ کا دورہ نہ ہوا تھا۔ خوف کو مدنظر رکھتے ہوئے اسے کاپر میٹ IM دینے سے سانس بحال ہو گیا۔

ظفر

ہاضمے کی خرابیوں میں نکس۔ برائی اونیا اور پلس اچھی دوائیں ہیں۔

بھٹے پر کام کرنے والے مصلی کی بیوی نے بتایا "ڈاکٹر جی میرا کالجہ سڑدا رہندا اے" (میرا کلیجہ جلتا رہتا ہے) میں نے پوچھا کس چیز سے سکون ہوتا ہے کہنے لگی "ٹھنڈی شے نال" کالی سلف 30 سے آرام آیا۔

آرم میٹ کے سرکاری ملازم عموماً فرائض سے غفلت برتنے پر معطل رہتے ہیں۔

کھانستے وقت حلق سے مرغ کی سی آواز آتے تو برومیم بھی دوا ہوتی ہے اور برینا کارب سے بھی آرام آ جاتا ہے۔

بچے دیر سے دانت نکالتے ہوں تو آپ کیمو میلا یا کلکیریا فاس دیتے ہیں بچوں کے دانت سیاہ اور بوسیدہ ہوں تو کریازوٹ دوا ہوتی ہے۔ دانت ملتے ہوں تو سلیشیا دیکھ لیا کریں۔

گرم سرد ہونے سے پسینہ رک جائے تو رسٹاکس دے دیا کریں۔

اپنے شوہروں سے لڑائی جھگڑا کرنے والی عورتیں تھوجا ہوتی ہیں۔

محنتی طالبعلموں کو کثرت مطالعہ سے سر درد ہونے لگتا ہے زنکم میٹ دوا ہوتی ہے۔

شکر قندی کھانے سے دست لگ جائیں تو کیمیا آرس دوا ہوتی ہے۔

گردے میں شدید ترین درد ہو رہا ہو مریض کو قے آ رہی ہو اور متلی بھی موجود ہو تو آپ کیا کرینگے؟ اوسیم کین 200 دے کر دیکھیں۔

سرد ہوا کے جھونکے سے کان درد کرنے لگیں تو ہیپر سلف 200 دے دیں۔

ایک مریضہ کو تھوکنے کی عادت نے تنگ کیا ہوا تھا۔ ہر وقت تھوکتی رہتی حتیٰ کہ وہ میرے کلینک پر بھی تھوکنے سے باز نہ رہ سکی ٹوبیکم IM سے ٹھیک ہوئی۔ جو عورتیں کلینک پر بیٹھے یا .ہوکی غیبت بھی کرتی ہیں اور روتے ہوتے ناک " سنک سنک "کر کلینک کو گندہ کر دیتی ہیں لیکس ہوتی ہیں۔

زکام لگنے سے کھانسی و دمہ ہو تو سینگو نیریا دھیان میں رکھیں۔

ایک مریضہ نے اپنے خاوند کی موجودگی میں بتایا کہ اسے شرمگاہ کے راستہ سے ہوا خارج ہوتی ہے۔ برومیم 30 دی۔ مریضہ دوبارہ نہیں آئی ورنہ رزلٹ کا پتہ چل جاتا۔ مریضہ اور اس کا خاوند دوا لے کر چلے گئے تو میرے پاس بیٹھے ایک کنوارے لڑکے نے بڑی سادگی سے پوچھا " ڈاکٹر صاحب کیا پاخانہ اندام انہانی کے راستہ سے آ سکتا ہے۔ "میں مسکرا دیا۔ لڑکے کو علم نہ تھا کہ مریضہ نے مجھے کیا بتایا ہے لیکن تھوڑی سی بحث کے بعد مان گیا کہ اس کے اس عورت سے ناجائز تعلقات تھے اور دوا لینے کیلئے پیسے بھی اسنے ہی دیے تھے۔

مریض بوڑھا ہو نبض سست چل رہی ہو تو مریض کی زبان کا معائنہ ضرور کرتا ہوں اکثر زبان پر زرد چنبیلی جیسی میل ہوتی ہے جیلسی دے دیتا ہوں۔

ہائیو سائیمس بے شرم ہوتے ہیں اور بازاروں میں گاہک اور دکاندار 99% یہی ہوتے ہیں۔

ایک عورت نے یہ علامت بیان کی کہ اس کے پاؤں ٹھنڈے ہو جاتے ہیں۔ اگر پاؤں گرم ہو جائیں تو ہاتھ ٹھنڈے ہو جاتے ہیں۔ اس عورت نے خوب میک اپ بھی کیا ہوا تھا میں نے غور سے اسے دیکھا اور سیپیا دے دی۔

سلفر کے مریض رات سوتے وقت بستر سے پاؤں باہر نکال دیتے ہیں۔ اگر مریض پاؤں باہر نکالنے کے بعد ٹھنڈی جگہ تلاش کرے تو میڈھورنیم دوا ہوتی ہے اگر مریض چاتے ٹھنڈی کر کے پیتا ہو تو فاسفورس اور پلس دوا ہوتی ہے۔ دونوں کو گرم مشروب سے متلی ہونے لگتی ہے۔

سرد ہوا سے ہونے والی کھانسی ریومیکس 200 سے ٹھیک ہو جاتی ہے۔

جسم ٹھنڈا ہو اور مریض کو اندرونی طور پر آگ کا احساس ہو تو سکیل کار کے ساتھ ساتھ ورا ٹرم البم بھی دیکھیں۔

برش کرنے سے موڑھوں سے خون آتا ہو تو مرک سال دے دیا کریں۔ اگر مریض برش نہ کرتا ہو تو یا تو مرک سال آرام نہیں دے گی اور یا Metastasis ہو جاتے گا یعنی مرض اپنی جگہ بدل لے گا۔

اکثر مریض آپ کو بخار چڑھنے کا وقت بھی بتائیں گے حالانکہ وہ ان پڑھ ہوتے ہیں اور ان کے پاس گھڑی بھی نہیں ہوتی۔ اگر آپ ان کے بتاتے وقت کو مد نظر رکھتے

ہوتے دوا دے دیں تو بخار اتر جاتا ہے میں سوچ رہا ہوں کہ کیا ہر آدمی کے اندر " بھی " گھڑی ہوتی ہے؟ یہ گھڑی اکثر اندھوں کے پاس ہوتی ہے۔

---

40 سالہ مریضہ نے بتایا کہ اسے ناف سے نیچے بائیں جانب درد ہوتا ہے درد اس قدر بڑھتا ہے کہ ویجائنہ سے خون جاری ہو جاتا ہے۔ اور جب خون جاری ہو جاتا ہے تو درد بند ہو جاتا ہے لیکس 200 سے ٹھیک ہوئی۔

ایک عورت نے بتایا کہ وہ جب بھی اپنے بچے کو دودھ پلاتی ہے اس کے سارے جسم میں درد ہونے لگتا ہے فائیٹولا کا 30 سے آرام آیا۔

بدبودار ڈکار ایسافوٹیڈا سے ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

مجھے کئی حضرات نے کہا ہے کہ میں دیہات میں کیوں پریکٹس کر رہا ہوں۔ میں مسکرا کر بات ٹال جاتا ہوں۔ میں Output دے رہا ہوں۔ میں جانتا ہوں کہ رد عمل نے میری طرف ہی لوٹ کر آنا ہے۔ دیہات میں پریکٹس سے میں ہومیو پیتھی سیکھ رہا ہوں۔ مجھ پر کئی انکشافات ہوتے ہیں۔ جس مریض کو آپ ایک ہفتہ دوا نہیں کھلا سکتے۔ میں اسے چھ ماہ دوا کھلا سکتا ہوں۔ حالانکہ میں اتنا خوش اخلاق بھی واقع نہیں ہوا۔ بعض لوگ میرے " مطمئن " ہونے پر تعجب کا اظہار کرتے ہیں۔ کیا کبھی کسی M.B.B.S نے آپ کو سیلوٹ کیا ہے؟ کیا کبھی ایسے ہومیو پیتھ نے جس کا تجربہ آپکی عمر برابر ہو آپ کے ہاتھ چومے ہیں؟ اگر ایسا نہیں ہے تو آپ میرے " اطمینان " قلب " پر ضرور تعجب کریں گے۔

جو مریض یہ بتائیں کہ موسم گرما میں ان کی علامات بڑھ جاتی ہیں۔ میں انہیں نیٹرم میور دے دیتا ہوں۔

سر میں خشکی اور سکری ہو اور بال گرتے ہوں تو کالی کارب دیں۔

پیٹ دبانے سے ڈکار آئیں تو بوریکس دوا ہوتی ہے۔

خاوند بیوی پر شک کرے تو لیکس دیتا ہوں اگر بیوی خاوند پر شک کرتی ہو تو اسے بایوسائیمس دیتا ہوں۔ مجھے سمجھ نہیں آتی کہ ایسا کیوں کرتا ہوں۔

ایک عورت نے بتایا کہ نہایت احتیاط کے باوجود اس کے ہاتھ سے بے ساختہ اشیاء گر جاتی ہیں اس کے ہاتھ کی پشت پر ایگزیما بھی تھا میں نے اس سے پوچھا کہ اس کا خاوند کیا کام کرتا ہے؟ اس نے بتایا کہ وہ بیوہ ہے بووسٹا 200 دے دی۔ یہ علامت ایپس اور اگاری کس میں بھی ملتی ہے۔ (ایک کسان کو پھنسیاں تھیں۔ اس نے بتایا کہ معمولی سی جلد بھی چھلی جائے تو پیپ پڑ جاتی ہے ہیپر سلف 200 سے ٹھیک ہوا۔)

وائی برنم۔ میگ فاس۔ کالو فاسفیلم۔ بیلا ڈونا۔ پلس۔ سمی سی فیوگا Dysmenorrhoea کی روز مرہ کی دوائیں ہیں۔ آپ دو حیضوں کے درمیانی وقفہ میں اشو کا استعمال کروائیں۔

میرے پاس جب کوئی مریض بے خوابی کی شکایت لے کر آتا ہے تو میں اسے سب سے پہلے کافیا 200 کی ایک خوراک دیتا ہوں 80% کیسوں میں مریض مطمئن ہو جاتے ہیں۔

ایک پیش امام نے اپنی بیوی کو ایک طلاق دے دی رشتہ دار اس کوشش میں تھے کہ مولانا صاحب رجوع کر لیں لیکن وہ نہ مانتے تھے۔ ایک دن میں نے ان سے طلاق کی وجہ پوچھی تو انہوں نے بتایا کہ بیگم ان کا " حکم " نہیں مانتی۔ میں نے سٹافی IM کی دو خوراکیں دے دیں۔ چوتھے روز مولانا صاحب نے رجوع کر لیا۔

اکڑین (ہمدرد) یرقان کی مفید دوا ہے۔

بچوں کے منہ میں چھالے ہو جاتے ہیں مائیں انہیں گلسیرین استعمال کرواتی رہتی ہیں۔ بوریکس 30 ۔ مرک سال 30 نائیٹرک ایسڈ 30 کا کمپاؤنڈ آرام دیتا ہے۔

جب تک آپ موسمی امراض کا علاج نہیں کر سکتے اس وقت تک کامیاب ڈاکٹر نہیں بن سکتے۔

اگر آپ ایلو پیتھک ادویات کا سہارا لیتے ہیں تو آپ دواؤں سے عدم واقفیت کی وجہ سے مریضوں کو نہیں بلکہ خود کو دھوکہ دیتے ہیں۔

ایک Gangrene کی مریضہ کو دیکھنے گیا کمرے میں داخل ہوا تو انتہائی ناگوار بو نتھنوں میں گھس گئی۔ شدید متلی ہوئی اور مجھے قے ہو گئی۔ بہت شرمندہ ہوا۔ اعتدال پر آیا تو ناک منہ لپیٹ کر مریضہ کا معائنہ کیا۔ اس بیچاری کے پاؤں کی انگلیاں کاٹ دی گئیں تھیں۔ سارے جسم پر زخم تھے۔ اسہال اور بخار بھی تھا۔ آرس IM کی ایک خوراک سے چار گھنٹوں میں بخار جاتا رہا۔ چھ یوم بعد ٹیوبر Im دی۔ دسویں روز آرس cm دی ایک ہفتہ میں علامات صاف ہو گئیں آپ آرس کے متعلق سوچ رہے ہوں گے کمرے کی بو سے ہی میرے ذہن میں آرس آئی تھی۔

شلجم کھانے سے ہاضمہ خراب ہو یا گاجر کھانے سے لائیکو دے دیتا ہوں۔

جی ہاں، روٹی بھی تکلیف کا باعث ہو سکتی ہے برائی اونیا دوا ہوتی ہے۔

کالی رنگت والی بد صورت دبلی پتلی 60 سالہ مریضہ نے بتایا کہ چند یوم سے اسے تمام اشیاء کا صرف نچلا حصہ دکھائی دیتا ہے حتی کہ گھر میں اپنے بیٹے اور پوتوں کے بھی

سے ایک یوم میں ٹھیک ہو گئی۔ اگر صرف نچلے دھڑ نظر آتے ہیں۔ آرم میٹ 200

مریض کو آدھے دھڑ والے بھوت نظر آتیں تو بھی اورم دوا ہوتی ہے۔

لیک کین مرد بھی ہوتا ہے۔

میں ایک ہومیو ڈاکٹر سے ملنے گیا۔ ڈاکٹر صاحب میز پر رکھی ہوئی ایک شیشی کو گھور رہے تھے۔ دریافت کرنے پر انہوں نے بتایا کہ ان کی آٹھ سالہ پریکٹس میں آج پہلی بار ایک مریضہ کی دوا لیک کین تھی۔ ان کے پاس 200 طاقت میں موجود تھی اور وہ شیشی کو اس لئے گھور رہے تھے کہ آٹھ سالوں میں پہلی بار انہوں نے اس شیشی کی سیل توڑی تھی۔ میں مسکرا دیا۔ تب مجھے معلوم ہوا کہ میں دوسرے ڈاکٹرز پر کیوں فوقیت رکھتا ہوں۔

آدھے سر کے درد میں کیناس انڈیکا Q کمال درجہ کی دوا ہے۔

کمی خون میں مبتلا 18 سالہ لڑکا جس کی جلد کی رنگت زرد مینڈک کی طرح تھی چہرے پر ورم بھی تھا۔ قدرنے تلی بھی بڑھی ہوئی تھی۔ نیٹرم میور 6x کلکیریا فاس 6x فیرم فاس 6x کے کمپاونڈ سے دو ماہ میں نارمل ہو گیا۔

بچے بولنا اور چلنا دیر سے سیکھیں دماغی اور جسمانی ترقی رک جاتے تو اگاری کس پر غور کریں۔ موسم سرما میں سنگترے۔ مالٹے عام دستیاب ہوتے ہیں اگر سنگترہ یا مالٹا نقصان دہ ثابت ہو تو ایسڈ فاس سے آرام آجاتا ہے۔

ڈبل روٹی اور مکھن ناموافق ہوں تو نیٹرم سلف دوا ہوتی ہے۔

Tonslitis کا علاج کرتے وقت تسلی کر لیا کریں کہ مریض کے خاندان میں ٹی۔ بی کی ہسٹری تو نہیں پائی جاتی۔

سٹافی بچہ جب ہوتا ہے تب بھی وہ بڑی "شے" ہوتا ہے روتے جاتا ہے لیکن آنکھوں سے آنسو نہیں بہتے۔ زمین پر لیٹ کر ایڑیاں بھی یہی رگڑتا ہے۔

اگر آپ پوٹینسی کا صحیح انتخاب کرنا چاہتے ہیں تو درج ذیل فقرہ خوشخط لکھ کر اپنی میز پر رکھ لیں۔

"علامات جو شدت رکھتی ہوں دوائیں بھی وہی شدت ہونی چاہئے۔"

وضع حمل کے بعد کی دردوں میں آرنیکا IM جادو جیسا اثر رکھتی ہے۔

آگ سے جلنے کے بعد زخم آرسینک البم سے بھی ٹھیک ہو جاتے ہیں اور کاسٹی کم سے بھی۔

بچے آلو گوبھی جیسی ثقیل غذائیں کھاتے رہتے ہیں بچوں کے اسہال میں پٹرولیم بھی دیکھ لیا کریں۔

ایک عورت جب بھی اپنے بچے کو دودھ پلاتی اسے اندام انہانی سے خون جاری ہو جاتا کروٹیلس 30 سے ٹھیک ہوتی۔ سلیشیا میں بھی یہ علامت ملتی ہے۔

نوجوان لڑکیوں کے چہرے پر کیل نکلتے ہیں۔ اگر ماہواری کی خرابیاں موجود ہوں تو میں سب سے پہلے پلس دے دیتا ہوں۔

اگر بار بار پھوڑے پھنسیاں نکلتے ہوں تو اینتھراسینم 200 کی ایک خوراک ڈالے دیا کریں۔

آجکل تیزابیت کا دور دورہ ہے۔ آئرس ورسی کالر، روبی نیا، نیٹرم کارب اور سلفیورک ایسڈ میں اکثر کیس مل جاتا ہے۔

اسٹی لاگو مشت زنی اور انگشت زنی کی عادت کو ہٹا دیتی ہے۔

ایک شادی شدہ خاتون نے بتایا کہ وہ بالکل ٹھیک ٹھاک ہے لیکن وہ خود کو جنسی لحاظ سے سرد محسوس کرتی ہے اس میں خواہش پیدا نہیں ہوتی۔ ڈامیانہ Q کے استعمال سے ٹھیک ہو گئی۔

دن کو زکام جاری رہے لیکن رات کو ناک بند ہو جاتے تو نکس وامیکا دے دیں۔

نزلہ زکام ہو ہمراہ بخار ہو اور گلا خراب ہو تو آپ اینٹی بایوٹک کی بجائے آرسنک البم 30 اور بیلاڈونا 30 Alternate کروا دیا کریں۔

بغل میں بدبودار پسینہ نائیٹرک ایسڈ سے ٹھیک ہو جاتا ہے۔

اکثر بوڑھوں کے چکر کونیم سے ٹھیک ہوتے۔

V.C.R پر بلیو فلمیں دیکھنے والے سٹافی ہوتے ہیں۔

Mumps میں مرک سال 30 ۔ بیلاڈونا 30 ۔ برومیم 30 کا کمپاؤنڈ آرام دیتا

ٹخنے کی موچ کو آرنیکا سے بھی آرام آتا ہے اور رسٹاکس سے بھی۔

Marasmus کے بچوں میں چہرے پر سلوٹیں پائی جاتیں ہیں ابراٹینم۔ آیوڈم اور نیٹرم میور دوائیں ہوتی ہیں۔

سوزاک میں مبتلا مریض جسے زرد رنگ کا گاڑھا مواد خارج ہوتا تھا پلس IM سے چار روز میں ٹھیک ہوا۔

زبان پر بال کا احساس ہو تو آپ کے ذہن میں سیلیشیا آتی ہے نیٹرم میور اور کالی بائی بھی دیکھ لیا کریں۔

ایک لڑکے کی دل کی دھڑکن کافی پینے سے بڑھ گئی۔ نکس 200 سے نارمل ہوا۔

ایک خوبصورت اور نرم مزاج عورت نے بڑے نرم لہجے میں بتایا کہ اسے کافی عرصہ سے لیکیوریا کی شکایت ہے اور لیکوریا کا مواد بالائی کی طرح ہوتا ہے اس کے ماتھے اور رخساروں پر ہلکے براؤن سے داغ بھی تھے پلس 200 سے ٹھیک ہوئی۔

بچوں کے چہرے کا ایگزیما رسٹاکس سے ٹھیک ہو جاتا ہے۔

بچے کی پیدائش کے بعد زچہ کے بال گرنے لگیں تو کاربو ویج دوا ہوتی ہے۔

منہ سے بدبو آتی ہو تو میں اکثر علامات نہیں لیتا مرک سال 30 پلس 30 آرم میٹ 30 کا کمپاؤنڈ دے دیتا ہوں چار روز میں ہی بو غائب ہو جاتی ہے۔

اگر مریض کو خود منہ سے بدبو آتی ہو تو سورائینم 200 کی ایک خوراک کافی ہے۔

اگر دانتوں سے مسوڑھے علیحدہ ہو جائیں تو کاربو ویج سے بھی آرام آجاتا ہے اور پلس سے بھی۔

---

20 سالہ لڑکے کو کھانا کھانے کے بعد قے ہو جاتی تھی۔ فیرم میٹ 200 سے ٹھیک ہوا۔

---

28 سالہ نوجوان نے بتایا کہ وہ جب بھی اپنی بیوی سے "ہمبستری" کرتا ہے اس کا دل دھک دھک کرنے لگتا ہے ڈیجی ٹیلس 30 سے ٹھیک ہو گیا۔

پرانی بدہضمی کے مریض جو ہر وقت ڈکاریں لیتے رہتے ہیں ڈکاریں عموماً کھٹی ہوتی ہیں نیٹرم کارب علاج ہوتا ہے۔

جوڑوں کے درد میں مبتلا مریض کو برائی اونیا 200 دی ایک ہفتہ بعد مریض آیا تو کہنے لگا " ڈاکٹر صاحب میرے جوڑ کانچ جیسے ہو گئے ہیں " تھوجا IM سے درد جاتا رہا۔ مجھے ابھی تک سمجھ نہیں آئی کہ سوزاکی کیفیت میں برائی اونیا کا کیا رول ہے؟ بہر حال برائی اونیا میں گرمی کے درد بھی پائے جاتے ہیں اور سردی کے بھی۔

میں نے آج تک نائیٹرک ایسڈ کا مریض گورا نہیں دیکھا۔

سلفر میں مذہبی جنون پایا جاتا ہے اگر مریض مذہبی جنون کے ساتھ باتونی ہو تو ویریٹرم

البم دوا ہوتی ہے۔

ایک 20 سالہ لڑکی کو اس کے گھر جا کر دیکھا۔ اسے بخار تھا۔ پورے جسم پر صرف بائیں جانب پسینہ تھا جبکہ دائیں جانب خشک تھی۔ گھر والوں نے اسے موسم گرما میں بھی لحاف اوڑھا رکھا تھا۔ ان کا خیال تھا کہ اس طرح کھل کر پسینہ آ جائے گا۔ لائیکو 200 کی ایک خوراک سے آدھے گھنٹہ میں سارے جسم پر پسینہ آ گیا اور بخار اتر گیا۔

سردی سے رونگٹے کھڑے ہوں تو جیلسی دیکھیں۔

مرد کا پیٹ بڑھے تو نکس دے دیں بچے کا پیٹ بڑھے تو سیلیشیا دیکھیں۔

45 سالہ مریضہ کو اکثر نکسیر پھوٹتی رہتی۔ ارجنٹم نائٹ Im سے ٹھیک ہوئی۔

---

70 سالہ بوڑھے نے بتایا کہ وہ افیون نہیں کھاتا جبکہ لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ وہ "نشہ" کرتا ہے۔ قبض بھی رہتی ہے۔ ہر وقت نیند اور غنودگی کا غلبہ بھی رہتا ہے۔ اوپیم 200 سے نارمل ہوا۔

ہائی بلڈ پریشر میں مبتلا مریض درد سر کی شکایت کرتے ہیں آپ علامات لیتے ہیں تو آپ پر یہ واضح نہیں ہوتا کہ سر درد کس قسم کا ہے۔ آپ گلونائن Q کا ایک قطرہ اپنی زبان پر ڈال لیں پانچ منٹ بعد آپ کو اندازہ ہو جائے گا کہ ہائی بلڈ پریشر میں کسطرح کا سر درد ہوتا ہے۔

جنسی خواہش دبنے سے سر درد ہو تو پلس سے بھی آرام آ جاتا ہے۔

---

35 سالہ مریضہ نے بتایا کہ اس کے دائیں کندھے اور بازو میں درد ہوتا ہے رات کو بستر میں اسقدر درد بڑھ جاتا ہے کہ بازو اٹھانا بھی دشوار ہوتا ہے۔ سینگو نیریا 200 سے ٹھیک ہوئی۔

پاؤں بھیگنے سے حیض رک جائے تو پلس دوا ہوتی ہے اگر پاؤں گیلا ہونے سے بائی کی دردیں ہونے لگیں تو نکس موشکاٹا دوا ہوتی ہے۔

بس ہاکر جو ساری عمر اپنے گلے کا بری طرح استعمال کرتا رہا تھا آرنیکا 6 سے ایک ماہ میں اس کا گلا ٹھیک ہوا اور آواز نکھر گئی۔

ابراٹنیم انتقال مرض کو سمجھنے میں بڑی مدد دیتی ہے۔

"سانپ کا کاٹا سوتے اور بچھو کا کاٹا روتے" یہ بڑی پرانی کہاوت ہے۔ بچھو کاٹے میں آپ لیڈم دیتے ہیں اگر درد کی انتہائی شدت ہو تو آرسینک البم 200 کی ایک خوراک دے کر دیکھیں۔ اگر گرم پسینہ ہو تو مرک دیں۔

مرطوب موسم میں آواز بیٹھ جائے تو ڈلکامارا سے آرام آجاتا ہے۔

ڈسٹ الرجی کے حوالے سے یہ یاد رکھیں کہ اگر جلد متاثر ہو تو کلکیریا کارب دوا ہوتی ہے۔ اگر سانس متاثر ہو تو بروميم دوا ہوتی ہے۔ اگر دمہ ہو جائے تو پوتھوز دوا ہوتی ہے۔

اکثرینگ ڈاکٹرز کے پاس عورتیں اپنے بچوں کو علاج کی غرض سے لاتی ہیں اور

ینگ ڈاکٹرز کے لئے بچوں کا علاج بھی ایک مسئلہ ہوتا ہے کیوں کہ بچے علامات نہیں دیتے لہذا ینگ ڈاکٹرز اپنے سنیئر ڈاکٹرز کو زحمت دیتے ہیں لیکن سینئر حضرات ان کی حوصلہ افزائی نہیں کرتے۔ میں سوچ رہا ہوں کہ کیوں نہ بچوں کے امراض و علاج پر ایک کتاب لکھ دوں۔

مرغن غذاؤں سے ہونے والی بدہضمی میں پلس دیتا ہوں۔

کالی کھانسی میں ڈروسرا، اپی کاک اور پرٹوسن کا پلہ بھاری ہے بچوں کا علاج کرتے وقت سائنا کو مد نظر رکھا کریں۔

آپ نے دیکھا ہو گا کہ بعض عورتیں بچے کی پیدائش کے بعد موٹی ہو جاتی ہیں گریفائیٹس ہوتی ہیں۔

جو سلائی کڑھائی کا کام کرتی ہیں۔ نظر کمزور ہو۔ درد سر رہتا ہو ایسا عموماً ان عورتوں میں دیکھنے میں آتا ہے۔ میں عموماً نیٹرم میور 30 ۔ روٹا 30 ارجنٹم نائٹ 30 کا کمپاؤنڈ دے دیتا ہوں اور ان سے پیسے نہیں لیتا۔ کیوں کہ ایسی عورتوں کی میں دل سے قدر کرتا ہوں۔ یہ کسی کے آگے ہاتھ نہیں پھیلاتیں۔ بلکہ معاشی بدحالی کی وجہ سے اپنی صحت برباد کر لیتی ہیں۔

ایک نوجوان لڑکی دمہ میں مبتلا تھی۔ اس نے بتایا کہ اس کے پیٹ میں گیس زیادہ ہوتی ہے تو سانس میں دقت پیدا ہو جاتی ہے کاربو ویج 30 سے آرام آیا۔

---

16 سالہ لڑکے نے ہیضہ کے لئے بنی ہوئی پھکی کھالی۔ غالباً اس نے زیادہ مقدار

میں کھالی تھی۔ بستر سے کچھ چنتا ہوا بے ربط اور ناقابل فہم گفتگو کر رہا تھا۔ گھر والے پریشان تھے۔ کپڑے اتار کر ننگا ہونا چاہتا اور بکواس بھی کرتا۔ میں نے ہائیوسائیمس IM کی ایک خوراک دی لیکن افسوس کہ اس کے والدین اسے ہسپتال لے گئے اور میں رزلٹ نہ دیکھ سکا۔ حکیم صاحب نے 25 - 20 اجزاء ملاکر "پھکی" تو بنا لی لیکن یہ نہ دیکھا کہ دوا کا مزاج اجوائن خراسانی والا بن گیا ہے۔

سن یاس میں بعض عورتوں کے بال گرنے لگتے ہیں۔ ایسی عورتیں عموماً مزمن سر درد کی مریض بھی ہوتی ہیں۔ سیپیا دونوں مسئلوں کا حل ہے۔

ایک عورت نے بتایا کہ وہ عجیب بیماری میں مبتلا ہے۔ وہ جب بھی پاخانہ کرتی ہے شرمگاہ سے خون آ جاتا ہے۔ لائیکو 30 سے ٹھیک ہوئی عورت کی ساخت لائیکو کی تھی۔ یعنی اوپری جسم دبلا اور رانیں موٹی۔

شادی شدہ لوگ اگر بعد از جماع چائنا 3x کی ایک خوراک لے لیا کریں تو کبھی ضعف باہ کی شکایت نہ کریں گے۔

آپ نے دیکھا ہوگا کہ سر درد میں مبتلا بعض عورتیں اپنے سر کو دوپٹے سے کس کر باندھ رکھتی ہیں۔ آپ کو اس قسم کا کیس ایپس۔ پلس اور ارجنٹم نائٹ میں ہی مل جائے گا۔

شدید قسم کے اعصابی دردوں میں جب دوسری دوائیں ناکام ہو جائیں تو کاسٹی کم پر دھیان دیں۔

Dysentery میں کرچی Q ، مرک کار 30 ۔ نکس 30 ۔ کالو سنتھ 30 کا کمپاؤنڈ اچھا رزلٹ رکھتا ہے۔

ایک عورت اپنے دو سالہ بچے کو لیکر آئی۔ بچے کو اسہال لاحق تھے اور مسلسل ابکائیاں بھی آ رہی تھیں۔ میں نے پوچھا پانی کسقدر پیتا ہے؟ کہنے لگی پانی نہیں مانگتا۔ پوڈو 200 سے نارمل ہوا۔

ایک لوہار کو سر درد نے پریشان کیا ہوا تھا۔ اس نے بتایا کہ یوں معلوم ہوتا ہے جیسے کوئی ودان (بڑا ہتھوڑا) مار رہا ہو۔ میں نے پوچھا اس صورت میں وہ کیا کرتا ہے؟ کہنے لگا چلنے پھرنے لگتا ہوں تو کچھ سکون ہوتا ہے فیرم میٹ 200 سے ٹھیک ہوا۔

---

30 سالہ مریضہ نے بتایا کہ وہ صبح جب ہاتھ منہ دھوتی ہے تو سارے جسم پر چھپاکی نکل آتی ہے۔ جوں جوں دھوپ آتی ہے چھپاکی غائب ہو جاتی ہے۔ شام کو پھر برتن دھوتے وقت سارے جسم پر چھپاکی نکل آتی ہے۔ اگر لحاف اوڑھ لے اور جب جسم گرم ہو جائے تو چھپاکی جاتی رہتی ہے۔ آرسینک البم IM سے دوبارہ چھپاکی نمودار نہیں ہوئی۔ چھپاکی کے وقت مریضہ جن کپڑوں میں ہو اگر انھیں سنبھال کر رکھ لیا جائے تو چھپاکی کے کسی دوسرے مریض کو وہ کپڑے پہنانے سے چھپاکی ٹھیک ہو جاتی ہے۔

بچوں کے سوکھا پن میں اگر بچے کی گردن پتلی ہو تو آپ نیٹرم میور دیتے ہیں۔ اگر گردن پتلی ہو جلد جھری دار ہو اور تہہ دار تہہ لٹکی ہوئی ہو تو سارسپریلا دوا ہوتی ہے۔

شدید پیٹ درد میں مبتلا مریض آئے اور آپ کے پاس علامات لینے کا وقت نہ ہو تو آپ کالوسنتھ 200 ۔ بیلاڈونا 200 ۔ میگ فاس 200 کا کمپاؤنڈ دے دیں۔

دائیں گردے میں درد ہو تو لائیکو پوڈیم بھی دوا ہوتی ہے اور اوسمیم کین بھی۔ بائیں گردے میں درد ہو تو بربرس ولگرس بھی دوا ہوتی ہے اور ٹو بیکم بھی اگر دونوں گردوں میں

درد ہو تو کینتھرس پر غور کریں۔

اگر عضلات پر چوٹ لگے تو آرنیکا دیں یا بیلس۔ اگر چوٹ سے پٹھے متاثر ہوں تو رسٹاکس دیں۔

اگر بچہ دن کو چلاتے اور روتا رہے تو لائیکو پوڈیم دوا ہوتی ہے۔

بالائی ہونٹ سوج جاتے ہیپر سلف دیں۔ اگر نچلا ہونٹ سوجا ہوا ہو تو سیپیا دوا ہوتی ہے اگر دونوں ہونٹ متورم ہوں تو ایپس اور بیلا ڈونا پر غور کریں۔

Pneumonia میں ایکونائٹ۔ برائی اونیا۔ فیرم فاس۔ کالی میور۔ انٹم ٹارٹ۔ فاسفورس اور کالی کارب اچھی دوائیں ہیں۔ آپ صرف ایک خوراک نیومو کاکسی نم 200 دے کر دیکھیں۔

جیسا کلکیریا فاس کا زکام ہوتا ہے ویسا ہی کلکیریا فاس کا لیکوریا ہوتا ہے۔ لیکوریا اور زکام میں بھی Metastasis ہو سکتا ہے۔

25 سالہ لڑکی نے بتایا کہ اسے چھاتی میں گھٹن محسوس ہوتی ہے۔ میرے ذہن میں کیکٹس آئی لیکن میں نے مریضہ کی ساخت کو مد نظر رکھتے ہوئے فاسفورس 200 دے دی اور پہلی خوراک سے ہی افاقہ شروع ہو گیا۔

اگر آپ کے پاس آنے والا مریض کافی پینے کا عادی ہو تو ممکن ہے کہ اسے انگسٹورا کی ضرورت ہو۔

حاملہ عورتوں میں عجیب و غریب اشیاء کھانے کا رجحان پایا جاتا ہے۔ کلکیریا کارب سے بھی آرام آ جاتا ہے اور ایلومینا سے بھی۔

قاتلوں کی ذہنیت جاننے کیلئے نکس۔ ہیپر سلف اور پلاٹینا کی ذہنیت جاننا ضروری ہے۔ (کروکس بلاوجہ خوش رہتا ہے سیٹیاں بجاتا ہے اور گانے گاتا ہے۔)

آپ نے دیکھا ہو گا کہ بعض بچوں میں ایک کی جگہ دو دو دانت نکل رہے ہوتے ہیں سفلینم پر غور کریں۔

بھڑ کاٹ لے یا بچھو نے ڈنگ مارا ہو لیڈم Q مقام متاثرہ پر لگائیں۔

بے معنی۔ بے ہودہ اور بے بنیاد وہم اور خیالات کینابس انڈیکا کو طلب کرتے ہیں۔

زبان کے فالج میں کاسٹی کم عمدہ دوا ہے۔ زبان کے سرطان میں کالی سایا نیٹم اچھی دوا ہے جبکہ زبان کے رینولا میں تھوجا۔ مرک سال اور کلکیریا کارب مفید دوائیں ہیں۔

ہڈیوں میں درد ہوتا ہو تو آپ یوپا ٹوریم دیتے ہیں فاسفورس بھی دیکھ لیا کریں۔

سر کی سکری کو کالی سلف سے بھی آرام آ جاتا ہے اور آرسینک البم سے بھی۔

جگر کے سرطان میں کولسٹرنیم 6x عمدہ رزلٹ رکھتی ہے۔

آپ کے پاس جب بانجھ پن میں مبتلا عورت آتے تو بوریکس۔ نیٹرم میور اور کونیم

بھی دیکھ لیا کریں۔ (دانتوں کو ٹھنڈا بھی لگے اور گرم بھی تو مرک سال دے دیتا ہوں۔)
یہ تو آپ جانتے ہیں کہ سلفرا اپنے خیالات میں گم رہتا ہے لیکن یہ بات بھی یاد رکھیں
کہ سلفرا اپنی بے عزتی نہیں بھولتا۔

زبان کانپتی ہو تو آپ کے ذہن میں لیکس آتی ہے مرک سال بھی دوا ہوتی ہے۔

---

16 سالہ لڑکی نے بتایا کہ چند یوم سے اسکا سر سن ہے پلاٹینا سے ٹھیک ہوا۔
کلکریا فاس سے بھی آرام آجاتا ہے۔

زبان پر نیلگوں تہہ ہو تو جمنو کلیڈس دوا ہوتی ہے۔

اگر نومولود بچہ یرقان میں مبتلا ہو تو لوپولس اور کیمومیلا کو بھی دھیان میں رکھیں۔

بچوں کی خشک کھانسی میں فیرم فاس 30 مفید رہتی ہے۔

بجلی کے صدمہ میں اگر آپ فاسفورس دیتے وقت ہچکچاہٹ محسوس کریں تو مارفینم
دے دیں۔ یہ ایک مریض کی دو مفرد ادویات ہیں اور آپس میں ضد ہیں۔

کئی ہومیو پیتھ ہائیڈرو کو ٹائیل کو پھلبہری (برص) کیلئے مفید خیال کرتے ہیں
آرسینک سلف فلیوس اور نیٹرم میور بھی دیکھ لیا کریں۔

کئی بچوں اور لڑکیوں کے چہرے پر سفیدی مائل سے داغ ہوتے ہیں۔ سلفر۔
کلکیریا کارب اور لائیکو پوڈیم میں ہی کیس حل جاتا ہے۔

کاربو میٹ خود پسند ہوتا ہے۔ پلاٹینا مغرور اور متکبر ہوتا ہے حلیم الطبع اور نازک مزاج لوگ پلس ہوتے ہیں۔ سلفر اور ویریٹرم البم مذہبی جنون رکھتے ہیں۔ پلس۔ سیپا اور لائیکو حریص بھی ہوتے ہیں اور بخیل بھی۔ امبرا اور کو کا شرمیلے ہوتے ہیں۔ کروکس اور کافیا خوش مزاج ہوتے ہیں۔ ہایو سائیمس شکی ہونے کے ساتھ ساتھ بے شرم اور بے حیاء ہوتا ہے۔ ارجنٹم نائٹ اور ٹرنٹولا مکار ہوتے ہیں۔ سٹرامونیم باتونی ہوتا ہے۔ ایپس اور لیکس حاسد ہوتے ہیں۔ برائی اونیا بد مزاج ہوتا ہے۔ کیمو میلا اور نکس چڑچڑا مزاج رکھتے ہیں۔ بیلا ڈونا تندو تیز مزاج کا حامل ہوتا ہے کلکیریا کارب اور سفلینم ظالم ہوتے ہیں۔ کالی آئیوڈائیڈ بے رحم ہوتا ہے۔ کیمو میلا اور لائیکو حساس ہوتے ہیں۔ آرم میٹ مایوس ہوتا ہے۔ اگنیشیا مغموم ہوتی ہے۔ سی سی فیوگا اور نیٹرم میور مغموم بھی ہوتے ہیں اور اداس بھی۔ اگر مغموم اور اداس مریض رونے کی رغبت بھی رکھتا ہو تو آرم میٹ نہیں بلکہ پلس دوا ہوتی ہے اگر مغموم ہو اداس ہو اور مدقوقانہ حلیہ رکھتا ہو تو سٹینم دوا ہوتی ہے۔

عورتوں کے چہرے پر بال ہوں تو میں سب سے پہلے تھوجا اور میڈھورنیم پر دھیان دیتا ہوں۔

مریض "بغل گند" میں مبتلا ہو تو سیلیشیا سے آرام آجاتا ہے۔

نومولود بچے کی آنکھ سے پانی بہتا ہو تو مائیں بچے کی آنکھ میں عرق گلاب ڈالتی رہتی ہیں۔ نیٹرم میور سے بھی آرام آجاتا ہے اور سلیشیا سے بھی۔

نفاس کا خون نہ آتا ہو یا کم آتا ہو تو کالو فائیلم 200 بھی مفید ہوتی ہے اور پلس بھی۔ برائی اونیا بھی رکے ہوئے مواد کو جاری کر دیتی ہے۔

تین سالہ بچے کے پیٹ میں شدید درد ہوتا تھا۔ میں نے بچے کی والدہ سے پوچھا کہ جب اسے درد ہوتا ہے تب کیا کرتا ہے۔ کہنے لگی پیٹ سے کپڑا اوپر اٹھالیتا ہے لیکس سے مسئلہ حل ہوگیا۔

سنگرہنی کے لیے میرے ذہن میں فوراً اپی کاک۔ فیرم میٹ۔ چائنا۔ مرک کار۔ کالو سنتھ۔ ٹرامبیڈیم اور فریکیریا گھوم جاتی ہیں۔

وہمی مریضوں کا علاج کرتے وقت سیلیشیا بھی دیکھ لیا کریں۔

سی سی فیوگا اور سیپا بیوی سے نباہ کرنا بڑے دل گردے کا کام ہے۔ یہ دونوں Giving Hand جلال ہوتی ہیں۔ خود اپنے اندر گھس کر لاپرواہ ہو جاتی ہیں اور خاوند سے کہتی ہیں کہ وہ محنتی بھی بنے اور اچھا بھی بنے۔ فیوگا کو تو ماہواری کو خون نکالتے ہوئے بھی تکلیف ہوتی ہے۔

ایک نوجوان لڑکی جب بھی دودھ پیتی اس کا منہ کڑوا ہو جاتا، فاسفورس 200 سے نارمل ہوتی۔

موسم خزاں اور موسم بہار میں کالی کھانسی میں مبتلا بچہ آئے تو ایک نظر وریڈم البم پر بھی ڈال لیں۔

موسم بہار میں ایلم سیپا۔ لیکس۔ جیلسیمیم اور کلکیریا فاس کو دھیان میں رکھیں۔

جگہ بدلنے والے دردوں میں بنزوئک ایسڈ۔ کالمیا۔ کالو فا تیلم۔ لیک کین اور پلساٹیلا

دیکھ لیا کریں۔

گلا دکھنے کی پرانی تکلیف میں نائیٹرک ایسڈ پر ایک نظر ڈال لیں۔

---

20 نوجوان لڑکی نے بتایا کہ اسے جب بھی حیض آتا ہے تو اس کا جسم سرد ہو جاتا ہے۔ سلیشیا سے نارمل ہوئی۔

پیٹ کے اپھارے میں مبتلا مریض نے بتایا کہ وہ جب چلتا ہے تو اس کا پیٹ پھول جاتا ہے کروٹن سے آرام آیا۔

انگلیوں کے سرے سن ہوں تو آگزالک ایسڈ دوا ہوتی ہے اگر انگلیوں میں جلن ہوتی ہو تو ایپس دے دیں۔

اگر کوئی مریضہ آپ کو بتائے کہ اسے چوتڑوں میں درد ہوتا ہے تو آپ کو بربرس سیمی سی فیوگا اور آگزالک ایسڈ میں کیس مل جائے گا۔

کھانسی میں مبتلا مریض نے بتایا کہ وہ جب کھانستا ہے تو مقصد میں چبھن ہوتی ہے لیکس 200 سے ٹھیک ہوا۔

"والی بال" سرگودھا کا ایک علاقائی کھیل ہے۔ والی بال کے ایک کھلاڑی نے یہ شکایت بیان کی کہ جب وہ گیم کرتا ہے تو اس کے سارے بدن پر چھپاکی نکل آتی ہے۔ نیٹرم میور 200 سے ٹھیک ہوا۔

گلے میں جلن دار درد ہوتا ہو تو کلکیریا کارب۔ کینتھرس۔ مزیدیم دوائیں ہوتی ہیں

ایپس کین بھی دیکھ لیا کریں۔

کھانسی میں مبتلا مریض کھانستے کھانستے پسینے سے شرابور ہو جاتا تھا مرک سال Im سے چار یوم میں نارمل ہوا۔

ہونٹوں کی جلن کو امونیا میور 30 سے آرام آ جاتا ہے۔

مارچ کے پہلے ہفتے میں اچانک قے اور اسہال میں مبتلا بچے آنے لگے۔ دودھ کی قے اور پانی کی طرح پتلے اسہال تھے کسی کو ایتھوزا سے آرام آیا کسی کو کلکیریا کارب سے اور کئی ڈلکامارا سے ٹھیک ہوتے۔

ایک موٹی تازی تھل تھل کرتی ہوئی مریضہ نے بتایا کہ اس کے گھٹنے ٹھنڈے ہو جاتے ہیں۔ کاربو ویج سے ٹھیک ہوئی۔

دبلے پتلے مریض نے بتایا کہ اس کے پٹھ کمزور ہیں اور گلا بھی درد کرتا ہے۔ میں نے گلے کا معائنہ کیا تو گلا سرخ تھا۔ میں نے قبض کے متعلق پوچھا تو کہنے لگا کہ پاخانہ تو نرم ہوتا ہے لیکن جب پاخانہ آتا ہے تو جلن ہوتی ہے۔ میں نے نیند کا پوچھا تو اس نے بتایا کہ مجھے خطرناک اور خوفناک خواب آتی ہیں سلفر 200 دے دی۔

بیمار آدمی کے کان اس کے سب سے بڑے دشمن ہوتے ہیں۔

Erythritis میں لیتھم کارب اور سٹکٹا کو بھی دیکھ لیا کریں۔

جب موسم تبدیل ہو رہا ہو ان دنوں خشک کھانسی عام ہوتی ہے فاسفورس 30 سے

آرام آ جاتا ہے۔

دودھ پینے سے اسہال لگ جائیں تو سیپیا سے بھی آرام آ جاتا ہے اور نیٹرم کارب سے بھی۔ اگر دودھ پینے سے کھٹے ڈکار آنے لگیں تو نکم میٹ دوا ہوتی ہے جبکہ دودھ سے ہونے والا اپھارہ کاربو ویج سے ٹھیک ہو جاتا ہے۔

Bed Sores میں آرنیکا۔ بوریکس اور روٹا کو مد نظر رکھیں۔

موسم سرما کی خشک اور پریشان کن کھانسی میں ڈلکامارا دے کر دیکھیں۔

اینتھیم بھی ظالم ہوتا ہے اور انا کارڈیم بھی۔

مزمن پیچش میں مبتلا مریض کو آپ کتنی ادویات استعمال کروا چکے ہوں اور افاقہ نہ ہو رہا ہو تو سلفر 200 دے کر دیکھیں۔

بوڑھے لوگوں کی کھانسی میں امونیا کارب بھی دیکھ لیا کریں۔

وریٹرم البم مذہبی باتیں تو کرتا ہے لیکن عاشقانہ مزاج رکھتا ہے عیاش ہوتا ہے اور شہوت پرست ہوتا ہے۔

کیا آپ پہلی نظر میں پلس اور گریفائی ٹس عورت میں تمیز کر سکتے ہیں؟ گریفائٹس Depressive ہو گی اور پلس Irritable

---

گلا خشک بھی ہو اور اس پر درد بھی تو فائیٹولاکا سے بھی آرام آ جاتا ہے اور ایلومینا

سے بھی کالی کارب کو بھی ذہن میں رکھیں۔

کالی کھانسی میں مبتلا بچہ جسکا کافی ہومیو پیتھک علاج بھی ہو چکا تھا۔ اس کے والد نے بتایا کہ جب بچے کو کھانسی کا دورہ ہوتا ہے تو اسکی آنکھوں سے آنسو جاری ہو جاتے ہیں نیٹرم میور 30 سے ٹھیک ہوا۔

ٹائیفائیڈ کے بعد ہاضمہ کمزور ہو تو کاربو ویج دے دیں۔

موسم گرما کے نزلے کو آرسینک آیوڈائیڈ 30 سے آرام آ جاتا ہے۔

شرمیلی، چڑچڑی لیکن غمگین اور پست ہمت لڑکیاں کالی فاس ہوتی ہیں۔

بچے کا پیشاب کپڑے کو سرخ کر دے تو آپ کے ذہن میں لائیکو پوڈیم آتی ہے یا بوسائی مس بھی دوا ہوتی ہے۔

بچوں کے آدھے سر کے درد میں کاربالک ایسڈ بھی دیکھ لیا کریں۔

ایک ماہ کے بچے کی ناف سے بدبودار پیپ آتی تھی آرسینک البم 30 سے ٹھیک ہوا۔

دہشتناک قسم کا سر درد جس کے ساتھ ہائی بلڈ پریشر بھی ہو تو نیٹرم میور کی طرف دھیان دیں۔

پوٹینسی کے ساتھ ساتھ اگر آپ دوا کی دوہرائی بھی جان جائیں تو جلد کامیاب ہو جائیں۔

---

60 سالہ مریضہ نے بتایا کہ اسے خشک کھانسی نے بہت تنگ کیا ہوا ہے۔ مریض زیادہ تھے اور میں مریضوں کو فٹافٹ فارغ کر رہا تھا ان دنوں سپونجیا کی کھانسی میں مبتلا مریض زیادہ آ رہے تھے میں نے اسے بھی دو یوم کیلئے سپونجیا 200 دے دی۔

تیسرے یوم مریضہ آئی تو اس نے بتایا کہ کھانسی کو تو کچھ آرام ہے لیکن اب دل دھڑک رہا ہے۔ یہ بات سن کر میں چونکا۔ معلوم ہوا کہ دو تین سال سے کبھی کھانسی ہو جاتی ہے اگر کھانسی کو آرام آئے تو دل دھڑکنا شروع کر دیتا ہے اگر دل کی دھڑکن کو آرام آتے تو کھانسی زیادہ ہو جاتی ہے۔ میں نے پوچھا کہ چلتے وقت دھڑکن کیسی ہوتی ہے۔ کہنے لگی پیدل چلنے سے دھڑکن بڑھ جاتی ہے۔ ناجا Im سے نارمل ہو گئی۔ اصل دوا تھی ہی ناجا۔ سپونجیا نے صرف Palliate کیا تھا۔

ایک مریض کو رات سوتے وقت جھٹکے لگتے تھے صبح جاگنے پر سر درد ہوتا تھا پیشاب زیادہ اور بار بار آتا تھا کبھی کبھی قے بھی ہو جاتی تھی دن میں چار پانچ مرتبہ تھوڑا تھوڑا پاخانہ کرتا۔ نکس وامیکا 200 سے ٹھیک ہوا۔

---

30 سالہ مریضہ نے بتایا کہ اس کا گلا خراب رہتا ہے صبح کے وقت بہت کمزوری محسوس ہوتی ہے گلے سے چپ چپی سی بلغم خارج ہوتی ہے میں نے دریافت کیا کہ اس کا گلا کس چیز سے خراب ہوتا ہے کہنے لگی ٹھنڈی ہوا سے۔ فاسفورس سے نارمل ہوئی۔

ایک لڑکی ناخنوں کے نیچے درد ہوتا تھا سارسپریلا 30 سے ٹھیک ہوئی۔

بچے دودھ پیئیں اور قے کر دیں تو آپ فوراً ایتھوزا کی طرف دھیان دیتے ہیں۔ ماں کی بدہضمی کی وجہ سے بچے جمے ہوئے دودھ کی قے کریں تو پلسٹیلا دوا ہوتی ہے۔

ہایوسائیمس کے ناکام ہونے پر لائی سین کام کرتی ہے۔

قبض میں مبتلا تین ماہ کی بچی جس کی مقعد کے گرد سرخ چھالے تھے۔ میڈہورینم 200 کی ایک خوراک سے اس کی قبض بھی جاتی رہی اور چھالے بھی ٹھیک ہو گئے۔ اب بتائیں کہ بچے میں کونسا میازم گھس آیا؟

موسم گرما میں تیز بخار میں مبتلا بچہ جسے سبزی مائل پانی جیسے دست آتے تھے برائی اونیا 200 سے ٹھیک ہوا۔

"کھچرالی" میں ہیپر سلف بھی دیکھ لیا کریں۔

بار بار پھوڑے نکلنے کی عادت میں پائیروجینم Im کی ایک خوراک دے کر دیکھیں۔

تین چار ماہ سے خشک پلیوریسی میں مبتلا مریض کی بھجن دار دردوں کو کاربوینی 200 سے آرام آیا۔

---

18 سالہ کنواری لڑکی کا کئی ماہ سے منہ پکا ہوا تھا۔ علامات نائیٹرک ایسڈ کی طرف اشارہ کرتی تھیں میں نے ارجنٹم نائٹ Im دے دی۔ تیسرے یوم لڑکی کی بجائے اس کی والدہ آئی اور بتانے لگی کہ لڑکی کا منہ تو ٹھیک ہے لیکن اس کی "شرم گاہ" پک گئی ہے۔ منہ اور ویجائنہ کے حیران کن Metastasis پر غور کریں۔ اس طرح کے حادثات

بڑی راہیں دکھاتے ہیں۔ ارجنٹم نائٹ کو Antidote کریں۔ کیا ڈاکٹر گلزار احمد غلط کہتا ہے کہ انسانی جسم سانس اور بھو پر مشتمل ہے؟

بچوں کی ہچکی کو نکس وامیکا 30 سے بھی آرام آجاتا ہے۔

پیشاب آنے سے کمر درد کو آرام آئے تو لائیکو پوڈیم دے دیں۔

دائیں پستان میں درد ہوتا ہو تو سینگو نیریا سے آرام آجاتا ہے بائیں پستان میں درد ہوتا ہو تو سمی سی فیوگا سے آرام آجاتا ہے اگر دونوں پستان درد کرتے ہوں تو کونیم بھی دیکھ لیں۔

سلفر اور لیکس کا مرض نیند کے بعد شدت اختیار کرتا ہے کاکولس سوتے ہوتے سے بے وقت جاگنے پر زیادہ تکلیف محسوس کرتا ہے۔ جبکہ فاسفورس اور سیپیا کو سونے سے مرض میں افاقہ معلوم ہوتا ہے۔

موسم گرما میں آپ کے پاس اسہال میں مبتلا بچے آتے ہیں۔ اگر پاخانے سفید رنگ کے ہوں تو آپ کو کیس پیلا ڈونا۔ کلکیریا کارب۔ پوڈو فائیلم اور ہیپر سلف میں مل جائے گا۔

لیک کین کی دودھ کی زیادتی کے حوالہ سے کیا ہم مادہ خرگوش پر غور کرسکتے ہیں؟ اس کے بچے بھی زیادہ ہوتے ہیں اور دودھ بھی۔

تیز دھوپ میں پھرنے سے سر درد ہو جائے تو گلونائن 30 کی ایک خوراک ہی کافی ہے اینٹم کروڈ کو بھی دیکھ لیں۔

اچانک ٹھنڈ لگنے سے ماں کا دودھ دب جائے تو ایکو نائیٹ 30 اور پلسٹیلا 30 Alternate کروادیا کریں۔

ایک مریضہ کے کانوں میں تیز ہوا چلنے کی آوازوں کو پٹرولیم CM کی ایک خوراک سے آرام آیا۔

بعض عورتوں کو لپ اسٹک سے الرجی ہوتی ہے تھائی رائیڈینم 1M کی ایک خوراک دے کر دیکھیں۔

درد شقیقہ میں آئرس ورسی کالر ناکام ہو جائے تو سائیکلیمن دے دیں۔

صبح کو گلا بیٹھے تو کاسٹی کم سے بھی آرام آجاتا ہے اور کلکیریا کارب سے بھی۔ اگر شام کو گلا بیٹھے تو کاربوویج دوا ہوتی ہے۔

مثانے میں کیڑا رینگنے کا احساس ہو تو سیلا ڈونا دے دیں۔

ایک بچے کی سوتے مین نکسیر پھوٹتی تھی رسٹاکس 200 سے ٹھیک ہوا مرک سال بھی دوا ہوتی ہے۔

سناراو پیم ہوتے ہیں۔

چہرے کے سادہ دانوں میں کالی بروم اچھی دوا ہے۔

نزلہ میں ناک بند ہو جائے تو لائیکو 30 دے دیں۔

بچے دن کو روئیں تو لائیکو پوڈیم دیں۔ رات کو روتے ہوں تو جلاپہ دوا ہوتی ہے۔ اگر بچہ دن رات روتا رہے تو سورا ئنیم 200 کی ایک خوراک دے کر دیکھیں۔

پیٹ میں کھانا کھانے کے بعد درد ہوتا ہو تو ایبس نائیگرا 30 آرام دیتی ہے۔

بچوں کے مزمن اسہال جن کے ساتھ قے بھی موجود ہو تو سب سے پہلے میڈہورینم 200 کی ایک خوراک دے کر دیکھیں۔

بچوں کی ذہنی نشوونما ہو رہی ہو تو آپ کو بریٹا کارب یاد آتی ہے تھوجا بھی دیکھ لیا کریں۔

اگر احتلام میں خون آمیز مواد آتا ہو تو مرک سال دوا ہوتی ہے۔

" داتا دربار" کا جیومیٹریکل پلان آرسنک البم کا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ داتا صاحب میں تینوں میازم تھے۔

ایک مریضہ نے دل میں درد کی شکایت کی۔ اس نے بتایا کہ دونوں بازؤں میں درد ہوتا ہے۔ مریضہ کو ہلکا سا بخار بھی تھا میں نے پوچھا ایسا کب سے ہے؟ کہنے لگی جب سے حیض آیا ہے لیتھم کارب 30 دے دی۔

بخار میں مبتلا مریض سے آپ علامات لے رہے ہوں اور وہ اپنا بازو آپ کی میز پر رکھ کر اور سر ٹکالے تو علامات لینے کی ضرورت نہیں جیلسیمیم دے دیں۔ مئی کے بخار کی دوا بھی جیلسی میم ہے۔

سوزاک میں مبتلا عورت کا علاج کرتے وقت سیپیا اور کوپے وا کو ذہن میں رکھیں۔

ایک خوبصورت خدو خال رکھنے والی سانولے رنگ کی نوجوان لڑکی کے جسم پر بادامی رنگ کے دھبے ارجنٹم نائٹ IM سے جاتے رہے۔

ہائی بلڈ پریشر میں کریٹے گس Q، پیسی فلورا Q، راؤ ولفیا Q، گلونائن 3x کا کمپاؤنڈ بہترین کام کرتا ہے۔ اس کمپاؤند کے دس دس قطرے ایک کپ پانی میں ملا کر دن میں تین چار بار استعمال کروائیں۔ لیکن آپ کو مجھے بتانا ہوگا کہ یہ علاج بالمثل ہے یا بالضد۔

جوڑوں کے درد میں مبتلا عورت کو اس کے گھر میں جا کر دیکھا اسے 104 بخار بھی تھا میں نے سمی سی فیوگا Q کے پانچ پانچ قطرے پندہ پندرہ منٹ بعد پلائے ایک گھنٹہ بعد بخار 101 تھا۔

جو نوجوان لڑکا مشت زنی سے نجات کیلئے دوا لینے آئے اگر اس کے چہرے پر داغ بھی ہوں تو میں پیلس پرینس Q دے دیتا ہوں۔

گرینڈ یلیا، رسٹاکس کے زہر کا تریاق ہے جبکہ لیڈم بھی رسٹاکس کے زہر کو زائل کرتا ہے۔

او پیم کا زہر چڑھ جائے تو بالمثل کی رٹ لگانے والے بیلڈ ڈونا دے دیتے ہیں۔

مجھے " لکھی پڑھی " باتوں نے کئی بار شرمندگی سے دوچار کیا ہے۔ مقام شکر ہے کہ پاکستانی ہومیوپیتھس نے میٹریا میڈیکا مرتب نہیں کیا ورنہ نہ جانے ہومیو پیتھی کا کیا حال ہوتا۔ میں کسی بھی کتاب میں جب کوئی " حتمی " بات پڑھوں تو مجھے احساس ہو جاتا ہے۔

جب تک خود نہ آزمالوں میں اس بات کو ذہن میں رکھتا ہوں لیکن تسلیم نہیں کرتا۔

ایک شادی شدہ عورت نے " برتھ کنٹرول " کے لیے مجھ سے تعاون چاہا میرے ذہن میں پلسٹیلا اور نیٹرم میور آئیں جن کے متعلق میں نے کئی جگہ پڑھا تھا کہ یہ دونوں دوائیں اونچی طاقت میں " منصوبہ بندی " کیلئے مفید ہیں۔ میں نے اس عورت کو پلساٹیلا CM ایک خوراک حیض آنے سے ایک یوم قبل لینے کو کہا جبکہ نیٹرم میور CM حیض فراغت کے بعد لینے کو کہا۔ وہ یہ دو خوراکیں لے کر چلی گئی۔ تین چار ماہ تک وہ مجھ سے یہی دو خوراکیں لے جاتی رہی۔ ایک دن آئی تو روہانسی ہو کر بولی " ڈاکٹر جی تسیں تے مینوں مروا دتا میرا تے بندہ وی باہر ہوندا اے۔ ہاتے رباہن میں کی کراں " (ڈاکٹر صاحب آپ نے تو مجھے مروا ڈالا میرا خاوند تو بیرون ملک گیا ہوا ہے ہائے رباب میں کیا کروں)۔ ڈاکٹر گلزار احمد صاحب سے بحث و تمحیص کے بعد اب ایسی دواؤں سے توبہ کر لی ہے۔

میں نے پلسٹیلا اور نیٹرم میور کا تجربہ کرنے کیلئے اپنی تین مریضاؤں کو اعتماد میں لیا۔ ان تینوں کو ایک ایک خوراک پلساٹیلا CM حیض آنے سے ایک یوم قبل استعمال کروائی اور ایک ایک خوراک نیٹرم میور CM حیض سے فارغ ہونے کے بعد استعمال کروائی۔ پہلی عورت کو دوسرے ماہ ہی حمل ٹھہر گیا۔ دوسری عورت کو چوتھے ماہ حمل ہوا جبکہ تیسری ساتویں ماہ حاملہ ہو گئی۔ تھوہر ڈنڈا خام حالت میں عورت کو بانجھ کر سکتا ہے لیکن گھر میں بد بختی آ جاتی ہے۔ بہتر یہی ہے کہ عورتیں بچے جنیں۔ نوکریاں کرنے اور بیمار ہونے سے یہ کام آسان ہے۔

چوٹ لگنے کی مانند درد ہوں تو آرنیکا کے ساتھ ساتھ کونیم اور روٹا بھی دیکھیں۔

موسم خزاں کا زکام کا کس کیکلٹائی 30 سے ٹھیک ہو جاتا ہے۔

خانہ بدوش قبائل سورا ئینم ہوتے ہیں۔ مرد عورت کے حوالے سے دیکھیں تو عورتیں سیپا ہوتی ہیں اور " جھگی "میں بیٹھ کر مفت کی کھانے والے ان کے مرد سلفر ہوتے ہیں۔

شیر خوار بچوں کی مائیں اپنے گھروں میں "جنم گھٹی" رکھتی ہیں اور جب بچے کو قبض کی شکایت لاحق ہو تو استعمال کرواتی ہیں جو کام "جنم گھٹی "کرتی ہے وہی کام آپ او پیم اور ایلو مینا سے لے سکتے ہیں۔

آخری بات ! قارئین آپ کی ہر حرکت دوسرے پلڑے کو جاتی ہے اور اس کا آپ کو رد عمل وصول ہوتا ہے خواہ آپ اللہ کو مانیں یا نہ مانیں۔ آپ اپنے کیئے کے کریڈٹ کو کسی 11 ویں 12 ویں یا 13 ویں والی سرکار کے کھاتے میں ڈال دیتے ہیں۔ دونوں پلڑوں کا خالق اللہ ہے اس لئے رد عمل اللہ کی طرف سے وصول ہوتا ہے۔ کم علمی کی بنا پر آپ یہ سمجھ لیتے ہیں کہ صلہ کسی 11 ویں والی سرکار یا دیوتا کے وسیلے سے ملا ہے۔ آئندہ خالص اللہ کے بندے بن کر اپنے ماحول کو OUT PUT دیں۔ اسی OUT PUT کو اللہ نے کہا ہے " مجھے اچھا قرض دو۔"

انڈکس

الف

ب

کیا یہی آپ کی معاشرتی اقدار ہیں

داتا دربار کا جیومیٹریکل پلان آرسنک کا ہے۔ وہاں آرسنک کے مریضوں کو آرام آتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ داتا صاحب میں تینوں میازم موجود تھے۔ جن درباروں پر جانے سے مسے جھڑتے ہیں وہ تو پھر خالص سائیکوٹک ہوتے۔

جو بوڑھی خواتین ڈاکٹر کو بیٹا بیٹا کہہ کر اس کی کمر پر ہاتھ پھیرنے لگتی ہیں۔ ان کا کیس باؤلے پن کی ادویات میں مل جاتا ہے۔

بغیر آنسوؤں کے رونے والے اور زمین پر لیٹ کر ایڑیاں رگڑنے والے بچے سٹافی ہوتے ہیں۔

ڈکٹیٹرز کی اکثریت اناکارڈیم ہوتی ہے۔

سنار اوپیم ہوتے ہیں۔

اسٹاکسٹ :

انصاری انک ہاؤس۔ عزیز مارکیٹ 17- اردو بازار۔ لاہور